میلاد النبی
کے
بنیادی مقدمے

محفل نعت کے پُر مسرت موقع پر تحفہ

"عقیدت کے پھول"

اللہ تعالیٰ ہم سب کو رسول کریم ﷺ کی سیرت پر عمل کرنے کی توفیق دے۔ آمین!

نب علی ہجویری سٹوڈنٹس آرگنائزیشن فیروزوالہ

ALI HAJVEERI STUDENTS ORGINATIONS FEROZWALA

(نشرو اشاعت) شیخ سجاد شوکت

بسم اللہ الرحمن الرحیم
إِنَّ فِي هَٰذَا لَبَلَاغًا لِّقَوْمٍ عَابِدِينَ (١٠٦) الانبیاء
كُنْتُ كَنْزًا مَخْفِيًّا فَأَحْبَبْتُ أَنْ أُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ (الحدیث القدسی)
الحمد للہ کہ انوار اللمعات المحمدیۃ الحقہ کی
عید میلاد النبی ﷺ
کا
بنیادی مقدمہ
(۱)
یہ مقدمہ تفصیل عشق محمدی کا اجمال ہے
تو یہ مقدمہ انوار لمعات محمدیہ کا اجمال ہے
تصنیف لطیف جامع المعقول والمنقول حاوی الفروع والاصول
شیخ الحدیث ابو الفتح محمد نصر اللہ خان نصرہ اللہ تعالیٰ
جس کا حق الطبع بحق مصنف و اولاد مصنف محفوظ ہے۔ مصنف کا مختصر سوانح حیات آخر میں ملا دیا گیا ہے
باہتمام مصنف مطبع سروات پرنٹرز میں چھاپا گیا ہدیہ ۱۲۰۰ روپیہ

شیخ الحدیث ابوالفتح محمد نصر اللہ خان نصرہ اللہ تعالیٰ عنو

سابق رئیس دارالافتاء

ستره محکمة SUPREME COURT دولت اسلامیة

افغانستان

Shaikh-ul-Hadeeth

Abul Fath-e- Muhammed Nasrullah Khan

The Chief Jurist

of

Supreme Court of Afghanistan

فہرستِ کتاب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شیخ الحدیث ابی الفتح محمد نصر اللہ خان نصرہ اللہ تعالیٰ

تمہیدِ مجید و نویدِ مجید کی فہرست نیز سابقہ فہرست کا ضمیمہ

جس کو شیخِ طریقت، عالم و فاضل، قائل و فاعل، ولی و فاضل تقی و نقی ڈاکٹر پروفیسر جناب مسعود احمد سلّمہ اللہ الاحد فرزندِ لبیب حسیب و نسیب و تقی و نقی مظہر اللہ رحمۃ اللہ علیہ مفتی بجامع مسجد فتحپوری دہلی نے ترتیب دیا ہے، قرارِ ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہ و نصلی و نسلم علی رسولہ الکریم

سابقہ فہرست کا ضمیمہ:

(تمہیدِ مجید و نویدِ مجید کی) فہرست / جھلکیاں

چمن و چنان تمہارے لیے، بنے دو جہان تمہارے ہی لیے ۳

----- سرور کہوں کہ مالک و مولیٰ کہوں تجھے
باغِ خلیل کا گلِ زیبا کہوں تجھے ۶-۵

----- نارِ دوزخ کو چمن کر دے بہارِ عارض
ظلمتِ حشر کو دن کر دے نہارِ عارض ۷-۶

----- نقطۂ سرِّ وحدت پہ یکتا درود
مرکزِ دورِ کثرت پہ لاکھوں سلام ۸-۷

----- محمد مظہرِ کامل ہے حق کی شانِ عزت کا
نظر آتا ہے اس کثرت میں کچھ اندازِ وحدت کا ۸

----- جہاں کی خاک روبی نے چمن آرا کیا تجھ کو
صبا ہم نے بھی ان گلیوں کی کچھ دن خاک چھانی ہے ۹

----- انہیں کی بو مایۂ سمن ہے، انہیں کا جلوہ چمن چمن ہے
انہیں سے گلشن مہک رہے ہیں، انہیں کی رنگت گلاب میں ہے ۱۰-۹

----- وہی جلوہ شہر بشہر ہے، وہی اصلِ عالم و دہر ہے
وہی بحر ہے وہی لہر ہے، وہی پاٹ ہے وہی دھار ہے ۱۱-۱۰

----- ہے انہیں کے نور سے سب عیاں ہے انہیں کے جلوہ میں سب نہاں
بنے صبح تابشِ مہر سے رہے پیشِ مہر یہ جاں نہیں ۱۲-۱۱

----- جس کے جلوے سے احد ہے تابان معدنِ نور ہے اس کا دامان
ہم بھی اس چاند پہ ہو کر قربان دلِ سنگیں کی جلا کرتے ہیں ۱۳-۱۲

----- ملکِ خاصِ کبریا ہو، مالکِ ہر ماسوا ہو ۱۴

----- وہ کلس روضے کا چمکا سر جھکاؤ کج کلاہو ۱۵

----- راہِ عرفان سے جو ہم نادیدہ رو محرم نہیں
مصطفیٰ ہیں مسندِ ارشاد پر کچھ غم نہیں ۱۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الدین النصیحۃ للہ و لرسولہ و لائمۃ المسلمین و عامتہم۔ الحدیث صفحہ ۳۶۸ الی صفحہ ۳۷۰ فتوحات مکیہ یعنی دین وہی خیر خواہی تو ہے جو اللہ تعالیٰ اور رسول پاک جل و علیٰ و صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے لیے ہے اور مسلمانوں کے ائمہ کے لیے ہے اور عام مسلمانوں کے لیے ہے۔ یہی کام (فعل ربانی) علماء و اصفیاء کا ہی کام (مقصود) ہوتا ہے۔

لعمرک ما کتاب لو تباع بوزنہ ذھبا لکان البیع مغبونا

او ما من الخسران انک آخذ ذھبا و تترک جوھرا مکنونا

روز روشن کی طرح یہ بات روشن ہے کہ ایک شی ایسی ہو جس کی قیمت و کم بہت کم ہو پر اس میں ایک وصف لگ گیا تو وہ وصف اسی کم قیمت شی کو اس جیسے ہزاروں شی سے بیش بہا کرتا ہے۔ تو اب بھی وہ قیمت و بہا اس شی کی ذات ہی کا ہے جیسے رغبت بڑھنے کے سبب اوصاف نے بڑھا دیا ہے مثلاً ایک نوٹ ملے جیسے جو کاغذ کا ایک حقیر ٹکڑا یا پارچہ تھا جس کی قیمت تھی نہیں پر اس کی تحریر کے باعث اب اس کی قیمت دس ہزار تک پہنچ گئی جیسے باعث لوگوں کی رغبت اس کی طرف کھنچ گئیں۔

اسی طرح اگر ایک ورق کاغذ ہو جس میں ایک کلمہ الوجود مجرد و مرتب اور اعلیٰ علم ہو اور ایک شخص اس علم کا طلبگار ہو، اس کی قدر و قیمت سے واقف اور خبردار ہو اور اس کی قدر طلب تو بڑی جانتا ہو اور وہ اس ورق کاغذ کو دس ہزار اشرفیوں میں خرید لے تو کیا وہ بیچ نقصان اور بے سعادت نہیں؟ کیا یہ اس بیع تو کیا خلاف ہے؟ ہرگز نہیں بلکہ حلال و طیب ہے وہ طلب یعنی مال ہے اور وہ خرید و فروخت حلال ہے۔ جس پر اجماع قائم اور اس پر قرآن کریم کا بھی نص وارد ہے جس کا کوئی انکار ہے نہ ہی اس بیع میں کوئی ممانعت ہے۔ رب جل مجدہ فرماتا ہے۔

الا ان تکون تجارۃ عن تراض منکم۔ الآیۃ ۲۹ النساء ۴۔

مگر یہ کہ کوئی سودا تمہارے آپس کی خوشی کا ہو۔

اور وہ دس ہزار اشرفیاں اس لکھے علم کی قیمت نہیں کہ وہ مال نہیں یہ مال کی قبیل سے ہے بلکہ وہ دس ہزار اشرفی اس ورق کاغذ کی ہی قیمت ہے جو اس کی تحریر کے باعث دس ہزار کو پہنچ گئی۔

اس پر امام ہمام و ہمام احمد رضا خاں الافغانی المشرقی القادری اصلاً و البریلوی المہدی وصلا اپنے فتاویٰ العطایا النبویۃ فی الفتاوی الرضویۃ میں تحریر فرماتے ہیں

ارایتک ان کتب ورقۃ کاغذ بعلم نفیس عجیب نادر غریب و کان رجل یعلمہ و یعرف قدرہ فسامہ بعشرۃ الاف مثلا من جلاب

کلا بل حلال طیب بحق الاجماع و الاختلاف من نوع محجۃ و لا برہان قال تعالیٰ الا ان تکون

تجارۃ عن تراض منکم بھذہ العشرۃ الالاف ما ھی ثمن المکتوب فانہ لا مالیۃ لہ اصلا کما نص علیہ فی الھدایۃ و سائر الکتب المعتمدۃ - ج ۷ صفحہ ۱۳۲ ہش

هذا كتاب لو يباع بوزنه ذهبا لكان البائع مغبونا
أو ما من الخسران أنك آخذ ذهبا و تترك جوهرا مكنونا

یہ وہ عظیم کتاب ہے کہ اگر اس کے بدلے اتنا ہم وزن سونا (زر سرخ) بھاؤ و بتا دیا جائے تب بھی بیچنا بیع گھاٹے میں تو خریدار فائدے میں۔

بھلا بتا تو کہ یہ زبان کاری و تحفہ کیا کم ہے؟ کہ تو شیرینہ مفیدہ، مفیدہ عقاید حقہ سے بیش بہا جواہر پاروں سے منور جملے، انوار کے گچھے اور لمعات کے بقعے تو آپ چھوڑ جائیں اور سونا یا زر سرخ تو رد کر لیں یا رکھ لیں؟ فهنيئا لك أيها التابع المحمدي بهذه النعمة العظيمة التي تجل عن أن تقوم بقيمة ولا تعقل عما نبهت عليه أن الكتاب هذا هو الذي يعرفه الماهرون المحققون و يمنحه الكملة فلا يرده إلا القاصرون عن فهمه ولا يلمه إلا الجهلة۔ هذا و على الله التكلان إنه خير من أعان ولا نستعين إلا إياه، اللهم أفض صلة صلواتك و سلامة تسليماتك على خط الوحدة بين قوسي الأحدية و الواحدية و آله و صحبه أجمعين۔

نور بقا آمد آفتاب محمد — پرده آن نور خاک و آب محمد
چشم خدا بین بجز خدای نه بیند — چون ز میان بر فتد نقاب محمد
بست نقابی ز آب و خاک و گرنه — رتبت امکان نداشت تاب محمد
افسر کونین گشت کاف لعمرک — از شرف دولت خطاب محمد
چون شب اسری کشید سرمه مازاغ — نقش سوی کی شود حجاب محمد
دولت فردا که گنج باب نیابد — هر که شد امروز رد باب محمد
هر چه بود درج در صحیفه هستی — منتخبی باشد از کتاب محمد
سایه رسان شد چو آفتاب حقیقت — تافت عیان از همه جهات محمد
من که زنم در سخنوری دم اعجاز — عاجزم از شرح معجزات محمد
لیس کمثلی بنعت کماله — صل الہی علی النبی و آله

کلیات علامہ جامی صف ۱۰

الفقیر عبد حبیب اللہ الشہیر بشیخ الحدیث ابو الفتح
محمد نصر اللہ نصرہ اللہ و نضرہ فی الدین والدنیا

ابوالفتح محمد نصر اللہ خان
نصرہ اللہ تعالیٰ ولنضرہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وصلی اللہ علیٰ نورٍ کزو شد نورہا پیدا
زمین از حبِ او ساکن فلک در عشقِ او شیدا
ازو در ہر سرے ذوقے وزو در ہر دلے شوقے
وزو بر ہر زبان ذکرے وزو در ہر سرے سودا
اگر نام محمد را نیاوردے شفیع آدم
نہ آدم یافتے توبہ نہ نوح از غرق نجینا
نہ ایوب از بلا راحت نہ یوسف حشمت و شوکت
نہ عیسیٰ آن مسیحا دم نہ موسیٰ آن ید بیضا
محمد احمد و محمود ویرا خالقش بستود
کزو شد بود ہر موجود وزو شد دیدہا بینا
زبیرت سینۂ اش جامی الم نشرح لک برخوان
زمعراجش چہ مے پرسی کہ سبحان الذی اسریٰ

علامہ جامی علیہ الرحمۃ

اَمَّابَعْدُ

اے عزیز جان! جان کہ یہ فَقِیرِ اِلٰی رَبِّہِ الْغَنِیِّ الْقَدِیرِ اَبُوالْفَتْحِ، مُحَمَّد نَصْرُاللہِ بنُ خوش کیارخان اَلْمَرْحُوم السَّرْرُوضَوِیِّ خروتی نَسَباً اپنی اس کتاب مستطاب کو ایک مقدمہ اور گیارہ لمعات شارقہ کی صورت میں مسلمانان عالم کے لئے عموماً اور علماء عاملین، صوفیائے صافیہ، خطباء و مبلغین، کاملین کے واسطے خصوصاً پیش کرتا ہے' یہ لمعات محمّدی انوار سے مستفاد ہیں اس لئے اس کتاب کا ہر ہر جملہ لمعہ اور ہر ہر مسٔلہ گران قدر و بیش بہا مایہ ہے جس کی تایید و تاکید آیاتِ کریمہ احادیثِ شریفہ اور معتبر و اشہر علماءِ اولیاء کے تحریری دستاویزات و تصنیفات سے ثابت و متحقق ہوچکی ہے۔ تاہم انسان مرکب ہے خطاء و نسیان سے اس لئے مستفیدین اور ہمارے عزیز علماء و ناقدین سے خواہش و گزارش ہے کہ اگر انھیں کتاب ہذا میں کوئی خطا و لغزش نظر آئے یا وہ کتاب ہذا کا کوئی جملہ یا مسٔلہ خطا و لغزش سمجھے اسے درگزر نہ کریں بلکہ اس فقیر کو اس خطاء و لغزش پر مطلع فرمائیں۔ شکرو امتنان کے ساتھ اس پر غور رہے گا اور اگر واقع میں وہ جملہ یا مسٔلہ لغزش رہا تو آئندہ اشاعت میں اِنْشَآءَ اللہُ تَعَالٰی ثُمَّ اِنْشَآءَ رَسُوْلُہٗ (۱) صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ اس کا ازالہ کیا جائے گا۔ وَالْعِلْمُ عِنْدَاللہِ وَنَحْنُ الْفُقَرَآءُ۔

۱۔ جَآءَ فِي الْحَدِیْثِ الشَّرِیْفِ لَایَقُلْ اَحَدُکُمْ شَآءَ اللہُ وَشَآءَ فُلَانٌ وَّلٰکِنْ لِیَقُلْ مَاشَآءَ اللہُ ثُمَّ شَآءَ فُلَانٌ اَلْحَدِیْث۔ حصن حصین الشریف فِي خُطْبَةِ النِّکَاحِ وَغَیْرِہٖ مِنَ الْکُتُبِ وَذَکَرَ الْاِمَامُ النَّوَوِيُّ هٰذَا الْحَدِیْثَ فِي شَرْحِهٖ لِصَحِیْحِ مُسْلِم صفحہ ۲۸۶ جلد ۱۔ ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللہُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِيْ كَانَ كَنْزًا مَّخْفِيًّا فَاَحَبَّ اَنْ يُّعْرَفَ فَخَلَقَ الْخَلْقَ وَاجْتَبٰى مِنْهُمْ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاصْطَفَاهُ۔ وَجَعَلَهٗ صُوْرَةً لِّصِفَتِهِ الْوَحْدَةِ فَهُوَ اَصْلٌ وَّ مَنْشَاءٌ وَّ مَعَادٌ وَّمَبْدَءٌ لِّجُمْلَةِ الْخَلَائِقِ لِحَضْرَةِ حَقِيْقَةِ الْحَقَائِقِ وَصُوْرَةٌ لِّحَضْرَةِ الْوَاحِدِيَّةِ الْاَحَدِيَّةِ الْجَامِعَةِ لِجَمِيْعِ الْكَمَالَاتِ الْاِلٰهِيَّةِ وَالْكِيَانِيَّةِ فَهُوَ مَظْهَرٌ اَتَمٌّ لِّلْاِسْمِ الْاَعْظَمِ وَوَاضِعُ مِيْزَانِ مَرَاتِبِ الْاِعْتِدَالَاتِ الْمَلَكِيَّةِ وَالْكِيَانِيَّةِ وَالْحَيَوَانِيَّةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ صَلٰوةً هُوَ لَهَا اَهْلٌ وَّهُوَ لَهَا اَهْلٌ مِنْهُ وَلَهٗ وَاِلَيْهِ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَعَلٰى اٰلِهِ الَّذِيْنَ هُمْ مَخْزِنُ عِلْمِهٖ وَكِتَابِهِ الْعَزِيْزِ وَاَصْحَابِهِ الَّذِيْنَ اَصْبَحَ الدِّيْنُ بِهِمْ فِيْ حِرْزٍ حَرِيْزٍ۔

اَمَّا بَعْدُ

اَسْعَدَكَ اللّٰهُ تَعَالٰي بدانكه آن صاحبِ تَاجِ لَوْلَاكَ سَيِّدُالْاَرْضِ وَالْاَفْلَاكِ وَمَافِيْهِنَّ شہنشاہِ کونین سرورِ دارین وہ ذات ہے جو ہر ذات سے برتر۔ اس کی ہر ہر صفت کونین کے تمام صفات سے اعلیٰ اور ہر عیب و شین سے مُنَزَّہ و مُبَرَّاء ہے، کائنات کے کل فضائلِ اعلیٰ و کمالاتِ بالا کا منبع و سرچشمہ، ساری خدائی کا مرجع و منشاء ہے، ہر زین سے مُزَیَّن و پیراستہ اور تمام اخلاقِ جمیلہ سے آراستہ و شائستہ ہے آپ ہی وہ انسان کامل ہیں جس کو خالق عالم نے اپنے جمال ذات و اپنے تمام صفاتِ جلال و جمال کا مظہر اتم بلکہ شفاف آئینۂ اَنْجَم گردانا ہے۔ پوری خدائی کو آپ کے ہی خاطر صفحہ

ہستی پر ظاہر فرمادیا ہے۔ پس فیض و ہدایت، عرفان و دلالت میں ہر ایک شی آپ کا محتاج رہا کہ خالق عالم نے جس کو جو بھی عطا کیا یا جو بھی جس سے لے لیا یہ سب آپ ہی کے لئے کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی حضرت سے نبیوں کو نبوت ملی تو آپ کی خاطر، ولیوں کو ولایت سے نوازا گیا آپ کی خاطر، ثواب و عقاب کی عطا و سزا آپ کی خاطر، غرض کہ مقصود ذاتِ اوست دیگر جملگی طفیل۔ منظور نورِ اوست دیگر جملگی ظلام۔ کہ لَوْلَاكَ لَوْلَاكَ لَمَا اَظْهَرْتُ الرُّبُوْبِيَّةَ(۱) کہ اے حبیب اگر تو نہ ہوتا اور اگر نہ ہوتا تو میں ہرگز ہرگز اپنی رُبُوْبِيَّتْ ظاہر نہ فرماتا اور ظاہر کہ اگر رُبُوْبِيَّتْ کا ظہور نہ ہوتا تو یقیناً مربوبیۃ نہ ہوتی کوئی شی نہ ہوتی کہ مَاسِوَی اللہ، اللہ تعالیٰ کے مربوب ہیں۔ خدائی کا ظہور اسی نور کی خاطر رہا ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے کہ خَالِقِ عالم جَلَّ مَجْدُہٗ نے اس مَقْصَدِ تخلیق کو آپ کو مخاطب فرماتے ہوئے یوں بیان فرمایا۔

مَا خَلَقْتُ خَلْقًا اَحَبَّ اِلَيَّ وَلَآ اَكْرَمَ عَلَيَّ مِنْكَ بِكَ اُعْطِيْ وَبِكَ اٰخُذُ وَبِكَ اُثِيْبُ وَبِكَ اُعَاقِبُ۔ دیکھو سَيِّدُنَا مُحْيُ الدِّيْن خَاتَمُ فَصِّ الْوِلَايَةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ مُحَمَّدْ بْنُ عَلِيْ طَائِيْ (ابن عربی) رَضِيَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ وَاَرْضَاہُ عَنَّا کی تفسیر جلد اول صفحہ ۲ یعنی میں نے آپ کو محبوب ترینِ محبوبان بنایا آپ ہی کو اپنے تمام خلق میں مکرم تر گردانا۔ آپ ہی کی خاطر لیتا ہوں، آپ ہی کی خاطر دیتا ہوں، آپ ہی کے لئے ثواب سے نوازا کرتا ہوں۔ آپ ہی کے لئے سزا و عقاب دیتا ہوں۔ اس حدیثِ پاک کے سیاق و سباق و کلمات

۱۔ وَكَذَا جَاءَ فِي الْحَدِيْثِ الْقُدْسِيِّ حَدِيْثِ الْاَسْرَاءِ لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاكَ اگر آپ نہ ہوتے افلاک کو پیدا نہ کرتا صفحہ ۶۱۸ جلد ۲ مدارج النبوۃ وصل دربیان سِرِّ تَسْمِيَةِ وَيْ صَلَّى اللہُ عَلَيْہِ وَسَلَّمَ بِحَبِيْب و دفتر پنجم صفحہ ۱۳۲ و دفتر ششم صفحہ ۴۷ و صفحہ ۸۸ شرح بحر العلوم للمثنوي الرومي۔ ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللہُ۔

سے دو اہم ترین نکات پر حکمت و برکاتِ نبوت بر آمد ہوتے ہیں۔ اوّل یہ کہ خالقِ عالم نے اپنی مخلوق میں سے کسی کو بھی اپنے اس محبوب سراپا جود کے برابر و ہمسر نہیں بنایا چہ جائیکہ آپ سے زیادہ محبوب یہ نکتہ کلماتِ حدیثِ بالا کے کلمہ "مَا" اور "خَلْقًا" سے مستفاد ہے کہ کلمہ "خَلْقًا" نکرہ ہے اور کلمہ "مَا" حرفِ نفی اصل و قاعدہ یہ کہ جب نکرہ نفی کے ماتحت آجائے۔ پس یہ نفی عام ہو جاتی ہے اور عموم و استغراق کا افادہ کرتی ہے۔ یہ نفی اس وقت اسمِ نکرہ کے سارے افراد کو اپنے حکم نفی میں گھیر لیتی ہے اور اسے کلمۂ حصر کہا جاتا ہے۔ دوسرا نکتہ یہ کہ کلمہ "بِکَ" کو حدیثِ شریف میں فعل "اُعْطِی"، "اَحْمَدُ"، "اُثِیْبُ" اور "اُعَاقِبُ" سے پہلے ذکر فرما کر بھی حصر ہی کے اِفادہ کے لئے استعمال فرمایا ہے اس اِفادۂ حصر کے لئے اردو زبان میں کلمہ "ہی" کام میں لایا جاتا ہے یہی کلمہ "ہی" نفی و اثبات کو ظاہر کرتا ہے۔ حَدِیْثِ مَذْکُوْر کے ترجمہ میں ان قواعد و اصول کا خیال کیا گیا ہے۔ فَتَدَبَّرْ سَتَجِدُ فَتَقِفُ (۱) السِّرَّ فَتَقِفُ اِنْشَآءَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

اے عزیز جان! جان لیں کہ یہ فقیر اِلٰی رَبِّہِ الْغَنِیِّ الْقَوِیِّ شَیْخُ الْحَدِیْث اَبُوالْفَتْح مُحَمَّد نَصْرُ اللّٰہ بن خوش کیارخان اَلتَّرْرَوْضَوِیُّ خَرَوِیُّ نَسَبًا اس اجمال کی تفصیل ایک مقدمہ اور گیارہ لمعاتِ شارقہ میں بیان کرتا ہے یہ مقدمہ و لمعات در حقیقت، حقیقت مُحَمَّدِیَہ کے اَنْوَار اور اَحَادِیْثِ قُدْسِیَہ کے اَسْرَار ہیں۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ وَھُوَ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ الرَّفِیْقُ۔

۱۔ نظرِ غائر سے دیکھئے تو راز پالے گا اور تو (اس راز و ناز پر یقین رکھنے سے) واقف راز رہے گا۔ تقف الْاَوَّلُ مِن الوقُوْفِ وَ الثَّانِیْ مِنَ القوفِ بِمَعْنٰی پی شناسی وَ مِنْہُ الْاِقْتِیَافُ مِثْلُ قَفَوْتُ اثرہ وَ القَائِفُ پے شناس وَ یُقَالُ فُلَانٌ اَقْوَفُ النَّاسِ۔ ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

مُقَدِّمَہ

سَرکارِ دارین، کَونَین کے ہر شَئی کے وُجُود کا مَنشَاء
اور ہر فَیض و جُود کا مَنبَع ہیں صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَصَحبِہٖ وَسَلَّمَ

اے عزیز جان! جان لے کہ عَالَمِیْن میں ہر ہر فَیْض کا مَنشَاء سَرورِ دُوسَرا عَلَیہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ ہیں خواہ وہ فَیضِ اَقدَس (۱) ہو جس کو استعداد کہا جاتا ہے یا فَیضِ مُقَدَّس جو کمال کہلاتا ہے بہرحال فَیض کا مَنشَاء سَرورِ دُوسَرا عَلَیہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ ہیں، کیونکہ وُجُودِ کائنات آپ ہی کے جُود و وُجُود پر مَبنِیّ ہے کہ اگر آپ نہ ہوتے تو یہ سب نقوشِ غَرِیبَہ، اور یہ سب احکامِ کائنات عَالَمِ وُجُودُ میں نہ آتے نہ ہی ان میں سے کچھ ہوتا پس جو بھی فیوض و کمالات یا آثَار و اَحکَام رہے یا ہیں یا رہیں گے وہ سب کے سب آپ صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ ہی کے وُجُودِ سراپا جُود پر ہی مبنی ہیں۔ آپ ہی کے جُود وجود کے اَحکَام و آثَار ہیں۔ خلاصہ یہ کہ وُجُودِ مَوجُودَاتُ کے لحاظ سے آپ صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَصَحبِہٖ وَسَلَّمَ کائنات کے حقیقی باپ ہیں یہی وجہ ہے کہ کَلَامِ بلاغت نظام اَعنِیْ قُرآنِ پاک نے اَزوَاجِ مُطَہَّرَاتْ کو ایمان والوں کی مائیں قرار دے کر اُمَّہَاتُ المُؤمِنِیْنَ کے لقب سے نواز دیا

۱۔ فَیضِ اَقدَس و فَیضِ مُقَدَّس کی تشریح شرح نَقدُالنُّصُوص عَلَّامَہ جَامِی قُدِّسَ سِرُّہُ السَّامِی کے صفحہ ۴۷ و ۴۹ فَصّ حِکْمَۃٍ نَفْثِیَّۃٍ فِیْ کَلِمَۃٍ شِیْثِیَّۃٍ میں ہے۔ ۱۲ مِنہُ نَصَرَہُ اللہُ۔

فرمایا۔ اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ الآیۃ الاحزاب۔ کہ یہ نبی ایمان والوں کا ان کی جانوں سے زیادہ محبوب و مالک زیادہ قریب و مددگار ہیں کہ اَولٰی میں یہ تمام معانی موجود ہیں۔ معنی یہ ہوئے کہ مومن نبی پاک کو اپنی جان سے زیادہ قریب و بہتر مالک و محبوب تر سرپرست پائے گا۔ پس ایمان والوں کا اہم فریضہ یہ ہے کہ نبی پاک کو اپنی جانوں سے بہتر و بالاتر و عزیز تر جان کر اپنی جانوں کو اپنے اور نبی پاک کے درمیان حائل و مانع نہ ہونے دیں بلکہ اپنی جانوں کو بصد خوشی نبی پاک کی خوشنودی پر نثار کردیں تاکہ ہمیشہ نجات کا سہرا ان کے سر رہے۔ اور اگر ان کی جانیں مانع رہیں پس وہ اس مانع کی بناء پر سَرْوَرِ دُوسَرا سے محجوب رہیں گے نجات نہ پائیں گے کیوں کہ نجات اسی میں ہے کہ سَرْوَرِ دُوسَرا عَلَیْہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاء کو اپنوں اور اپنی جانوں کا مالک جانیں کہ سَرْوَرِ دُوسَرا ہی خالق عالم کے مظہر اعظم اور تمام کائنات و عالم کے شہنشاہ معظم ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ ہر جان کا اثر وُجُوْد ہے اور ہر جان سرور دوسرا علیہ التحیۃ والثناء کا جُود پس ہر جان و ہر اثرِ جان یعنی وُجُوْد کا منشاء وُجُوْد آپ ہی ہیں تو آپ تمام کائنات و موجودات کا حقیقی باپ ہوئے اور احترام و توقیر میں ازواجِ مُطَہَّرَات ایمان والوں کی مائیں ہوئیں۔ مقصدِ بالا کو سرور دوسرا علیہ التحیہ والثناء کے کلمات طیّبات اس طرح واضح فرماتے ہیں۔ کہ مَا مِنْ مُؤْمِنٍ اِلَّا وَاَنَا اَوْلٰى بِهٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ مَاتَ وَتَرَكَ مَالًا فَلْيَرِثْهُ عَصَبَتُهٗ مَنْ كَانُوْا وَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا اَوْ ضَيَاعًا فَلْيَاْتِنِيْ فَاَنَا مَوْلَاهُ۔ دیکھو بخاری شریف جلد اوّل کتاب فِي الْاِسْتِقْرَاضِ وَاَدَاءِ الدُّيُوْنِ والحجر وَالتَّفْلِيْسِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ یعنی کوئی ایسا مومن یا ایمان والا نہیں جس کا میں اس کے اور اس کے دنیا و آخرت کے سارے معاملات میں اس کی جان سے زیادہ اس کا مالک نہ رہا ہوں بلکہ میں دنیا و

عہ قولہ ضیاعا یعنی عیالا وقال وقال ولاً رعٰ لہ یعنی ادعونی لہ اعنی عنہ (سنن الدارمی باب فی الرخصۃ فی الصلوۃ علیہ صفحہ ۳۹۲ سطر ۱۳) منہ غفراللہ

آخرت میں اس کے اور اس کے تمام معاملات میں اس کی جان سے زیادہ مالک رہا ہوں
کلمہ "بِہٖ" میں اشارہ بلکہ تصریح اس بات کی ہے کہ اس کی جان کا بھی میں مالک رہا
ہوں۔ اس کے بعد فرمایا کہ میرے فرمودات کی شہادت خود قرآنِ پاک دے رہا ہے
چاہو تو پڑھو کہ اَلنَّبِيُّ اَوْلٰي بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ (فرمایا) پس جو مومن مرجائے اور
مال چھوڑ جائے اس کا رشتہ دار کوئی ہو اس کا وارث رہے اور اگر قرض چھوڑے یا ضائع
شی جیسی اولاد چھوڑے تو وہ میری حضور حاضر ہو اور میری جناب کی جانب رخ کرے کہ
میں ہی اس کا آقا سرپرست اور مددگار ہوں اور رہوں گا۔ اس حدیثِ شریف میں بھی
گزشتہ حدیثِ پاک کی طرح لطائف، اَسرَار و نِکات مذکور و مذکور ہیں۔

(۱) یہ کہ یہ کلامِ بلاغت نظامِ نفی و اثبات پر مبنی جس کی تاکید و تائید کافی و شافی
ہے کہ کلمہ "مَا" نفی اور کلمہ "اِلَّا" اِثبات کررہا ہے نفی تو ہر ہر ہستی سے اَوْلَوِیَّۃِ
ومَالِکِیَّتِ کُلْ کی ہے اور اِثبات اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق میں سے صرف اور صرف سَیِّدِ
کائنات اور فخرِ موجودات کے لئے ہے وہ بھی مالکیت و اَولَوِیَّتِ کُلْ کے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰي
ذَالِكَ۔

(۲) یہ کہ اسی مَالِکِیَّتِ کُلْ واَوْلَوِیَّتِ کُلْ کی وضاحت کی خاطر کلمہ "مِنْ"
استعمال فرمادیا ہے جو حرف نفی "مَا" اور منفی "مُؤْمِنٍ" کے درمیان استعمال فرمایا
گیا ہے اسی "مِنْ" کو علماءِ نحو نے "مِنْ" اِستغراقیہ کے نام سے موسوم فرمایا ہے۔
اب تو یہ کُلِیَّتہ، مَالِکِیَّتْ و اَوْلَوِیَّہ صاف روشن جس پر خفا کا کوئی غبار نہیں یہاں تک اس
نے ہر غبار آلود دل سے اس کا غبار جھاڑ دیا۔ شُکْرًا لِلّٰهِ عَلٰي اِحْسَانَاتِهٖ۔

(۳) یہ کہ مَالِکِیَّة واَوْلَوِیَّة کو کسی خاص قید و شرط کے ساتھ مقید و مشروط
نہیں کیا بلکہ مطلق ذکر فرمایا تاکہ دلیل و بُرھان رہے کہ سَرْوَرِ دُوْسَرَا کی مِلْکِیَّتْ سے دنیا
واخری کی کوئی شی خارج و مستثنیٰ نہیں بلکہ بروجہ اِجمال ہمیشہ کے لئے ہر ہر چیز کی مِلْکِیَّتْ

آپ کے لئے ثابت ہے۔

(۴) نکتہ یہ کہ حدیثِ پاک کے ایمان افروز کلمات جن میں سے اوّل حدیث " مَا مِنْ مُؤْمِنٍ اِلَّا وَاَنَا اَوْلٰی بِهٖ فِي الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ" کی خبر اَغْنِیْ بِهٖ وَاَنَا اَوْلٰی بِهٖ فِي الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ جملہ اِسْمِیَّہ ہے نیز آخرِ حدیث "فَاَنَا مَوْلَاهُ" جملہ اِسْمِیَّہ اور اس کی خبر مفرد ہے، یہ دونوں دوام و استمرار پر دلالت کرتے ہیں۔ فن بلاغت کے مُسَلَّمَہ اُصُوْل میں سے یہ اَصْل مُسَلَّمُ الثُّبُوْت ہے کہ اَلْجُمْلَةُ الْاِسْمِیَّةُ لَاتُفِیْدُ الثُّبُوْتَ بِاَصْلِ وَضْعِهَا وَلَا الْاِسْتِمْرَارَ بِالْقَرَائِنِ اِلَّا اِذَا کَانَ خَبَرُهَا مُفْرَدًا اَوْ جُمْلَةً اِسْمِیَّةً اَمَّا اِذَا کَانَ خَبَرُهَا جُمْلَةً فِعْلِیَّةً فَاِنَّهَا تُفِیْدُ التَّجَدُّدَ۔ دیکھو صفحہ ۱۲۹ اَلْبَلَاغَةُ الْوَاضِحَةُ لِعَلِي الْجَارِم مطبع مصر یعنی جملہ اسمیہ اصل وضع کے اعتبار سے ثبوت کا افادہ نہیں کرتا اور نہ قرائن سے استمرار کو ظاہر کرتا۔ ہاں اگر جملہ اسمیہ کی خبر مفرد ہو یا جملہ اسمیہ کی خبر جملہ اسمیہ ہو تو ضرور ثبوت و دوام کو (ہمیشہ کے لئے) جاری رہنے پر دلالت کرتا ہے اور اگر جملہ اسمیہ کی خبر جملہ فعلیہ ہو تو اس وقت حدوث و تجدد کا افادہ کرتا ہے۔

پس اے عزیز جان لیں کہ آیاتِ مُبَیِّنَاتِ فُرْقَانِیَّہ اور اَحَادِیْثِ نَبَوِیَّہ کے کلماتِ طیبہ بآوازِ بلند صاف، واضح طور پر یہ راسخ عقیدہ دے رہے ہیں کہ ساری خدائی کی مالکیتِ کل خالقِ عالم نے ہمیشہ کے لئے اپنے محبوب نبی جنابِ احمدِ مجتبیٰ محمّد مصطفیٰ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الْمُجْتَبٰی کو عطا فرمائی ہے۔ یہی اس فقیر ابوالفتح محمد نصراللہ کا عقیدہ رہا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے چاہا تو یہی عقیدہ رہے گا اور میری اس کتاب کے اندر ہر بات میں تجھ پر یہ روشن و ظاہر ہو گا کہ وہ:

مَالِکِ کونین ہیں ظاہر ہے یہ ہر بات میں
دوجہان کی نعمتیں ہیں ان کے خالی ہاتھ میں

اے عزیز جان! جان لے کہ حقیقتِ مذکورۂ بالا کا صحیح نتیجہ، محقق انکشاف و اکتشاف کے بعد یہ نکلا کہ حقیقی مومن و واقعی مسلم وہ ہے جس کے دل میں سرورِ کونین، مالکِ دارین کی محبت ہر نعمت سے زیادہ ہو، خواہ وہ نعمت اس کی جان ہو یا والد و ولد ہو حضور کی محبت جان سے بالا تر ہو وہ تو کریمہ اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ سے ثابت ہوا، اور والد و ولد سے برتر ہو اس پر حضور انور کی یہ حدیث شریف شاہد ہے کہ۔ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَایُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ۔ بخاری شریف، ج ۱ ص ۷، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ زیر (بَابُ حُبِّ الرَّسُوْلِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاِیْمَانِ)

یعنی میری قسم ہے اس ذات خداوندی پر جس کے دستِ قدرت میں میری پاک جان ہے تم میں کا کوئی حلاوتِ ایمان سے ملذوذ و محظوظ نہ ہوگا جب تک میں اس کے باپ و اولاد سے زیادہ محبوب نہ ہو لوں۔ ان کلماتِ قدسیہ میں والد و ولد کا ذکر اس لئے کیا گیا ہے کہ غالباً بعض لوگوں کے دلوں میں باپ و اولاد جان سے زیادہ عزیز ہوتے ہیں پس کلمات قدسیہ نے صراحت فرمادی ہے کہ سرورِ دوسرا علیہ التحیۃ والثناء ہر عزیز سے عزیز تر ہیں پس جو شخص یہ (۱) محسوس کرلے وہی صحیح معنوں میں ایمان والا ہے ورنہ اس کا ایمان برائے نام ہے و بس۔

عزیز جان! مذکورہ بالا عنوان تو روشن دلائل و براہین سے جلی و عیاں ہوا۔ مزید اطمینان کی خاطر یہ فقیر ابوالفتح محمد نصراللہ خان بن خوش کیار خان، رسیدہ علماء اعلام، ممتاز و چیدہ محققین و مدققین عظام کے اقوال و عقائد بحوالہ کتب و مطالع صفحہ وار پیش کر رہا ہے۔

۱۔ محبت ۱۲ منہ

جن سے عنوان بالا (۱) کو پوری اور مکمل تائید ملتی ہے۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ مولانا رومی نے اپنی مثنوی معنوی کے صفحہ ۷۸ دفتر اول نولکشور شرح فارسی مولنا بحرالعلوم قُدِّسَ سِرُّہٗ السَّامِیْ میں فرمایا۔

نام احمد نام جملہ انبیا ست
چونکہ صد آمد نود ہم پیش ماست

جس کی تشریح مولانا بَحْرُالْعُلُوْم عَبْدُالْعَلِی رَضِیَ اللّٰہُ الْقَیُّوْمُ عَنْہُ یوں فرماتے ہیں۔

بدانکہ حقیقتِ محمّدیہ جامع جمیع حقائق است و فیض بہمہ حقائق نیست مگراز حقیقت محمدیہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ و ولایتِ محمدیہ جامع جمیع ولایات است و مقام محمدی جامع جمیع مقامات اولیا است و نبوت و رسالت محمدیہ جامع جمیع نبوات و رسالات است پس رسالاتِ رُسُل پر تو رسالت اوست صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ پس محمّد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ جامع ہمہ حقائقِ انبیاء و رُسُل است و کمال وَے جامع کمالات ہمہ انبیاء و رسل است و مولوی قدس سرہ باین بیت افادہ این معنی نمودہ اند۔

یعنی جان کہ تمام حقائق کا مجمع حقیقت محمدیہ ہے کہ تمام حقائق کا منشاء ہے اور ولایت محمدیہ ساری ولایتوں پر مشتمل ہے۔ مقام محمدی جو عبارت ہے اخلاق جمیلہ سے اور مزین ہیں تمام آداب شرعیہ سے تمام ولایات اولیاء کا منبع ہے۔ (اسی طرح) صاحبِ تاج لولاک کی نبوت و رسالت ساری نبوات و رسالات کا سرچشمہ ہے۔ پس ظاہر کہ تمام انبیاء و مرسلین کے نبوات و رسالات آپ کی رسالۃ و نبوتِ اعلیٰ کے پرتو ولمعات

۱۔ کہ سرکار، دارین و کونین کی ہر شئی کے وجود کا منشاء اور ہر فیض و وجود کا منبع ہیں۔ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ - مِنْہُ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی

ہیں صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ۔ خلاصہ یہ ہے کہ سَرْوَرِ دُوسَرَا عَلَیْہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ تمام انبیاء و رسلِ عظام کے اصل، نیز ان کے حقائق کا اصل جامع ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کے کمال کمالات انبیاء و رسلِ کرام کا اصل جامع ہیں اور مولوی قدس سرہ نے اس بیت سے یہی مفہوم لیا اور اس سے اسی مضمون کا افادہ کیا ہے۔

پھر مولنا بحر العلوم قدس سرہ دفتر دوم مثنوی شریف صفحہ ۸۳ میں فرماتے ہیں۔

"اگرچہ خالق تمام خلق حق است لیکن افاضہ از حق بتوسط باطنِ انسانِ کامل میرسد خلق را" یعنی اگرچہ خالقِ عالم حق جَلَّ مَجْدُہٗ ہی ہے پر حق جل مجدہ سے خلق کو فیض انسان کامل کے واسطے سے پہنچتا ہے"۔

خَاتَمُ فَصِّ الْوِلَایَۃِ الْمُحَمَّدِیَّۃِ سَیِّدِیْ الشَّیْخُ الْاَکْبَرُ ابْنُ عَرَبِیْ قُدِّسَ سِرُّہُ السَّامِیْ آیۂ کریمہ اِنَّ اِبْرَاھِیْمَ کَانَ اُمَّۃً قَانِتًا لِلّٰہِ حَنِیْفًا۔ وَلَمْ یَکُ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ۔ سورۂ نحل آیت ۱۲۰ پارہ ۱۴ کی تشریح فرماتے ہوئے لکھتے ہیں۔ قَدْ مَرَّ اَنَّ کُلَّ نَبِیٍّ یُبْعَثُ فِیْ قَوْمٍ یَکُوْنُ کَمَالُہٗ شَامِلًا لِجَمِیْعِ کَمَالَاتِ اُمَّتِہٖ وَ غَایَۃً لَایُمْکِنُ لِاُمَّتِہِ الْوُصُوْلُ اِلٰی رُتْبَۃٍ اِلَّا وَھِیَ دُوْنَہٗ فَھُوَ مَجْمُوْعُ کَمَالَاتِ قَوْمِہٖ وَلَایَصِلُ اِلَیْھِمُ الْکَمَالُ فِیْ صِفَۃٍ مِّنْ صِفَاتِ الْخَیْرِ وَالسَّعَادَۃِ اِلَّا بِوَاسِطَتِہٖ بَلْ وُجُوْدَاتُھُمْ فَائِضَۃٌ مِّنْ وُّجُوْدِہٖ۔ فَھُوَ وَحْدَہٗ اُمَّۃٌ لِاِجْتِمَاعِھِمْ بِالْحَقِیْقَۃِ فِیْ ذَاتِہٖ وَلِھٰذَا قَالَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ لَوْ وُزِنْتُ بِاُمَّتِیْ لَرَجَحْتُ بِھِمْ۔ دیکھو صفحہ ۳۶۵ جلد ۱ تفسیر الشیخ الاکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ۔

یعنی پہلے گزر چکا ہے کہ ہر وہ نبی جو کسی قوم کی جانب مبعوث ہوا ہو (یہ ضرور ہے) کہ اس نبی کا کمال اس کی قوم کے سارے کمالات کو شامل رہے گا۔ کہ وہ نبی کمالات کے اس نقطۂ عروج پر فائز رہتا ہے۔ کہ جس نقطۂ عروج تک اس قوم کی پہنچ اور رسائی ممکن ہی نہیں ہوتی خواہ وہ قوم یا افراد کتنے ہی بڑے مقام پر فائز کیوں نہ ہو۔ بلکہ اس

قوم کو جو بھی رتبہ ملا یا ملے وہ رتبہ و مرتبہ نبی کے رتبہ سے کم ہی رہے گا۔ پس وہ (نبی) اپنی قوم کے کمالات کا مرکز و مجموع رہتا ہے اور انہیں صفاتِ خیر و سعادت میں سے کسی بھی رنگ و صفت میں کمال نہیں حاصل ہوتا مگر اس نبی کے واسطے سے، بلکہ اس قوم کے وجودات نبی کے وجود کے فیض اور جود ہوا کرتے ہیں کہ نبی کے وجود کے طفیل وہ موجود ہیں، پس وہ نبی اکیلے قوم ہیں کیونکہ حقیقت میں پوری قوم نبی کی ذات محمودہ صفات میں اکٹھی ہے اور اسی لئے سرورِ دوسرا علیہ التحیۃ والثناء نے فرمایا کہ پوری امت کے مقابل میں تولا جاؤں تو ضرور ضرور ان سب سے میں بھاری رہوں گا۔

پس آفتاب نیم روز سے زیادہ روشن طور پر ثابت ہوا کہ ہمارے آقا و مولیٰ سرکارِ دارین مالکِ کونین، کونین کے ہر شی کے وجود کا منشاء اور ہر ہر فیض اور ہر ہر جود کا منبع ہیں۔ کیا خوب فرمایا رسیدہ عاشق نے۔

مالکِ کونین ہیں گو پاس کچھ رکھتے نہیں
دو جہان کی نعمتیں ہیں ان کے خالی ہاتھ میں

فھٰذا ماکانَ یُرِیْدُ الفَقِیْرُ ھٰذَا۔ اَیْ اَبُوالفَتْح مُحَمَّدٌ نَصْرُاللہ خان بْنُ خوش کِیَارْ خَانَ السَّرُوْرُوْصَوِیُّ نصرہٗ(۱) اللہُ المُغِیْثُ القَوِیُّ۔

---

(۱) وَجَعَلَہٗ مُسْتَفِیْداً وَمُسْتَفِیْضاً مِّنْ فَیْضِ حَبِیْبِہٖ الأَجْوَدِ الْوَفِیِّ وَلَنِعْمَ مَاقَالَ العَلَّامَۃُ الجَامِیُّ قُدِّسَ سِرُّہٗ السَّامِیُّ۔

چرخ کہ ہم شد پی محمود محمد — ہست خیالی زہمہ مجود محمد
مطرب دستان سرای بزم صفا را — بیت سرودے بہ از درود محمد
سوخت مارا ز آتش تب تبت — سوختہ بادا تن حسود محمد
پایہ قدر مقربان ملک — باہمہ رفعت بود فرود محمد
لیس کمثلی نبی بنعت کمالہ — صل الٰہی علی النبی و آلہ

علامہ جامی قدس سرہ

مُسَلَّمہ اَصُولِی فقہی ضابطہ

اے عزیزِ جان! جان کہ یہ امر واضح و جلی ہے کہ قرآنِ پاک کلام الہی ہے، ازلی و ابدی ہے، نیز یہ کہ ابتداء تخلیق سے لے کر منتہائے تخلیق اَعْنِی یہ قیامت سے پہلے و قیامت کے بعد تک تمام حالات و واقعات اور ان کے احکام و آثار بطور اجمال قرآن پاک میں مذکور و مذکور ہیں۔ نیز یہ کہ نبوی احادیث شریفہ قرآن پاک کی بلاغت، براعت اور فصاحت کا صاف اور شفاف آئینہ اور قرآن پاک کی تفصیل ہیں جن میں تمام احوال و اہوال سارے وقائع و حوادث احکام و آثار تفصیل وار آشکارا و نمودار ہیں نیز یہ کہ نبوی احادیث کے لئے قرآن پاک ہی ایسا پاک، صاف و شفاف بے نظیر آئینہ ہے جس میں احادیثِ نبویہ کی فصاحت، براعت و بلاغت واضح طور پر روشن و ہویدا ہے کیونکہ قرآن و حدیث دونوں وحی الہی ہیں کہ حدیث نبوی بھی وحی الہٰی پر ہی مبنی ہے کہ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰي اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰي کہ سرکارِ دُوسَرا عَلَيهِ التَّحِيَّةُ وَالثَّنَاءُ نہیں بولتے خواہش نفسانی سے وہ جو بولتے وہ سب ہی صرف اور صرف وحی ہے جو ان کو کی جاتی ہے۔ اور اِمام بخاری رَحِمَہُ اللّٰہُ الْبَارِیُ نے اپنی مختصر و مشہور جامع میں حدیثِ نبوی روایت کی ہے جس میں ارشادِ نبوی ہے کہ وَلِيَقْضِ اللّٰهُ عَلٰي لِسَانِ نَبِيِّهٖ مَاشَآءَ۔ یعنی بے شک اللہ تعالی جو چاہے اسے اپنے اس خاص نبی کی زبان انور سے ظاہر و اداء فرمادیتا ہے۔ دیکھو بخاری جلد دوم صفحہ ۸۹۰ پارہ ۲۴ کی آخری سطر۔ د صفحہ ۱۹۲ ج ۱

پس ایمانی اَصُول میں سے ایک اَصْلِ مُسَلَّم و اَہَم یہ ہے کہ ہر قرآنی آیتِ کریمہ و ہر حدیثِ نبوی کا ترجمہ "خواہ کسی زمانہ سے متعلق ہو جس سے حکم یا حال کا انکشاف درکار ہو" اس طرح ہونا چاہیئے جس سے کسی دیگر آیتِ کریمہ یا حدیثِ پاکیزہ

کے منشاء و اقتضاء میں فرق نہ آنے پائے اور تضاد و تناقض پیدا نہ ہو جائے اور اگر ایسا ہوا تو ترجمہ خود بخود باطل و بے محل و غلط ہو جائے گا۔ کیونکہ وحی الٰہی تناقض و تضاد سے پاک و مُبّراء ہے کہ تضاد و تناقض عیب و نقص ہے کلام الٰہی اور کلام نبوی عیب و نقصان سے پاک و مُنزّہ ہیں اس پر اجماع ہے (۱) فَوَاتِحُ الرَّحَمُوْتِ شرح مُسَلَّم الثُّبُوْتِ میں ہے۔ لِأَنَّ مَا يُنَافِي الْوُجُوْبَ الذَّاتِيَّ كَيْفًا كَانَ اَوْفِعْلاً مِنْ جُمْلَةِ النَّقْصِ فِي حَقِّ الْبَارِيْ وَمِنَ الْاِسْتِحَالَاتِ الْعَقْلِيَّةِ عَلَيْهِ سُبْحَانَهٗ وَ تَعَالٰي صفحہ ۲۴ نولکشور جلد اول اور صفحہ ۳۹ مطبع بولاق مصر یعنی جو بھی وُجُوبِ ذاتی کے منافی ہوں کیف ہو یا فعل اللہ تعالیٰ کے حق میں از قبیل نقص ہیں اور نقص اللہ پر استحالات عقلیہ میں سے ہے۔ اور کلام نبوی اس لئے کہ یہ وحی الٰہی پر مبنی (۲) ہے، حقیقت یہ ہے کہ کسی بھی قرآنی آیت کا منشاء یا مقتضیٰ جب بھی دیکھا جائے اس کی اس منشاء و مقتضیٰ میں الٰہی کلام بلاغت نظام کے تمام کے تمام دیگر آیات بیّنات متحد و مشارک ہیں اسی طرح جس حدیث نبوی کا جو مُقتضیٰ حال ہو خواہ کسی بھی زمانہ سے متعلق ہو۔ اس زمانے کے اس مقتضیٰ حال میں تمام فرقانی آیاتِ بیّنات مشارک و متحد ہیں خلاصہ یہ کہ قرآنی آیات بینہ و احادیث شریفہ سب ہی یا تو وحی الٰہی ہیں اور یا وحی الٰہی پر مبنی

۱۔ اس لئے کہ جو بھی وجوب ذاتی کا منافی ہو وہ نقص ہے اور اللہ تعالیٰ کی ذات واجب ہے تو نقص ذات الہیہ کا منافی رہا پس نقص کا ذاتِ واجبہ کے ساتھ اجتماع محال رہا ہے کہ ہر ایک دوسرے کا نقیض ہے اور نقیضین کا اجتماع محال ہے، ۱۲ مِنْهُ نَصَرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰي۔

۲۔ وَجَبَ صِدْقُهٗ صَلَّي اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ وَاِمْتَنَاعُ كِذْبِهٖ۔ صفحہ ۵۵ جلد ۲ فَوَاتِحُ الرَّحَمُوْتِ۔ ۱۲ مِنْهُ نَصَرَهُ اللّٰهُ

ہیں جو حدیث شریف ہیں ان میں کوئی اختلاف نہیں اسی لئے بظاہر اگر کوئی تناقض و تباین ظاہر ہورہا ہو محققین علماء ان کی تطبیق کے وجوہات تلاش کررہے ہوتے ہیں ان کی تحقیق کے درپے ہوتے رہے ہیں۔ اور جو امر مُحَدِّث و مُفَسِّر کے لئے ضروری و اہم ہے وہ یہ کہ وہ آیات و احادیث شریفہ کے اِقتضا و مُقتَضٰی معلوم کرے وقت و حال کا حکم جو مطلوب ہو اقتضاء نص پر پرکھے نصّ قرآنی و نبوی کو ہی کسوٹی جان کر مان لے و بس۔ پس حاصل یہ کہ ترجمہ جو بھی ہو اگر وہ قرآنی آیات و اَحادیث نبویہ عَلیٰ قَائِلِہَا اَلفُ اَلفِ التَّحِیَّۃُ کے مَنشَاء و مقتضی کے خلاف نہیں تو وہ ترجمہ حق ہے درست و مراد ہے اس حال و مآل کا اِثباتِ حکم اسی طرح ترجمہ میں دائر و مقصور اور وہ ترجمہ اسی حال و مآل کے اثباتِ حکم میں مُثبَت و راسخ ہے پر ہر زمانے کے لئے وہی ترجمہ کافی نہیں نہ ہی مرادِ آیت و حدیث اسی ترجمہ میں محصور بلکہ تبدیل حالات و ازمنہ کے تغیر کے ساتھ ساتھ احکام حالات و ازمنہ نیز تبدیل ہوتے رہیں گے کیونکہ احکام علل و اسباب کے ساتھ ساتھ گھومتے رہتے ہیں علت ہو تو حکم ہے علت نہیں تو وہ حکم نہیں نص قرآنی و نص نبوی کی تفسیر و تاویل دونوں کو ترجمہ شامل رہے۔ تاویلات حالات کے ساتھ ساتھ بدلتے رہتے ہیں حالات کو قرار نہیں اس لئے ترجمے بھی ہوتے بدلتے رہیں گے ہر ترجمہ حال و زمان کے موافق رہے گا۔ مگر شرط وہی ہے کہ منشاء آیات و مقتضی احادیث میں ترجمہ اختلاف نہ دیکھائے ورنہ وہ ترجمہ خود بخود باطل قرار پائے گا۔ صحت ترجمہ کی دلیل و نشانی یہی ہے کہ وہ منشاء نصوص پر منطبق ہو و بس۔ حضرت سیدّنا الشیخ الاکبر قدس اللہ سرہ السامی تحریر فرماتے ہیں۔ وَاَمَّا التَّاوِیلُ فَلَا یَبْقِي وَلَا یَذَرُ فَاِنَّہٗ یَخْتَلِفُ بِحَسَبِ اَحْوَالِ الْمُسْتَمِعِ وَاَوْقَاتِہٖ فِي مَرَاتِبِ سُلُوکِہٖ وَتَفَاوُتِ دَرَجَاتِہٖ وَکُلَّمَا تَرَقّٰي عَنْ مَقَامِہٖ انْفَتَحَ لَہٗ بَابُ فَہْمٍ جَدِیدٍ وَاطَّلَعَ بِہٖ عَلٰي

لَطِیْفٍ مَعْنًی عَتِیْدٍ۔ دیکھو دیباچہ و خطبہ تفسیر الشیخ الاکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ یعنی اور رہی تَاوِیْلِ نصوص پس وہ ہمیشہ کے لئے باقی نہیں رہتی بلکہ وہ تو غور سے سننے اور کان دھرنے والے سالک کے مَرَاتِبِ سلوک یا تفاوت دَرَجَاتْ کے لئے جو اَحْوَالْ و اَوْقَاتْ درکار ہوں ان احوال و اوقات کے اِعْتِبَارْ سے بدلتی رہتی پھر جب کبھی اس مَقَامْ سے سالک کو تَرَقِّی ہوئی اس پر فَہْمْ و سمجھ کا ایک نَیَا دروازہ کھل جاتا ہے اور اس کو نئے انوکھے لطیف معنی (۱) کا پتا حاصل ہو جاتا ہے۔

---

(۱) مَذْکُوْرَہ مَعَانِی تَاوِیْلَاتْ ہوتے، اِشَارَاتْ کہلاتے ہیں اور یہ مراد و معتبر بھی ہوتے ہیں دیکھو صفحہ ۲۰ صفحہ ۱۶۸ دفتر سوم و صفحہ ۵۷ دفتر پنجم شرح مثنوی بَحْرُ الْعُلُوْم۔ اور سَالِکِیْنْ اَہْلُ اللّٰہ ہوتے جو قول و عمل میں حال و سیرت و عقیدہ میں سَیِّدِ عالم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کے ہی پیرو ہو رہتے ہیں تو ان کے بَاطِنْ و سِرّ، قَلْبْ و نفس آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کے باطن، سر قلب و نفس کے ساتھ مناسب ہو جاتے ہیں اور ہر مُتَابِعْ کو بقدر نَصِیْبِ مُتَابعت محبتِ الٰہیہ میسر ہو جاتی ہے اور اس پر اللہ اپنی محبت کا اِلْقَاء اس طور پر کرتا ہے کہ اپنی اس محبت کا نور متابع کی جانب نَبِیِّ دوعالم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کی ہی روح کے باطن سے ساری کر دیتا ہے کہ وہی ہیں محبتِ الٰہیہ کا مَظْہَرِ اَتَمْ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ پس وہ مُتَابِعُ اللّٰہ کا محبوب و محب بن جاتا ہے۔ (مستفاد من صفحہ ۱۰۸ ت۔ ع)

اور تَجَلِّیَاتِ اِلٰہِیَّہ اس پر وارد ہو جاتے ہیں تو فُرْقَانْ کے اَسْرَارْ و مَعَانِی اس پر ظاہر ہو جاتے ہیں جن کی طرف سَیِّدُنَا عَلِی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کا اِشَارَہْ یوں ہوا ہے۔

لَوْتَکَلَّمْ فِی الْفَاتِحَۃِ مِنَ الْقُرْآنِ لَحُمِلَ مِنْہَا سَبْعِیْنَ وِقْرًا یعنی (میرے سینے میں قرآن کے اتنے علوم ہیں کہ) اگر فاتحہ قرآن کا بیان کردوں تو ان سے ستر (۷۰) اونٹ بار کر لئے جائیں گے۔ وَیَضْرِبُ اِلٰی صَدْرِہٖ وَیَتَنَھَّدُ اَنَّ ھٰہُنَا لعلوماً جَمَّۃً لَوْوَجَدْتُ لَھَا حَمَلَۃً اور ہاتھ اپنے سینے پر رکھتے اور تَنَفُّسْ کہتے تھے کہ یہاں بے شمار علوم ہیں کیا ہی اچھا ہوتا کہ ان کے لئے اچھے قابلین پالیتا۔ صفحہ ۲۸۰ صفحہ ۲۰۰ ج ا۔ ف۔ م

حقیقتِ مُحمَّدیہ کی حقیقت

یہ حقیقت ہے کہ حقیقتِ محمَّدیہ علیٰ صاحبہا اَلفُ اَلفِ التَّحِیَّۃ وُجُودِ بَارِیٔ تعالیٰ (جو حقیقتِ مُطلَقَہ ہے) کے اس رُخ کا نام ہے جو مَرتَبہ تفصیل میں روشن ہے اس کی توضیح یوں ہے کہ وُجُودِ بارِیٔ تعالیٰ کے دو رخ ہیں ایک اِجمالِ صِرف جو وجود مطلق ہے اور وہ ہے۔ هُوَ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ فِي الْوُجُوْدِ۔ اور ایک اس اجمال کی تفصیل ہے جو مَظاہِر و تَعیُّنَات کے جلووٴں میں روشن ہے ان تمام مَظاہِر و تجلّی یا تعیُّنَات کا مَرکزِ اَعلیٰ اور مَظہرِ اَتَم و اَعظَم رُوحِ مُحمَّدِی ہے صَلوٰاتُ اللہِ وَسَلامُہٗ عَلَیہِ جو درحقیقت حَضرتِ وَاحِدِی اَحَدِی کی ایسی صورت ہے جو تمام کمالاتِ اِلٰہِیَّہ اور کیانِیَہ کو جامع ہے اور یہ ہی رُوحِ پُرفتوحِ مُحمَّد صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ اِعتِدَالَات کے سارے مراتب کی مِیزان کا وَاضِع ہے اعتدالات خواہ مَلَکی ہوں یا اِنسانِی یا حَیوانِی فِی الحَقِیقَت عالَم وعالَمِیان اسی روح پر فتوح کے اجزاء و تفاصیل ہیں آدم و آدمیان سب کے سب آپ ہی کے مستحق تکمیل ہیں اور یہی وہ نکتہ ہے جس کی جانب سَیِّدِ کائِنات صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ وآلہ وَصَحبِہٖ وَسَلَّمَ نے اشارہ فرمایا کہ اَنَا سَيِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ وَمَنْ دُوْنَهٗ تَحْتَ لِوَآئِيْ اور اِعلاناً اِعلان فرمادیا کہ آدَمُ فَمَنْ دُوْنَهٗ تَحْتَ لِوَآئِيْ (۱) جس کے معنی ہیں میں ہوں آدم و مَن سوا کا آقا و حاجت روا ئیں ہوں ان سب کا سَیِّد اور مشکل کشا کہ سب کے سب میرے ہی جھنڈے تلے رہیں گے۔ اِمامِ ہُمام اَعلیٰ حضرت اَحمَد رضا خان بَریلوی قُدِّسَ سِرُّہٗ السَّامِی نے اس مطلب کو یوں قلمبند فرمادیا ہے۔

---

(۱) صفحہ ۸۸ ج ۲ فتوحات مکیہ شریفہ و (مدارج النبوۃ صفحہ ۶۱۰ ج ۲)

جس کے زیرِ لِوَاء آدمؑ وَ مَنْ سِوٰی
اس سزائے سیادت پہ لاکھوں سلام

اس توضیح کی تشریح یہ ہے کہ خود حضرتِ حق سُبْحَانَہٗ وَ تعالیٰ تو بذاتِ خود عالَم و عالمیان سے مُسْتَغْنِی و لاپروَاہ ہے پر اس کے نامتناہی اَسْمَاء میں سے ہر اِسْمَ مَظْہَر یا مَظَاہِر کے طالِبْ و مُقْتَضِی ہیں کیونکہ مَظاہر کے بغیر اَسْمَاء کے ظہور نہیں ہوتا پس مظاہر ان اسماء الٰہیہ کے آثار سے اثر پذیر (۱) ہوتے ہیں اور مُوجِدْ ذاتِ حق کا مُشاہدہ ان ہی اسماء الٰہیہ کے جلووں میں کرتا ہے۔ مَثَلاً اَلرَّحْمٰنُ - اَلرَّزَّاقُ - اَلْقَھَّارُ کہ ہر ایک اسم الٰہی ہے جس کا ظہور اپنے اپنے مظاہر میں ہوتا رہتا ہے۔ مظاہر کے بغیر ان اَسْمَاءِ الٰہیہ کا ظہور ممکن نہیں۔ رزاق کا ظہور مرزوق کے ظہور سے ہو گا۔ راحم کا ظہور مرحوم کے ظہور سے اور اسی طرح قاہر کا ظہور مقہور کے ظہور سے ہو گا کہ جب تک خارج میں راحم و مرحوم نہ ہو پائیں۔ رحمانیت کا ظہور ناممکن رہے گا رازق و مرزوق نہ ہوں گے تو رزاقیت کا ظہور ممکن نہ رہے گا۔ عَلٰی ھٰذَا الْقِیَاس

خارج میں قاہر و مقہور نہیں تو قہاریت کا ظہور نہ ہو گا۔ نتیجہ یہ رہا تھا کہ اسماء الٰہیہ کی ہی طلب نے جُزْئِیَاتْ وَ مَظَاہِرْ کو وجود بخشا کہ یہی طَلَبْ وَ اِقْتِضَاءِ مَوْجُوْدَاتِ جزئیہ کے اِظْہار کا سبب رہی و بس خلاصہ یہ کہ موجودات عالم و عالمیان کی ہر ہر جزئی اپنی اپنی مُحْوِاِ قَابِلِیَّتْ کے مُطَابِق اَسْمَاءِ حَقَّہْ اِلٰہِیَّہْ کے جلووں کے مَظْہَر رہی۔ اور اس کے ساتھ یہ ضرور جاننا چاہیئے کہ اَسْمَاءِ حَقَّہْ اِلٰہِیَّہْ سارے کے سارے اِسْمِ ذَاتْ کے حِیْطَہْ کے اندر ہے جو اَللّٰہُ ہے یہ اِسْمِ ذَاتْ سب اَسْمَاءِ حَقَّہْ کا جَامِعْ اور سب پر مُحِیْط اور سب کا

---

(۱) گو مَظاہِر خود اَسْمَاءِ اِلٰہِیَّہْ کے آثار ہیں۔ ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

اِحَاطہ کیا ہوا ہے۔ اسی اِسمِ ذات نے اِیجادِ موجُودات سے پہلے چاہا کہ ایک ایسا جامع مظہر پیدا کرے جو از راہِ جامعیت اِسمِ ذات کے ساتھ کلی مُناسبت رکھے تاکہ وہ مظہر اتم ایسا اکمل ہو رہے کہ آئندہ موجُود ہونے والے تمام مخلوقِ الٰہی کے لئے کمالات بخشی اور فیض رسانی میں خلیفۃ اللہِ الاعظم رہے(۱) اور پوری خدائی کا شہنشاہ معظم رہے یہی ہے وہ رُوحِ پُرفتوح محمدی جس کی ترجمانی حدیثِ نبوی۔ اَوَّلُ مَاخَلَقَ اللّٰہُ رُوحِیْ او نُوْرِیْ[عہ] کرتی ہے۔

یعنی میری رُوحِ پرفتوح ہی اَوّلِ مخلوق ہے یا یہ کہ میرا ہی نور سَراپا سرور اوّلِ مخلوق ہے۔ اور یہی رُوحِ پُرفتوح محمدی ہی حضرتِ حقیقۃ الحقائق جل مجدہٗ کی ساری مخلوق و خلائق کا اصلِ منشاء اور ساری خدائی کا مرجع مبداء رہی ہے اور یہی وہ نور ہے جس کو حقیقتِ محمدیہ کہتے ہیں عَلَیْہَا وَعَلٰی صَاحِبِہَا اَلْفُ اَلْفِ التَّحِیَّۃ۔ کسی عارف نے اسی حقیقت کی تعبیر میں کلماتِ مندرجہ ذیل قلمبند کئے ہیں۔

کیا شانِ احدی کا چمن میں ظہور ہے
ہر گل میں ہر شجر میں محمد کا نور ہے

---

(۱) اَیْ بُردہ زِ آفتاب بوجہِ حُسنِ تُو سبق
قرصِ قمر بمعجزِ حُسنِ تُو گشتہ شق

دُرّ بزم احتشام تُو سیارہ ہشت جام
وز مطبخ نوالِ تُو افلاک نہ طبق

بر ہر کہ تافتہ پرتوِ انوارِ مہرِ تُو
محمد سرخرُوئی در ہمہ آفاق چون شفق

جسمت نداشتہ سایہ والحق عجیب مدار
زیرا کہ بود جوہرِ پاکت زِ نورِ حق

بردفترِ جمالِ تُو تورات یک رقم
وز مصحفِ کمال تو انجیل یک ورق

جائی کجا ست نعتِ تُو اما بعلّتِ شوق
بر لوحِ صدق زد رقمی کیف ما اتفق

لَیْس کلامی نعتِ کمالہٖ
صلی الٰہی علی النبی والہٖ

علامہ جامی قدس سرہ

[عہ] قال صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اول ما خلق اللہ العقل و اول ما خلق اللہ القلم و اول ما خلق اللہ روحی او نوری (صفحہ ۶ مواہب النبوۃ)

[Illegible marginal handwriting]

و شک نیست کہ اختلاف عبارات مبنی بر اختلاف اعتبارات است زیرا کہ مرتبۂ اولیت ...

رُوحِ مُحَمَّدِیْ حق وخلق کے درمیان بَرزَخ ہے

جان لے کہ خالق جلّ مجدہٗ اور مخلوق کے درمیان رُوحِ مُحَمَّدِیْ ہی برزخ ہے۔ یہ بَرزَخِیَّت یعنیہٖ اس خطِ فاصل کی مانند ہے جو شمس وسایہ کے درمیان میں ہوتا ہے جس کے اِتّصاف کے دو پہلو ہیں ایک لحاظ سے وہ خطِ فاصل شمس ہی ہے اور دُوسری جہت سے وہ خط سایہ بھی ہے۔ کیونکہ اس حد پر شمس و سایہ دونوں ملتے ہیں اگر اس خط پر دونوں کا مِلاپ نہ ہو تو شمس سایہ سے جدا رہے گا اور سایہ شمس سے حالانکہ اس مقام یا اُس حد پر تیسری چیز پہنچ نہیں سکتی۔ بلکہ ماننا پڑے گا کہ وہ خط نہ تو شمس سے جدا ہے نہ ہی سایہ سے الگ وَرا۔ اسی طرح رُوحِ مُحَمَّدِیْ اُدھر حق سے واصل اِدھر مخلوق میں شامل ہے کہ حق سے فیوض وکمالات مخلوق تک آپ ہی کے تَوَسُّط سے پہنچتے ہیں کسی عارف نے خوب فرمایا۔

اُدھر اللہ سے واصل اِدھر مخلوق میں شامل
خواص اس برزخِ کبریٰ میں ہے حرفِ مشدّد کا

حرفِ مُشَدَّد سے مُرادِ اسمِ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم کا میم ہے (۱) جو حاء اور دال کے درمیان میں برزخ کی حیثیت رکھتا ہے۔

---

(۱) وَاسْتَمِیْنُ مُحَمَّدْ اِبْسِمِہٖ وَآلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

مَہ مُجَدَّد نمی از جمالِ مُحَمَّد / مُشکِ شَمّی زِ زُلف وَ خالِ مُحَمَّد
دَر چمن فاعلم قدم نہادہ / تو والی بابتدالِ مُحَمَّد
حرفِ مُشکلان نقشِ طلبِ قدم را / قد مد آمد بزعم نوالِ مُحَمَّد
چہ نسبی ذرن تراجہ ملت / عجب از تیر حالِ مُحَمَّد
روزنہ جستا کہ ثابت برہمہ عالم / مُخ تو خورشید بی زوالِ مُحَمَّد
دست بدامانِ آل زن کہ نباشد / مجز بجمد کمالِ آلِ مُحَمَّد

علامہ جامی قدس سرہٗ

سَیِّدِ عالم صَلَّی اللہُ تعَالیٰ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَصَحبِہٖ وَسَلَّمَ اِیجادِ عالم اور اس کی بقاء کے لئے مقصود و غایت و مطلوب ہیں اور آپ ہی حقیقتاً انسانِ کامل ہیں۔

جاننا چاہیئے کہ خالقِ عالم نے اِیجادِ عالم اور اس کی بقاء کے واسطے اصلِ مقصود اور غایتِ مطلوب انسان کامل ہی کو عین ٹھہرایا ہے اس کی مثال خود ہر ہر فرد انسان میں موجود و مشہود ہے کہ اللہ تبَارَکَ وَتعَالیٰ نے انسانی جسدِ خاکی کا تسویہ فرمادیا ہے اس سے اصل مقصود اس کا نفسِ ناطقہ ہی رہا ہے و بس۔ نیز اس مُسَوّٰی جسدِ خاکیٔ اِنسان میں جسمانی طبعی مزاج بنادیا ہے اس مزاج کی تخلیق و تودیع سے غایتِ مراد اور اصل ملاک مزاج کی تعدیل رہی ہے پس تخلیق کائنات کا اصل مقصود اور ایجاد خلائق کا اصل مقصد وجُودِ خالقِ خلائق کے نورِ شہود کے تعینات تھے جس کا آئینہ و مرات انسان کامل کا ہی دلِ پاک رہا ہے نیز اس تخلیق کا اصل دراک اللہ تعالی کے ظہور وجود کے تنوعات رہے ہیں جن کے پانے کے لئے انسان کامل کا ہی فہم دراک ہے جس کو ان تنوعات کے لئے آئینہ شفاف قرار دے دیا ہے۔ اور وہ یوں کہ جب انسان کونی اور بشری صفات سے مجرد ہوا اور ربانی حقانی صفات سے متصف ہوا نیز اخلاق الٰہیہ سے مُتَخَلِّق ہو گیا۔ پس اس کی بینائی و بصیرت نورِ وحدت کے سرمہ سے سرمگین ہو گئی۔ پس وہ تمام مجالی اور سارے مظاہر میں اپنے تمام قوی و مشاعر کے ساتھ جمال حق کا مشاہدہ کرتا رہا ہے۔ اور اپنے تمام قوی و مشاعر سے حق اور وجودِ مطلق کا ادراک کرتا رہا ہے کہ درحقیقت انسانِ کامل کی ہی دانش وجود مطلق (۱) کا وہ جود ہے جو درخت آفرینش کا

اصل پھل واصل ثمرہ رہا ہے حدیثِ نبوی کا ارشادِ گرامی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ كُنْتُ كَنْزًا مَخْفِيًّا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ (۲) پس عالَم حس میں اگرچہ عالم و دوران افلاک کا قیام و ثبوت اول رہا تھا پر مَعْنًی وَّحُكْمًا انسان کامل ہی عالم و افلاک سے مقدم و اقدم رہا ہے کہ ایجادِ عالم سے اصل مقصود کمال پیدائی رہا تھا اور کمال پیدائی اجمال و تفصیل میں ایک ایسی حقیقت کے ظہور پر موقوف تھا جس کی ذات و مِصداق جامع و حاوی ہو۔ پس وہ ذات اور وہ مصداق مَوْقُوْفٌ عَلَیْہِ رہا تھا اور ہمیشہ موقوف علیہ کا رتبہ موقوف کے رتبہ سے اَقْدَمْ ہورہتا ہے وجود میں بھی علم و تصور میں بھی اسی حقیقت جامعہ کی ذات و مصداق سَرْوَرِ دُوْسَرَا عَلَیْہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ ہی رہے ہیں۔

جناب جَلِیْلُ الْقَدْرِ صَحَابِی سَیِّدُنَا عَبْدُاللّٰہِ بْنُ عَبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مَرْوِیٰ ہے کہ حضرت جِبْرِئِیلِ اَمِیْن عَلَیْہِ السَّلَامُ حضور عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یوں عرض کی۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَوَّلُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا آخِرُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا ظَاہِرُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا بَاطِنُ۔ (۳) یعنی سلام ہو آپ پر اے اول سلام ہو آپ پر

۱۔ اَعْنِیْ بِہٖ اَللّٰہُ تَعَالٰی ۱۲ مِنْہُ۔

۲۔ یعنی میں ایک پوشیدہ خزانہ تھا پس چاہا کہ پہچانا جاؤں پس میں نے وہ مخلوق پیدا کی جس کی پیدائش کا میرا ارادہ تھا۔ ۱۲ مِنْہُ غُفِرَ لَہٗ

۳۔ یہ حدیث شریف مولنا فاضل علی قاری رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ کی شرح لِلشفاء میں علامہ تلمسانی سے مروی و مذکور ہے صفحہ ۳۲۵ امتاع النظیر مولانا فضل حق الخیرآبادی رحمۃ اللہ تعالی علیہ پر۔ ۱۲ مِنْہُ غُفِرَ لَہٗ

اے آخر سلام ہو آپ پر اے ظاہر سلام ہو آپ پر اے باطن۔ جبریل امین کا ان القاب سے حضور صلی اللہ علیہ والہ وصحبہ وسلم کو یاد کرنا یا پکارنا اللہ تعالیٰ کے حکم سے تھا کہ فرشتے وہی کرتے ہیں جس کا انھیں حکم دیا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کو ان القاب سے مُلَقَّبْ فرمادینا اس بات کی برہان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پوری کائنات کا اِحاطہ عطا فرما کر ساری کائنات کو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے حیطہ میں دے دیا اور ساری خلائق کو فیض آپ سے ہی ملتا ہے۔ پس معلوم ہوا کہ انسانِ کامل وہ کُلِّی علی الاطلاق ہے جو قدیم اور حادث تمام موجودات کے لئے قابل رہی ہے اور یہی انسانِ کامل، قدیم (۱) سے واصل اور حادث (۲) میں شامل ہے انسان کامل ہی وہ کُل ہے جس کے تمام کائنات اجزاء ہیں مگر فرق اتنا ہے کہ اجزاء کی کمی سے کُل کی کمی لازم ہوتی ہے پر کائنات کی کمی سے انسان کامل کی کمی لازم نہیں آتی کیونکہ کائنات انسان کامل کے رَشْحَات ہیں جیسے بدن کا پسینا جس کے نکلنے سے انسان کے بدن میں اجزاء کی کمی لازم نہیں آتی یہ بھی یاد رکھنے کو ہے کہ انسان کے ماسواء موجودات میں سے کوئی بھی موجود تمام موجودات کے لئے قابل نہیں کیونکہ عالم کے اجزاء میں سے کوئی جزء اُلُوہِیَّۃ کے لئے قابل و حامل نہیں اور اِلٰہُ الْعَالَمِیْن جو ہمہ وجود ہے عُبُوْدِیَّۃ کے لئے قابل نہیں بلکہ اصل حقیقت یہ ہے کہ عالم سارے کے سارے عبد ہی رہے ہیں اور حق سُبْحَانَہٗ

۱۔ اَعْنِيْ بِہٖ اَللّٰہُ تَعَالٰی سے۔ ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ۔

۲۔ اَعْنِيْ بِہٖ مخلوق میں - ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی

وَ تَعَالیٰ واحد و احد و صمد ہے اور یہ بھی روز روشن سے زیادہ روشن ہے کہ جو اوصاف اُلُوہِیَّۃِ اِلٰہی کے منافی و مناقض ہوں ان اوصاف سے اللہ تعالیٰ کا اِتِّصَاف جوازاً ناممکن ہے۔ اسی طرح جو اتصاف ایسا ہو جس کے اوصاف عُبُودِیَّۃ کے مناقض و منافی ہو وہ اتصاف عالم کے لئے جوازاً محال ہے اس لئے کہ عالم کے سارے اوصاف حادث ہیں اور عالم سارے کے سارے عِبَادُاللہ ہیں اور عبودیۃ ہی ان کا شیوہ رہی ہے مگر انسانِ کامل نہ یہ ہے نہ وہ بلکہ اس میں دو ایسی کامل نسبتیں ہیں جن میں سے ایک نسبت سے تو انسان کامل حضرت الوہیۃ (۱) میں داخل ہوتا اور قرب خاص پر فائز ہوجاتا ہے اور دوسری وہ جس سے وہ حضرت رَبَّانِیَّۃ میں شامل ہوجاتا ہے اور قرب خاص پر فائز ہوجاتا پس انسانِ کامل چونکہ خود بذات خود مربوب رب ہے اور عبادت الٰہیہ پر مُکَلَّف ہے اس جہت سے سراپا عبد ہی ہے اور جب کہ وہ خلیفہ رَبُّ الْاَرْبَاب ہے کہ مِنْ حَیْثُ الصُّوْرَۃ احسن التقویم (۲) کا مصداق صداق ہے کہ اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ۔ اَلْحَدِیْثُ رَوَاہُ مُسْلِمٌ کہ آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کو اللہ تعالیٰ نے اپنی صورت پر بنایا جو درحقیقت انسانِ کامل اپنی شان کے لائق اپنے باطن میں تمام اسماء و صفات الٰہیہ سے متصف ہوا ہے اس کے ظاہر چونکہ بشر ہے پس اس کا ظاہر تمام اکوان و عوالم کے صفات سے نیز تمام حقائق کونیہ کو جامع رہا اور تمام عوالم آپ ہی کے فیض کے رَشَحَات ہیں اس لحاظ سے انسان کامل ربّ (۳) ہے اور وہ انسان درحقیقت آنسرور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

۱۔ اگرچہ مقام الوہیت تک پہنچنا محال بالذات و ناممکن ہے پر حضرت الوہیت میں انسان کامل داخل ہے۔ ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

۲۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے اسے بہتر طور پر درست بنایا ہے۔ ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ

۳۔ اَعْنِیْ یہ پالنے والا۔ رَبَّ (ن) پرورد کہا جاتا ہے رَبَّ الصَّبِیَّ پرورد کودک را تا بالغ گردید

رَبَّبَ (س) کہا جاتا ہے رَبَّبْتُ الصَّبِیَّ پروردم کودک را تا بالغ گردید. غوث اعظم سیدنا الشیخ

وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کی ہی ذات شریفہ ہے نیز انبیاء کرامُ وَاَوْلِیَاءُ اللہ جو آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے خلفاء ہیں اور آپ کے اخلاقِ کریمہ وجمیلہ سے مُتَخَلِّق ہیں بھی اس پاک وبزرگ رتبۂ عُظْمٰی سے بَہْرَہ وَرْ اور ان کو اس نعمتِ عظمٰی وصورتِ حسنہ جمیلہ سے حصہ ملا ہے۔ وَالْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ عَلٰی ذٰلِكَ وَ صَلَوَاتُ اللہِ وَ سَلَامُہٗ عَلَیْہِ وَعَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْنَ۔ اس کا خلاصہ و زُبْدَہ یہ رہا کہ اللہ تعالٰی نے انسانِ کامل کی درستی بِوَجْہِ اَحْسَن کردی ہے۔ اور آپ کو اپنی پوری خدائی میں خلیفۂ اعظم گردانا ہے آپ کو عالم و عالمین کی تربیت پر مامور فرمادیا ہے اللہ تعالٰی کی تربیت نے انسان کامل کو اَعْلٰی مُرَبِّیْ بنادیا ہے تاکہ آپ عالم و عالمین کی جزئیات کی ہر ہر جزئی کی تربیت اس جزئی کی دی ہوئی استعداد کے مطابق کرسکے اور عالمین کے تمام اجزاء میں ہر ہر جزء کو اس کی استعداد کے لائق فیضان وکمالات سے نواز سکے پس بلحاظ خلافتِ عظمٰی انسان کامل ہی وہ مَظْہَرِ اَتَمْ ہے جس میں اللہ تعالٰی کے تمام اسماء وصفات کا ظہور ہوتا ہے اور اسی اعتبار سے وہ رب ہے (۱) مگر چونکہ وہ خود مربوبِ رَبُّ الْاَرْبَابْ ہے اور صفتِ عبدیّت کے ساتھ

۱۔ جانِ برادر کلامِ عرب میں کَلِمَۂ رَبّ کا استعمال پانچ مَعَانِیْ میں ہوتا ہے۔ ثابت جیسے رَبَّ بِالْمَکَانِ، مصلح کہا جاتا ہے رَبَبْتُ الثَّوْبَ اِذَا اَصْلَحْتُ مَافِیْہِ مِنْ خَرْقٍ وَغَیْرِہٖ، مُرَبِّیْ جیسے کے رَبَبْتُ الصَّغِیْرَ اَرْبَبْتُہٗ، اَلسَّیِّدُ جیسے فَمَا قَاتَلُوْا عَنْ رَبِّہِمْ وَرَبِیْبِہِمْ وَلَا اٰذَنُوْا جَارًا فَیَظْعَنُ سَالِمًا اَیْ سَیِّدِہِمْ وَاَمِیْرِہِمْ۔ اِمْرَءُ الْقَیْسِ، اور مالک یُقَالُ رَبُّ الدَّارِ، رَبُّ الدَّابَۃِ، اَبُوْہُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ (رف) حدیث بیان فرماتے اور صِدِّیْقَہ اُمُّ الْمُؤْمِنِیْنَ کو آواز دیتے کہتے اِسْمَعِیْ یَا رَبَّۃَ الْحُجْرَۃِ اسْمَعِیْ یَا رَبَّۃَ الْحُجْرَۃِ الحدیث صفحہ ۲۱۴ جلد ۲ مسلم شریف اور حدیثِ اَشْرَاطُ السَّاعَۃِ میں ہے اَنْ تَلِدَ الْاَمَۃُ رَبَّتَہَا، اُذْکُرْنِیْ عِنْدَ رَبِّكَ۔ اپنے رب کے پاس (بادشاہ) میرا ذکر کرنا فَاَنْسَاہُ الشَّیْطٰنُ ذِکْرَ رَبِّہٖ۔ یوسف ۴۲،۴۱۔ ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللہُ

مُتَّصِف ہے۔ اور عُبُودِیَّۃ کا مَوصُوف ہے پس وہ سراپا عَبدِ رَبّ الاَرْبَاب ہے۔ پس ثابت ہوا کہ انسانِ کامل کو قِدَمْ وَ حُدُوْث میں کمالِ مطلق حاصل ہے۔ یہی ہے حقیقت محمدیہ عَلیٰ صَاحِبِہَا اَلْفُ اَلْفِ التَّحِیَّۃ اسی مرتبہ میں وَحْدَۃِ الٰہِیَّہ کی کثرت اور اس کی تفصیل واضح و روشن ہے۔ جس کی تعبیر کلمۂ توحید کا دوسرا جزء مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ ہے صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ نیز اسی مرتبہ میں وحدۃ الہیہ کا اجمال لائح و مستفاد ہے جو ہمہ وجودِ مطلق ہے جس کی تعبیر لَآاِلٰہَ اِلَّا اللہ کلمہ توحید کا جزء اوّل کررہا ہے۔

اس مَبحَث کے خُلَاصَہ کا خُلَاصَہ اَعْلیٰ حَضْرَتْ عَظِیْمُ الْبَرَکَۃ اِمَام ہُمَام اَحْمَدْ رِضَا خَان بریلوی افغانی قُدِّسَ سِرُّہُ السَّامِیُّ نے یوں بیان فرمایا ہے۔

ممکن میں یہ قدرت کہاں
واجب میں عبدیت کہاں
حیراں ہوں یہ بھی ہے خطا
یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں
حق یہ کہ ہیں عبد الہ
اور عالم امکان کے شاہ
برزخ ہیں یہ برزِ خدا
یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

آنحضرت صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے عبدِ کامل ہیں اور عالم اِمکان کے شاہ ہیں عالم کا رب و مربی ہیں۔

نہ وہ خدا ہیں نہ ہی خدا سے جدا ہیں

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ مضمونِ بالا کی تائید کے لئے مَوْلَانَا بَحْرُ الْعُلُوْمِ عَبْدُ الْعَلِیْ

لکھنوی رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنہُ کے دو حوالے نقل کرتا ہوں وَبِاللہِ التَّوفِیق۔ صفحہ ۸۵ دفتر سوم مثنوی شریف میں مولنا روم فرماتے ہیں۔

گفت پیغمبر شمارا ای مِہَان
چون پدر ہستم شفیق و مہربان

یعنی جیسا کہ باپ حیات دنیویہ کی تکمیل کے لئے اولاد کی پرورش کرتا ہے میں اخروی زندگی کی تکمیل کر رہا ہوں اور اسی زندگی کے لئے پرورش کر رہا ہوں۔

زان سبب کہ جملہ اجزاءِ مَنِیدْ
جُزْوْ را از کُلْ چرا بر مِیکَنِیدْ

یعنی اس کا سبب یہ کہ تم سب کے سب میرے اجزاء ہو پس جزء کو کل سے جدا نہ کرو۔

جزو از کل قطع شد بیکار شد
عضو از تن قطع شد مُرْدَارْ شد

جب جزو کل سے کٹ گیا وہ جزء بیکار ہو جاتا ہے جب کوئی عضو و اندام بدن و تن سے کٹ گیا پس وہ عضو مردار ہو جاتا ہے۔

تَانَہ پیوندد بکُل بارِ دیگر
مُرْدَہْ باشد نَبُوَدَشْ از جان خبر

دوبارہ جب تک وہ کٹا ہوا عضو کل کے ساتھ متصل نہ ہو پائے اور اتصال پیدا نہ کرے مردہ ہی ہو رہتا ہے جس کو جان سے کوئی خبر نہیں رہتی۔

وَرْ بجُنْبَدْ نیست خود اورا سَنَدْ
عضو تو بُبْرِیدَہ ہم جُنْبِش کُنَدْ

اگر وہ کٹا ہوا عضو (بظاہر) حرکت و جنبش بھی کرے، پھر بھی اس کی زندگی پر کوئی سند نہیں اس لئے کہ جنبش تو کٹا ہوا عضو بھی کرتا ہے مولنا بحر العلوم عبد العلی رحمۃ اللہ تعالیٰ ان ابیات کی تشریح یوں کرتے ہیں۔

بدانکہ حقیقتِ آن سَرْوَرْ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَالِهٖ وَسَلَّمَ حقیقتِ جامعہ است مَرْجمیع حقائق راھس ہر موجود کہ ہست ناشي است از حقیقتِ آنسَرْوَرْ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَالِهٖ وَسَلَّمَ ھس آن سرور صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَالِهٖ وَسَلَّمَ بباطنِ خود پرورش ہمہ عالم میکنند و ہر فیض کہ باحدي مِیْرَ سَدْاز باطنِ اُوصَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَالِهٖ وَسَلَّمَ میرسد ھس ذاتِ شریف اوصَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَالِهٖ وَسَلَّمَ مَجْمَعُ الْبَحْرَيْنِ است کہ باطنِ او مُتَّصِفْ ہست بہمہ اسماء و صفاتِ اِلٰهِيَّہْ و ظاہر اوچون بشر ست جامِع حقائقِ كَوْنِيَّہْ و صفاتِ اَكْوانَ ہسْتُ لِهٰذا آنسَرْوَرْ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَالِهٖ وَسَلَّمَ رحمت مرعالمیان راست کہ ہرچہ در عوالم ست از رشحات فیض ویست صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَالِهٖ وَسَلَّمَ ھس چون نسبت آن سَرْوَرْ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَالِهٖ وَسَلَّمَ، بسوي ہر شخص از عالم چنین است ھس باید کہ ہر شخص متصل اوشود کہ خود را در مَحَبَّتْ وُ مُتابعتِ او دارد و ہرکہ از و منقطع شد کہ محبت او نَوْرُ زِيْدُ و مُتَّبِعِ اوبجانُ وُ دِلْ نشد ھس کافرِ نعمت است اوکار خود را خراب کرد کہ تربیت مُرَبِّيْ را قبول نکرد ہمین است مقصودِ ابیاتِ تَالِيَہْ این است معني وصل و قطع کہ گفتہ شد ورنہ بنظر حقائق ہمہ حقائق موصول اند وَاِلاَّ بوجود نمي آمدند و باقي نمي ماند ند۔

یعنی جان کہ سَرورِ دُوسَرا صَلَّی اللہُ تعالیٰ عَلَیہِ وَالِہٖ وَسَلَّم کی حقیقت، جامع حقیقت ہے تمام حقائق کے لئے پس جو بھی موجود ہے وہ مَوجُود آن سَرْوَر صَلَّی اللہُ تعالیٰ عَلَیہ

وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی ہی حقیقت سے پیدا و ناشی ہے پس سرکارِ دوعالم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ باطنی طور پر سارے عالم کی تربیت و پرورش کر رہے ہیں اور جس کو جو بھی فیض و کمال ملتا یا پہنچتا ہے وہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے ہی باطن سے ملتا پہنچتا ہے پس آپ کی ذاتِ ستودہ صِفات صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ دونوں بحر کے سنگم و برزخ رہی ہے۔ آپ کا باطن تمام صفات و اَسْمَاءِ اِلٰہِیَّہ سے مُتَّصِف ہے اور آپ کا ظاہر چونکہ بشر ہے تو جامع ہے تمام حقائقِ کَوْنِیَّہ اور تمام صفاتِ اَکْوَان کو، اس لئے سَرْوَرِ دُوعَالَمْ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ تمام عَالَمِیْنَ کے لئے رحمت رہے ہیں کہ جو بھی عالم میں ہے سب کے سب آپ کے فیضِ اَقْدَسْ کے رَشْحَاتْ میں سے رہے ہیں صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ۔ پس جب کہ سَرْوَرِ دُوسَرَا عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کی نسبت عالم کے ہر ہر شخص کی جانب اس طرح رہی ہے تو لازم ہے کہ ہر شخص آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ سے مُتَّصِل رہے اپنے آپ کو آپ کی محبت کا دِلْدَادَہ اور آپ کی متابعت کا ذمہ دار رکھے (اسکے) برعکس جس نے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ سے قطع تعلق کیا کہ آپ کی محبت کو اختیار نہ کیا اور جان و دِل سے آپ کا تابع و متبع نہ رہا پس وہ اس نعمت عظمیٰ کا منکر و کافر رہا۔ اس نے اپنا کام تباہ کر لیا کیونکہ اس نے مُرَبِّی کی تربیت قبول نہ کی اور یہی ہے آنے والے دیگر ابیات (مولنٰا رومی) کے معنی، یہی ہے وصل و قطع کے معنی جو کہا گیا ورنہ حقائق کی جانب نظر کرتے ہوئے سارے حقائق ایک دوسرے سے مُتَّصِل ہیں کہ اگر ان میں اِتِّصَالْ نہ ہوتا تو موجود ہی نہ ہوتے نہ ہی باقی رہتے۔

مقاصدِ بالا و لمعاتِ مذکورہ پر
قرآنِ کریم کے شواہد اور ان سے استشہاد

(۱) اس تمام تر تفصیل کا خلاصہ سورہ توبہ کی فرقانی آخری دو آیتوں میں ہے جن کی تشریح سیّدنا وسندنا حضرت مولانا الشیخ الاکبر محمد بن عربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمائی ہے۔

آیاتِ قرآنیہ

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۔ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ آیت ۱۲۸، ۱۲۹، سُوْرَۃُ تَوْبَۃ۔

تشریح الشیخ الاکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ: لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ لِيَكُوْنَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ جِنْسِيَّةٌ نَفْسَانِيَّةٌ بِهَا تَقَعُ الْاُلْفَةُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ فَتُخَالِطُوْنَهٗ بِتِلْكَ الْجِنْسِيَّةِ وَتَخْتَلِطُوْنَ بِهٖ فَتَتَاَثَّرُ مِنْ نُوْرَانِيَّتِهَا الْمُسْتَفَادَةِ مِنْ نُوْرِ قَلْبِهٖ اَنْفُسُكُمْ فَتَتَنَوَّرُ بِهَا وَتَنْسَلِخُ عَنْهَا ظُلْمَةُ الْجِبِلَّةِ وَالْعَادَةِ۔

ترجمہ: یعنی (اے مومنو) تمہارے پاس بہت عَظِیْمُ الْمَرْتَبَت رَسُوْل تشریف لاچکے ہیں جو تم میں سے ہیں تاکہ تمہارے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کے درمیان (انسانی رشتہ) نفسانی جنسیت ہو جس سے تمہارے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کے درمیان اُنس و اُلفت بڑھے گی۔ جبھی تو تم آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ سے مل سکو گے اور تم آپ کے توسط باہم گھل مل کر رہیں گے پس اس نورانیّت سے جو آپ

صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے قلبِ اَنور سے ناشِیْ و مُسْتَفَاد ہے۔ تمھاری جانیں مُتَاَثِّر ہوں گی اس سے ان میں صفا و جِلا پیدا ہو گی اور مُنَوَّر ہوں گی اور ان سے جِبِلِّیْ، فِطری اور عادی تاریکی ہمیشہ کے لئے دور رہے گی۔

عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَاعَنِتُّمْ شَدِیْدٌ شَاقٌّ عَلَیْهِ عَنَتُکُمْ مَشَقَّتُکُمْ وَلِقَاءُکُمُ الْمَکْرُوْهُ لِرَافَتِهِ اللَّازِمَةِ لِلْمَحَبَّةِ الْاِلٰهِیَّةِ الَّتِیْ لَهُ لِعِبَادِهِ وَرُؤْیَتِهِ اِیَّاهُمْ بِمَثَابَةِ اَعْضَائِهِ وَجَوَارِحِهِ لِکَوْنِهِ نَاظِرًا بِنَظَرِ الْوَحْدَةِ فَکَمَا یَشُقُّ عَلٰی اَحَدِنَا تَاَلُّمُ بَعْضِ اَعْضَائِهِ یَشُقُّ عَلَیْهِ تَعْذِیْبُ بَعْضِ اُمَّتِهِ۔ (ن)

یعنی آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ پر شاق گزرتا ہے وہ جو تم کو تعب و مشقت میں ڈالتا ہے (نیز یہ کہ) آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر شاق گزرتا ہے تمھارا آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ سے اس طرح ملنا جس میں محبت نہ ہو اور جس میں کَرَاهتُ و کَرَاہِیَّۃ ہو۔

اس لئے کہ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وسلم سراپا رَافَتْ ہی ہیں جو لازم ہے اس مَحَبَّتِ اِلٰہِیَّہ کو جو محبت آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے بندوں سے رکھتے ہیں جس کی بناء پر آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اپنے رب کے بندوں کو اپنے بدن جو سراپا اَنْوار کا مَعْدِنْ رہا ہے کے اعضاء مبارکہ کی مانند دیکھتے ہیں کیونکہ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ (کثرتِ تَجَلِّیَاتُ وَمَظَاہِر) کو بنظرِ وَحْدَتْ دیکھتے ہیں پس جس طرح ہم میں سے ہر ایک اپنے بعض اِعضاء کی دردمندی کو شاق و ناگوار سمجھتا ہے اسی طرح آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اپنے اُمَّتِیُّوں میں سے بعض کے عذاب میں مبتلا رہنے کو ناگوار و شاق محسوس کرتے ہیں۔ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ لِشِدَّةِ اِهْتِمَامِهِ بِحِفْظِکُمْ کَمَا یَشْتَدُّ اِهْتِمَامُ اَحَدِنَا بِکُلِّ وَاحِدٍ مِّنْ اَجْزَاءِ جَسَدِهِ وَجَوَارِحِهِ لَا یَرْضٰی بِنَقْصِ اَقَلِّ جُزْءٍ مِّنْهُ وَلَا بِشَقَائِهِ

فَكَذٰلِكَ هُوَ بَلْ اَشَدُّ اِهْتِمَامًا لِدِقَّةِ نَظَرِهٖ۔ (آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ تم کو بہت چاہتے ہیں) اس لئے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تمھاری حفاظت و نگہداشت کا بہت خیال رکھتے ہیں ایسا ہی جیسا کہ ہم میں سے ہر ایک اپنے جسد کی اجزاء و جوارح کی نگہداشت و حفاظت کا بہت زیادہ خیال رکھتا ہے کہ ہرگز ہرگز ہم میں سے کوئی بھی اپنے بدن کے کسی بھی عضو و جزء کا نقص نہیں چاہتا نہ ہی اس کی شقاوت پر راضی ہوتا ہے۔ آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ اس سے بھی اپنی امت کے نگاہ داشت و نگہبانی زیادہ کرتے ہیں کہ آپ کی نظر رحمت و رافت بہت زیادہ دقیق ہے۔

بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ یُنْجِیْهِمْ مِنَ الْعِقَابِ بِالتَّحْذِیْرِ عَنِ الذُّنُوْبِ وَالْمَعَاصِیْ بِرَاْفَتِهٖ۔ (ایمان والوں پر زیادہ رافت رکھتے ہیں) کہ انھیں اپنی رافت کی بناء پر عذاب و عقاب سے نجات دیتے انھیں گناہوں، معاصی سے دور رکھتے ہیں۔ رَحِیْمٌ یُفِیْضُ عَلَیْهِمُ الْعُلُوْمَ وَالْمَعَارِفَ وَالْکَمَالَاتِ الْمُقَرِّبَةَ بِالتَّعْلِیْمِ وَالتَّرْغِیْبِ عَلَیْهَا بِرَحْمَتِهٖ۔ (بڑا مہربان ہیں) ان پر علوم و معارف کا فیضان کرتے اور اپنی رحمت خاصہ کی بناء پر انھیں کمالات سے نوازا کرتے ہیں جو انھیں مقرب بارگاہ بنائے تعلیم دیتے اور ان مقامات و کمالات کی ترغیب دیتے رہے ہیں۔ فَاِنْ تَوَلَّوْا وَ اَعْرَضُوْا عَنْ قَبُوْلِ الرَّاْفَةِ وَالرَّحْمَةِ لِعَدَمِ الْاِسْتِعْدَادِ اَوْ زَوَالِهٖ وَتَعَرَّضُوْا لِلشَّقَاوَةِ الْاَبَدِیَّةِ۔

(پس اگر پھر جائیں) اور آپ کی رافت و آپ کی رحمت خاصہ کی قبولیت سے اعراض کرجائیں اور منہ موڑیں۔ خواہ اس لئے کہ استعداد نہ رکھیں یا اپنی استعداد کو زائل کریں اور وہ اپنے آپ کو ابدی شقاوت کے لئے پیش کریں۔ فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَاحَاجَةَ لِیْ بِکُمْ وَلَا بِاسْتِعَانَتِکُمْ کَمَا لَاحَاجَةَ لِلْاِنْسَانِ اِلَی الْعُضْوِ الْمَاْلُوْمِ الْمُتَعَفِّنِ

اَلَّذِي يَجِبُ قَطْعُهٗ عَقْلاً اَيِ اللّٰهُ كَافِيْنِيْ لَيْسَ فِي الْوُجُوْدِ اِلَّا هُوَ فَلَا مُؤَثِّرَ غَيْرُهٗ وَلَا نَاصِرَ اِلَّا هُوَ۔ کہ مجھے (اب) تمہاری کوئی حاجت نہ رہی نہ ہی تمہاری استعانت کی مجھے کوئی ضرورت و حاجت رہی جس طرح انسان کو اپنے کسی بوسیدہ، سڑے گلے، متعفن عضو کی کوئی حاجت نہیں رہتی بلکہ اس کا کاٹ پھینکنا عقلاً ضروری ہوجاتا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ مجھے کافی ہے کہ وجود میں اور کوئی نہیں مگر صرف وہی نہ اس کے ماسوی کوئی موثر ہے، نہ مددگار و ناصر ہے۔ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ لَا اَرٰي لِاَحَدٍ فِعْلاً وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِهٖ۔ (اسی پر بھروسہ کیا ہوا ہوں) میں نہیں دیکھتا کسی کے لئے کوئی فعل نہ کوئی معصیت سے پھر سکتا نہ کسی طاعت کی جانب اقدام کرسکتا مگر اسی کے ساتھ۔ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ الْمُحِيْطِ بِكُلِّ شَيْءٍ يَاتِيْ مِنْهُ حُكْمُهٗ وَاَمْرُهٗ اِلَي الْكُلِّ۔ (وہی عرش عظیم کا رب ہے) جو ہر چیز پر محیط ہے اسی سے اس کا حکم و امر سب کو آتا ہے۔ دیکھو تفسیر شیخ الاکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جلد ۱ صفحہ ۲۷۵، ۲۷۶ مطبع نور محمد ۱۲۹۱ھ مطابق ۱۲ مئی ۱۸۷۴ء

(۲) قرآن کریم کی آیت کریمہ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ کا منشاء ظاہر ہے کہ آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ رَحْمَةٌ لِّلْعَالَمِیْن ہیں اور رحمۃ للعالمین آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی صفت مختصہ ہے وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ نہ بھیجا ہم نے آپ کو مگر تمام عالمین کے لئے رحمتِ عظیمہ اس کریمہ کی تفسیر میں مولنا بحر العلوم رضی اللہ الولی القیوم عنہ نے فرمایا۔ لیکن انبیاء چون خلیفۂ آن سَرْوَرْ اند صَلَّي اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَمُتَخَلِّقْ اَنْدْ بَاَخْلَاقِ آن سَرْوَرْ صَلَّي اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ایشان رانیز ازین رتبہ بہرہ است صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔ یعنی بلکہ جب کہ انبیاء کرام آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے خلفاء و تابعین ہیں اور آپ کے اخلاقِ جمیلہ سے متخلق ہوئے ہیں۔ پس ان کے لئے بھی اس رتبۂ عظیمہ سے

حمد رہا ہے۔ صَلَوَاتُ اللہِ وَسَلَامُہٗ عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْنَ (ان سب پر اَللّٰہُ تَعَالٰی کی اِمْدَادْ، اور عیوب و نقائص سے سلامتی رہے سب پر) دیکھو صفحہ ۸۷ و ۹۰، دفتر سوم مطبع نولکشور لکھنو ہند۔ (شرح مثنوی)

قُرْآنِ کَرِیْم نے آن سَرْوَرِ عَالَمِیْنْ کو ہی رَحْمَۃٌ لِّلْعَالَمِیْنْ کے لقب سے مُلَقَّبْ فرما کر ثابت کردیا ہے کہ آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کی ذاتِ پاک اور آپ کی ہر ہر صفت و فعل، حرکات و سکنات عالمین کے لئے سراپا رحمتِ عظیمہ رہے ہیں کہ عَالَمِیْنْ عَالَمْ کی جمع ہے عَالَمْ وَ عَلَمْ نشان واثر کو کہتے ہیں کائنات میں ہر ہر شَیْ اَللّٰہ کے ہی مَوْجُوْد وَ اَللّٰہُ تَعَالٰی کے ہی وجود کے آثار و علامات ہیں۔ اور سُبْحَانَہٗ مَا اَعْظَمَ شَانَہٗ کے نشانات ہیں کہ۔ فَفِیْ کُلِّ شَیْءٍ لَّہٗ آیَۃٌ تَدُلُّ عَلٰی اَنَّہُ الْوَاحِدُ کہ ہر شَیْ میں اس کے وجود و جود کی نشانی ہے یہی بتلاتی ہے کہ وہ جل مجدہ واحد و لاشریک ہے۔ فارسی میں ایک عارف نے یوں فرمایا۔

ہر گیا ہے کہ از زمین رُوْیَدْ
وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ گُوْیَدْ

کہ جو بھی گیاہ زمین سے اگتی ہے بزبان حال یا بزبان قال یہی کہتی کہ وہ واحد ہے جس کا کوئی شریک نہیں۔ پس اس قُرْآنِی آیت کے معنٰی ہوئے کہ اَللّٰہُ تَعَالٰی نے اپنے ماسوی کے لئے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کو رسول بنا کر بھیجا اس حالت میں کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کی ذاتِ سِتُوْدَہ صِفَاتْ تمام عَالَمِیْنْ کے لئے رَحْمَتِ عَظِیْمَہ ہیں۔ اس آیتِ قُرْآنِی کی یہ ہَیْئَتِ تَرْکِیْبِی بَنِدَآءِ بلند اِعْلَانْ کرتی ہے کہ عَالَمِیْنْ یا مَاسِوَی اللّٰہ میں آپ کی کوئی نظیر ممکن نہیں۔ کلمہ "مَا" اور اس ہَیْئَتِ تَرْکِیْبِی میں کلمہ "اِلَّا" نیز کلمہ "رَحْمَۃ" میں تَنْوِیْنِ تَعْظِیْمِی سے صاف روشن

و آشکارا ہے کہ عالمین میں جو بھی موجود رہا تھا یا ہے یا رہے گا ان میں جس کو جو بھی ملا یا ملتا ہے یا ملے گا چھوٹا ہو یا بڑا بہت ہو یا تھوڑا سب ہی اس سَرَاپَا رَحْمَتْ سے اور اسی مَنْبَعِ نِعْمَتْ سے ملا اور ملتا رہے گا کیونکہ "مَا" کلمہ نفی ہے "اِلَّا" حرفِ اِسْتِثْنَاء ہے تنوین تعظیم کے لئے ہے۔ پس فرمایا کہ یارسول اللہ آپ ہی کی رسالت عالمگیر و عالمی ہے آپ ہی کو رحمت عظیمہ بنایا اور سب کو جو رحمت و نعمت ملتی آپ ہی کو اس کے لئے اصل سرچشمہ گردانا ہے اور سب ہی آپ سے فیضیاب ہوتے، سب ہی آپ کے طفیلی رہے ہیں۔ یہاں تک کہ انبیاءِ کرام بھی آپ کے امتی رہے ہیں وَلِلّٰہِ دَرُّ الْقَائِلِ:

خلق سے اولیاء اولیاء سے رُسُل

اور رسولوں سے اَعْلیٰ ہمارا نبی

اور سب انبیاء آپ کے خُلَفَاءُ وَ نَائِبِیْنْ رہے ہیں جن کو آپ کی ذاتِ اَنْوَرْ اور آپ کے عالمگیر حوضِ کَوْثَرْ سے بکثرت نعمتیں ملی ہیں اس لئے وہ تَاجْوَرْ رہے ہیں۔

مُلْکِ کَوْنَیْنْ میں اَنْبِیَاء تَاجْدَارْ

تاجداروں کا آقا ہمارا نبی

مَوْلَانَا بَحْرُ الْعُلُوْم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنْہُ نے اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرْ کی تفسیر میں فرمایا۔

اگرچہ تکریمِ اِعْطَاءِ کوثر از خصائصِ آن سَرْوَرْ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ است لیکن اصلِ انسان کامل چون ذاتِ مبارکْ صَلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم است پس این تکریم راجعِ بنیِ آدم است و نیز انتفاع بکوثر شامل تمام امت راست و حیاضِ برآمدہ ازین کوثر مر جمیع انبیاء راست بحسب مراتب نبوات ایشان و انتفاع اُمَمِ ایشان باحیاض پس کرامت اعطاء کوثر ہمہ بنی آدم راست انتہی دفتر ۵ صفحہ ۱۶۲ شرح حضرت بحرالعلوم لمثنوی

مُولَوِیؔ رُوْمؔ نولکشور۔

یَعْنِی اگرچہ کَوْثَر کی تَکْرِیْم اِعْطَاءِ آنْجَنَاب صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کے خَوَاص (۱) میں سے ہے تاہم دراصل یہ تَکْرِیْم بنی آدم کو ہی رَاجِع ہوئی ہے کیونکہ اَصْل میں آن سَرْوَر صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کی ذَاتِ شَرِیْفَہ (۲) اِنْسَانِ کَامِل ہیں نیز یہ کہ اُس کَوْثَر سے اِنْتِفَاع تمام (۲) کو شامل ہے اور اُس کَوْثَر سے برآمدہ حیاض تَمَام انبیاء کرام کے لئے ان کے مَرَاتِبِ نبوات کی حیثیت سے رہے ہیں اور ان کی اُمَّتِیْں ان حیاض سے فائدے اٹھاتے رہتے ہیں۔ پس نتیجہ یہ نکلا کہ کرامت اِعْطَاءِ کَوْثَر تَمَام بنی آدم کو ہی حَاصِل رہی۔

۱۔ جن میں کوئی دُوسرا شخص شریک نہیں۔ ۱۲ منہ غفرلہ

۲۔ اور بنی آدم نوع انسانی کے افراد ہیں پس آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ اور بَنِی آدَم میں مِثْلِیَّتِ نَوْعِیَّہ، جِنْسِیَّتِ نَفْسَانِیَّہ اور مُجَانَسَتِ بَشَرِیَّہ ہے پس یہ جِنْس وَنَوْعِ اِنْسَانِی دیگر تَمَام اَجْنَاس وَاَنْوَاع سے اس خَاصَّہ کے ساتھ مُخْتَص ہوئی ہے تو ممتاز ہو گئی۔ ۱۲ منہ غفرلہ

(۳) حِرْزِ زَبَان چِیْسْت نَعْت وَنَام مُحَمَّد ... صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنَام مُحَمَّد

بَہْرَہ نَیَابِی زِ ذَوْقِ مَائِدَہ مَسْتَان ... تَا نَکَشِی جُرْعَہ اَز جَامِ مُحَمَّد

چَرْخِ بَرِیْن بَا ہَمَہ رِفْعَت ... ہست کَمِیْن پایہ اَز مَقَامِ ہ

پَیْکِ نَسِیْم شِمَال ای شدہ مَحْرَم ... در حَرَمِ جَاہ وَ اِحْتِرَامِ مُحَمَّد

بَہْرِ خُدَا چون بِعَزْم عَرْض رَسَانِی ... اَز قِبَلِ بِیْدِلَان سَلَامِ مُحَمَّد

کُنْ کُنِی اِنْکِسَار وَ عَجْز وَ رَہِی رَا ... بَار کَرَم خَاص وَ لُطْف عَامِ مُحَمَّد

تو کہ دَر آنَم بَدِیْن دِیْدَہ دَوْلَت ... دَر کَنَف ظِلِّ اِہْتِمَامِ مُحَمَّد

عَلَّامَہ جَامِی قُدِّسَ سِرُّہٗ

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَالْاَبْتَرُ
کی تحقیقِ اَنیق اور مزید تشریح و توضیح

ترجمہ : اے محبوب ہم نے تمھیں بے شمار خوبیاں عطا فرمائیں۔ تو آپ اپنے پالنے والے کے لئے نماز پڑھیئے اور قربانی کیجئے بیشک تیرے ساتھ بغض و کینہ رکھنے والا ہی مَقْطُوْعُ النَّسْل اور ہر ہر خیر سے محروم ہے۔

تشریح : کوثر کے معنی ہیں خیر کثیر کَوْثَرْ کا اصل فَوْعَلْ ہے جو کثرۃ سے لیا گیا ہے مَنْصَبِ خَتْمُ النُّبُوَّۃِ کے شایانِ شان جو بھی خیر رہی ہے اللہ تعالیٰ نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ پر اس خیر کا اِنعام کردیا ہے۔ خیر کی انواع واجناس اتنی کثیر ہیں۔ جن کی گنتی مخلوق کے لئے ممکن نہیں۔ کوثر عرب کا محاورہ رہا ہے جو بھی شی قدر و قیمت، عزت و عظمت، قوت و شوکت، علم و حکمت، عطا و شفاعت یا دیگر فضائل میں زیادہ و کثیر ہوں عرب اسے کوثر کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں پس اللہ تعالی کا یہ پیغامِ اِعْطاءِ کوثر اس بات کی روشن دلیل اور واضح برہانِ جلیل رہا ہے کہ اس نے اپنے محبوب کو ہر ہر اعلی و افضل فضل وکمال اور ہر ہر بالا و اکمل صفتِ جلال و جمال سے متصف فرما کر نواز دیا ہے آپ کو نبوت دی تو بے مثل، کتاب و حکمت ملی تو بے مثل، علم و شفاعت کبری کا سہرا آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ کے سر رہا تو بے مثل، آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ کو مقامِ محمود عطا فرمایا۔ تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ کو ہی کثرتِ اَتْبَاعِ اسلام سے مختص فرمادیا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ کے دین کو تمام اَدْیَانْ پر غالب گردانا۔ رُعب

وَنُصْرَتْ، کثرتِ فتوحات عطا فرما کر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کو عالمین میں بے مثل و ممتاز فرمادیا۔ غرض یہ کہ مجموع صفات میں عالمین میں سے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ مُمْتَنِعُ النَّظِیْر ہیں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کا مساوی و معادل محال و ناممکن ہے۔

ہر مرتبہ کہ بُوَد در اِمکاں بَرُوْ اَسْتْ ختم
ہر نعمتے کہ داشت خدا شُد بَرُوْ تمام

(اَشِعَّةُ اللَّمْعَاتْ)

یعنی جو بھی رتبہ عالم امکان میں تھا آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ پر ختم کردیا گیا، اور ہر وہ نعمت جو خداوند تعالیٰ نے اپنی مخلوق کے لئے مقدر کر رکھی تھی آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ پر تمام و کامل کردی گئی۔ اس لئے کہ آپ کو خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ بنایا تو لازم ہوا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کی ہر ہر صفت اہل کائنات کے صفات سے برتر رہے اور یہ اَمرِ مُسَلَّمْ ہے کہ ہر ہر مخلوق کا فضل وکمال، برتری، شرافت و عظمت محصور و منحصر و محدود ہے اور جو بھی خو و خصلت، کام و عمل جو قرب الٰہی سے متعلق ہے وہ فضل و کمال ہے نیز وہی شرافت و عظمت کہلاتا ہے اور ظاہر کہ جو کام و عمل یا خو و خصلت قرب الٰہی سے متعلق نہ ہو وہ فضل و کمال نہیں نیز قرب الٰہی کے مراتب متفاوت ہوتے ہیں پس فضل و کمال گویا عظمت و شرافت کے مراتب بھی متفاوت ہوتے رہتے ہیں اس میں کسی کو اختلاف نہیں مذکورہ بالا اَمرِ مُسَلَّمْ کے پیش نظر یہ جاننا ضروری ہے کہ کائنات کے فضائل و کمالات کے اَنْوَاعْ و اَجْنَاسْ میں نبوت و رسالت اَعْلٰی نوع و اعلیٰ جنس رہی ہیں پھر رسالت و نبوت کے اعلیٰ تر مراتب میں ختم رسالت و ختم نبوت کا رتبہ و مرتبہ سب سے اعلیٰ تر رہا ہے پس

اَمرِ مُسَلَّم مَذکُور کی روشنی میں یہ خوب ظاہر ہے کہ قُربِ الٰہی کے کمالات میں سے بعض تو وہ ہیں جو بابِ نُبُوَّت و رِسَالَت میں سے نہیں اور بعض وہ کمالات و فضائل ہیں جو بابِ نبوت و رسالت میں سے ہیں اور جو کمالات و فضائل نبوت و رسالت کے باب میں سے ہیں ان میں اعلیٰ ترین کمالات و فضائل وہ رہے ہیں جو فضیلت ختم نبوت و ختم رسالت کے ساتھ مختص و مخصوص ہیں جن کے برابر و مُعَادِل کوئی بھی کمال و فضیلت نہیں ہو سکتی اَعْنِیْ یہ ختم نبوت و رسالت کا مَوْصُوْف بے مِثْل و بے نظیر ہیں اور ان کے ہر ہر کمال و فضیلت مُخْتَص و مَخْصُوْص اور وہ ہیں ہمارے آقا و مولیٰ جنابِ اَحْمَدِ مُجْتَبیٰ مُحَمَّد مُصْطَفیٰ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ و بَس پس روز روشن سے زیادہ روشن کہ ہمارے آقا و مولیٰ وہ نبی ہیں جو قَصْرِ نُبُوَّت و رِسَالَت کا تَکْمِیْل جہات عدالت کا مُحَدِّد، مَکَارِمِ اَخْلَاق و مَحَاسِنِ اَفْعَال کا مُتَمِّم اور تمام خِصَالِ فَضْل و کَمَال کا جَامِع ہیں۔ آپ کا دین تمام اَدْیَان کے لئے نَاسِخ، آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کی شَرِیْعَتِ غَرَّا تابقاء جہان و جہانیان ہمیشہ مُؤَیَّد و قَائِم اور آپ کی رِسَالَت تمام اِنْس و جِنّ کے لئے عام ہے آپ کا فیض و ہدایت جمیع اَنَام پر فَائِض اور آپ کا دین عَلیٰ وَجْہِ التَّمَام وَالْکَمَالِ کسی تَفْرِیْط و اِفْرَاط کے بغیر غَایَتِ اِقْتِصَاد و مِیَانَہ رَوِی میں کَامِل ہے، آپ کا دین تَایَوْمُ الدِّیْن، شائع رہے گا۔ آپ کی مِلَّتِ بَیْضَاء تمام مِلَل و اَدْیَان اور جمیع شرائع پر غالب و ظاہر رہے گی اور اس میں مَجَالِ کَلَام یا شکوک و اَوْہَام کی کوئی گنجائش نہیں۔

وُہی	لَامَکَاں	کے	مَکِیْں ہوئے
سرِ	عَرْش	تخت	نشیں ہوئے
یہ نبی	ہیں جس	کے ہیں	یہ مکان
وہ خدا	ہے جس	کا مکان	نہیں

اس تفصیل کی روشنی میں خوب ظاہر ہوا کہ جب آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ صفت ختم نبوت کے موصوف رہے ہیں۔ اور وہ تمام کمالات و فضائل جو شایان شانِ صفت ختم نبوت ہیں آپ ہی کو دیئے گئے ہیں تو یہ بھی واضح و روشن رہا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کا جمیع کمالات و فضائل میں مساوی و معادل محال و ناممکن ہے یہ بھی واضح و روشن ہے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ جمہورِ کائنات کے لئے ہادی و مُرَبّی اور جمہور کائنات اپنے وجودات تک میں آپ کا محتاج رہے ہیں خالقِ کائنات کی نیابت میں کائنات و ثقلین کی تربیت و ہدایت اور ثقلین کا ظلمات سے نور کی جانب اِخراج آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کا ہی اعلیٰ منصب رہا ہے خلائق کی تہذیب باعمال صالحات آپ سے متعلق رہی ہے تاقیام قیامت محاسن افعال و مکارم اخلاق و حسنات، نیکیوں کی اِشاعت سیئات و گناہوں سے ممانعت و باز رکھنا آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ سے وابستہ رہا ہے نیز بفحوائے مَنْ سَنَّ سُنَّۃً حَسَنَۃً فَلَہٗ اَجْرُھَا وَاَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِھَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ۔ (۱)

آپ کی ہدایت عامہ اور عنایت تامّہ کی بناء پر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ ہر ایک ایک مومن، مسلم، مُتّقی، صالح، شہید، صِدّیق نبی و رسول کے اعمالِ صالحہ و اِرتقاء سے مثاب و ماجور رہیں گے اسی لئے آن حضرت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا، اَنَا اَکْثَرُ النَّاسِ تَبَعًا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ یعنی میں ازروئے اتباع

۱۔ یعنی جو شخص نیک طریقہ ایجاد کرے اسے اس کا اجر و ثواب ملے گا اور اسے قیامت تک اس طریقے پر عمل کرنے والوں کے اجر ملیں گے (بغیر اس کے کہ اس پر عمل کرنے والوں کے اجر میں کمی واقع ہو) ۱۲ مِنْہُ غُفِرَلَہٗ

کے تمام لوگوں سے زیادہ ہوں روز قیامت کہ آپ کے برابر کسی بھی انسان کے متابعین نہ ہوں گے اور فرمایا! اَطْمَعُ اَنْ اَكُوْنَ اَعْظَمَ الْاَنْبِيَاءِ اَجْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ. مجھے امید ہے (۱) یعنی یقین ہے کہ روز قیامت ازروئے اجر و ثواب تمام انبیاء کرام سے بڑا رہوں گا۔

انبیاء کرام آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کے نواب ہیں ان کے شرائع و ہدایا سَیِّدِ عالم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کی ہی شریعت سے ماخوذ ہیں اور آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کی شریعت مَاخَذ پس ان کو ان کے اعمال و شرائع و ہدایا کے جو ثواب و اعواض ملتے رہے ہیں ان کے برابر سَیِّدِ کائنات صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ ان کے اعمال و شرائع و ہدایا پر مثاب و ماجور رہے ہیں پس کائنات میں اجرو ثواب کے لحاظ سے بھی آپ کا برابر نہیں پس آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ بے مثل و بے نظیر رہے ہیں اسی لئے فرمایا۔ لَوْ وُزِنْتُ بِاُمَّتِيْ لَرَجَحْتُ بِهِمْ كَمَا مَرَّ۔ دیکھو تفسیر الشیخ الاکبر رَضِیَ اللہُ عَنْہُ وَاَرْضَاہُ عَنَّا جلد اول صفحہ ۳۶۵ اگر اپنی پوری امت کے ساتھ تولا جاؤں یقیناً ان سب سے بھاری رہوں گا۔ حدیث شریف میں ہے اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حَازَ خِصَالَ الْاَنْبِيَاءِ كُلَّهَا وَاجْتَمَعَتْ فِيْهِ اِذْهُوَ

۱۔ جاننا چاہیئے کہ کلماتِ تَرَجّیْ کَلَامِ اِلٰہی و کلام نبوی نیز کَلَامِ بُلَغَاء میں یقین و تحقیق کا اِفَادَہ کرتے ہیں عینی شرح بخاری میں ہے وَلَعَلَّ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ تَحْقِيْقٌ اِنْتَهٰى اُنْظُرْ حاشیہ ۶ صفحہ ۱۷۳ جلد ۱ بخاری۔ قَوْلُهٗ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ لِسَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ لَعَلَّكَ اَنْ تُخَلَّفَ حَتّٰى يَنْتَفِعَ بِكَ اَقْوَامٌ وَيُضَرَّبِكَ اٰخَرُوْنَ اَلْحَدِيْثُ وَكَذَا ذُكِرَ "اِنْ" در، دفتر اوّل شرح مثنوی مولانا روم بَحْرُ الْعُلُوْمِ مطبع نولکشور، نیز در صفحہ ۳۴ دفتر دوم کلام سَیِّدِنا ابن عربی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ مذکور فرمایا۔ وَالتَّرَجِّيْ مِنَ اللّٰهِ وَاقِعٌ عِنْدَ جَمِيْعِ الْعُلَمَاءِ۔ ۱۲ مِنْهُ غُفِرَلَهٗ۔

عُنْصُرُھا وَمَنْبَعُھَا۔ بے شک سَرورِ دوسَرا صَلَّی اللہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ نے اکٹھا کرلئے تمام وہ خصالِ شریفہ جو انبیاء کرام میں رہے اور سارے خصالِ حمیدہ و اخلاقِ جمیلہ کریمہ آپ میں مجتمع ہوئے اس لئے کہ آپ صَلَّی اللہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ ان سب کے اصل و سرچشمہ رہے ہیں۔ یعنی آپ صَلَّی اللہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ مفیض و انبیاء کرام مستفیض آپ صَلَّی اللہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ مُمِد اور سائرِ انبیاء کرام مُستَمِد رہے ہیں، اس مقصد کو بعد میں ذکر کروں گا۔ اِنْشَآءَ اللہُ تعالٰی۔

تقریرِ بالا سے یہ امر بھی روشن و مُبَرہَن ہوجاتا ہے کہ ساری خدائی آپ صَلَّی اللہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کے مشاہدہ میں ہے اس لئے کہ ساری خدائی کے لیے آپ صَلَّی اللہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ ہی سرچشمۂ فیض و اِفادہ ہیں اور اس لئے کہ آپ صَلَّی اللہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کو کثرت کی معرفت اور توحیدِ تفصیلی کا علم عطا فرمایا گیا ہے پس آپ صَلَّی اللہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالٰی کے حضور میں ہر وقت حاضر ہیں اور اسی کثرت میں وحدت کا مشاہدہ فرمارہے ہیں۔ اسی لئے آپ صَلَّی اللہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کو ان بے شمار و لَامُتَنَاہِی بے مثل نعمتوں کے اِعطاء کے بدلے اداءِ شکر کا حکم دیا گیا ہے، فرمایا۔

(فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ) پس آپ صَلَّی اللہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ استقامت کے ساتھ اپنے رب کے لئے کَامِلْ وَمُکَمَّلْ نماز پڑھیئے۔ ترجمہ میں آپ صَلَّی اللہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کے ساتھ "کامل و مکمل" کی قید اس لئے لگی کہ یہ حکمِ "صَلِّ" (۱) آپ صَلَّی اللہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کو ہی رہا ہے اور نماز درحقیقت مشاہدۂ معبود کی حالت ہے اور ہر شخص کی نماز اس کی استعداد و کمالات کے مطابق ہوا کرتی آپ

۱۔ نماز پڑھیئے۔ ۱۲ مِنْہُ غُفِرَلَہٗ

صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کو تکلیف نماز بھی آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کے حسب مقدور رہی ہے کہ لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا۔ آیۃ ۲۸۶ (۱)
اور جب کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کو پوری خدائی کا مشاہدہ رہا ہے اور ساری خدائی میں آپ کے لئے وَحْدَتِ اِلٰہِیَّہ جلی ہے پس ہر حالت میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ عَلٰی آلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کو صَلوٰۃِ حُضُوْر و مُشَاہَدۂ رَبّ کا حکم دیا گیا ہے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کی صَلوٰۃُ و نَمَازِ حُضُوْر، یہ ہے کہ آپ کی روح پر فُتُوحِ عبادت کی ہر ہر حالت وہر ہر ہیئت میں ہمیشہ ہمیشہ مُشَاہَدۂ رَبّ کے حَظّ سے محظوظ اور لذتِ مشاہدہ سے مَلْذُوْذ رہے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کا قلبِ اَنْوَر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کے رَبّ کی حضور اَبَدَ الْاَبَدْ حاضر رہے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کا نَفْسِ اَنْفَس دَائِمًا بِالدَّوَامْ حُکْمِ رَبَّانِی کا مُنْقَادر ہے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کا بَدَنْ وَ تَنْ، اَنْوَار کا مَعْدِنِ عَدَنْ بِالدَّوَامْ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کے رب کے لئے مطیع و تابع رہے اور یہی وہ نماز ہے جو جمع و تفصیل کا حامل رہی ہے (وَانْحَرْ) اور قربانی کیجئے اونٹوں کی نیز اپنی انائیت کی کیونکہ انائیت یا عدم قربانی شہودِ حق کے لئے مانع ہے، جب تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ ہمیشہ حق کے ساتھ رہیں گے فَنَا فِی الذَّاتِ کے بعد حق کی ہی بقاء سے باقی رہیں گے، ہمیشہ واصلِ حق رہیں گے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کی اُمَّتِ مُؤْمِنَہ جو درحقیقت آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کی اَوْلَادْ و ذُرِّیَاتْ ہیں

۱۔ اَللّٰہُ تَعَالٰی کسی بھی جان پر بوجھ نہیں ڈالتا مگر اس کی طاقت بھر۔ آیۃ ۲۸۶ بقرہ ۲۔ ۱۲ مِنْہُ نَصْرَۃُ اللّٰہ۔

آپ صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم سے مُتَّصِل رہے گی پس جب آپ صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم ہمیشہ اے محبوب اپنے رَبّ سے وَاصِل اور آپ صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم کی اُمّتِ مُؤمِنَہ مُسلِمَہ آپ صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم سے مُتَّصِل رہی تو صاف ظاہر ہے کہ آپ صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم مُنقَطِعُ النَّسل و اَبتَر نہیں رہیں بلکہ (اِنَّ شَانِئَکَ هُوَالاَبتَر) بلاریبٌ وارتیاب آپ صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم سے بُغض وبَیر رکھنے والا ہی مُنقَطِعُ النَّسل، اَبتَر، اور ہر خیر سے مَحرُوم رہا ہے اور رہے گا کہ اس کا حال آپ صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم کے حال کا مُخَالِف رہا ہے آپ صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم تو اَللہُ تعالیٰ سے وَاصِل، اس کی بقاء سے بَاقِی، قَائِم ودَائِم ہیں آپ صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم کی اَولادِ حَقِیقِی تا اَبَد آپ صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم سے مُتَّصِل ہیں اِن میں اَبَدُالاَبَاد آپ صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم کا ذِکروفکر آپ صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم کی یاد وچرچا بَاقِی وجَارِی رہے گا خَلَائِق وعَالَمِین دَہرُالدَّاہِرِین آپ صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم کے ذِکر ویاد سے رَطبُ اللّسَان ومَسرُور رہیں گے اس کے بَرخِلاف آپ صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم کا دُشمَن، آپ صَلَّی اللہُ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم سے کِینَہ وبُغض رکھنے والا فَانِی اور ہَلَاک ہونے والا ہے نہ اس کا ذِکر وچرچا رہے گا نہ ہی اس کی جَانِب کسی اَولاد کی نِسبَت رہے گی۔ وَاللہُ تعالیٰ اَعلَم مُفَسِّر اِمَام عَلِیّ بن مُحَمَّدِ المَعرُوف بخَازِن اس سُورَہ مُبَارَکَہ کی تَفسِیر اپنی تفسیر میں یوں کرتے ہیں۔ مَعنَی الاٰیَۃِ۔

قَدْ اَعطَیْتُکَ مَالَانِہَایَۃَ لِکَثرَتِہٖ مِنْ خَیرِالدَّارَینِ وَخَصَصْتُکَ بِمَالَمْ اَخُصَّ بِہٖ اَحَدًا غَیرَکَ فَاعبُدْ رَبَّکَ الَّذِي اَعطَاکَ ہٰذَا العَطَاءَ الجَزِیلَ وَالخَیرَ الکَثِیرَ وَاَعَزَّکَ وَشَرَّفَکَ عَلٰی کَافَّۃِ الخَلقِ وَرَفَعَ مَنزِلَتَکَ فَوقَہُمْ فَصَلِّ لَہٗ وَاشکُرْہُ عَلٰی اِنعَامِہٖ عَلَیکَ وَانحَرِ البُدْنَ مُتَقَرِّبًا اِلَیہِ۔ (اِنَّ شَانِئَکَ) یَعنِي عَدُوَّکَ وَمُبغِضَکَ (هُوَالاَبتَر) یَعنِي هُوَ

اَلْاَذَلُّ الْمُنْقَطِعُ دَابِرُہٗ۔ (اِنْتَھٰی عِبَارَتُہُ الشَّرِیْفَۃُ)

یعنی آیۃ کے معنی یہ ہیں کہ میں نے آپ کو اے محبوب وہ دیا ہے جس کی کثرت کی کوئی انتہاء نہیں دونوں جہان کی بہتریاں آپ ہی کو دی ہیں اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کو مختص کردیا اُن نعمتوں سے جو آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے سوا کسی اور کو اُن کے ساتھ مختص نہیں کیا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ اپنے رَبّ کی عبادت کیجئے جس نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کو یہ عطاءِ جزیل دیا اور اس نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کو اس خیرِ کثیر سے نوازا ہے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کو تمام مخلوق پر غلبہ و شرف بخشا اور اس نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کا رتبہ سب کے اوپر کردیا پس اس کے لئے نماز پڑھیئے اور اس کے اِنْعَامَاتِ بِلَا نِہَایَہ پر شکر ادا کیجئے جو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ پر کئے ہیں اور اونٹوں کی قربانی کیجئے اسی کی قربت چاہتے ہوئے بیشک تیرا دشمن اور تجھ سے بُغض رکھنے والا ہی اَبْتَرْ ہر خیر سے مَحْرُوْم و مُنْقَطِعُ النَّسْل رہے گا یعنی وہی ذلیل و بے کس رہے گا اس کی پشت پناہی کوئی نہیں کرے گا (آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کے لئے تو اَللّٰہُ تَعَالٰی بَسْ ہے) آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کا دشمن بے بَسْ و بے کَسْ ہے وَبَسْ۔

نیز مُفَسِّرِ قُرْآن اِمَام عَلِیّ بِنْ مُحَمَّد اپنی تفسیر "خَازِن" میں اسی سُوْرَۂ کَرِیْمَہ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

فَجَمِیْعُ مَاجَآءَ فِي الْكَوْثَرِ فَقَدْ اَعْطِیَہُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَعْطَی النُّبُوَّۃَ وَالْكِتَابَ وَالْحِكْمَۃَ وَالْعِلْمَ وَالشَّفَاعَۃَ وَالْحَوْضَ وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَكَثْرَۃَ

الْأَتْبَاعِ وَالْإِسْلَامَ وَاِظْهَارَهُ عَلَي الْأَدْيَانِ كُلِّهَا وَالنَّصْرَ عَلَي الْأَعْدَاءِ وَكَثْرَةَ الْفُتُوحِ فِي زَمَنِهٖ وَبَعْدَهٗ اِلٰي يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔ یعنی کوثر کی تفسیر میں جو بھی آیا ہے بِلَاشَکٍّ وَّبِغَیْرِ اِرْتِیَابٍ کے اَللّٰہُ تَعَالٰی نے اپنے حبیب پاک سَرْوَرِ دُوسَرَا جنابِ اَحْمَدِ مُجْتَبٰی کو صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ سب کے سب دے دیئے ہیں عالمگیر نُبُوَّتْ (۱) دی کتاب و حکمت سے نوازا علم و شفاعت عطا فرمائی حوض سے مختص فرمادیا مَقَامِ محمود سے شرف بخشا آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کے مُتَابِعِیْنُ وَمُتَّبِعِیْن کو کثرت دی کثرتِ اِسلام یعنی مُعْتَقِدِیْنِ اِسْلَام کو کثیر کردانا آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کے دین کو تمام اَدْیَان پر غالب گردانا دشمن و اعدائے دینِ متین پر فتح و نُصْرَتْ عطا فرمائی آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کے ظاہری زمانے میں بھی اور آپ ﷺ کے بعد والے زمانہ میں بھی قیامت تک کی۔

اِمَامُ الْمُحَدِّثِیْنِ سَیِّدُنَا مُحْیِ السُّنَّۃِ صَاحِبُ الْمَصَابِیْحِ اپنی تفسیر مَعَالِمُ التَّنْزِیْل میں اس سند کے ساتھ روایت فرماتے ہیں اَخْبَرَنَا عَبْدُالْوَاحِدِ الْمَلِیْحِیُّ انا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ النَّعِيْمِيُّ انا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ ثنا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ ثنا بَاشِمٌ ثنا اَبُوْبِشْرٍ وَّ عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰي عَنْهُ۔ قَالَ اَلْكَوْثَرُ الْخَيْرُ الْكَثِيْرُ الَّذِيْ اَعْطَاهُ اللّٰهُ اِيَّاهُ قَالَ اَبُوْبِشْرٍ قُلْتُ لِسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ اِنَّ اُنَاسًا يَزْعَمُوْنَ اَنَّهٗ نَهْرٌ فِي الْجَنَّةِ فَقَالَ سَعِيْدٌ اَلنَّهْرُ الَّذِيْ فِي الْجَنَّةِ مِنَ الْخَيْرِ

۱۔ چونکہ آپ کی حقیقت عالمگیر رہی ہے اور آپ کی نبوت پیدائشی ہے تو آپ کی نبوت بھی عالمگیر رہی اسی طرح آپ کو کتابِ مبین عطا فرمائی جس میں عالمین کے ہر رَطْبٍ وَّ یَابِسٍ (تر و خشک) کا اجمالی و تفصیلی ذکر ہے اسی طرح حکمت عالمین علم و شفاعت نیز دیگر صفات خاصہ آپ کے عالی ہیں اسی طرح حرفِ تعریف مُشْعِر ہے۔ ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ

الَّذِيْ اَعْطَاهُ اللّٰهُ اِيَّاهُ۔ یعنی عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ اَلْکَوْثَر وہ خیر کثیر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلم کو دی ہے اَبُوالبشر نے کہا میں نے سعید بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ کچھ لوگوں کا گمان ہے کہ اَلْکَوْثَر جنت میں ایک نہر ہے تو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ وہ نہر جو جنت میں ہے اسی خیر کثیر کا ایک حصہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلم کو دیا ہے۔ اسی عنوان کے تحت سیدنا محی السنّہ فرماتے ہیں۔ قَالَ اَهْلُ اللُّغَةِ اَلْكَوْثَرُ فَوْعَلٌ مِنَ الْكَثْرَةِ كَنَوْفَلَ فَوْعَلٌ مِنَ النَّفَلِ وَالْعَرَبُ تُسَمِّيْ كُلَّ شَيْءٍ كَثِيْرٍ فِي الْعَدَدِ اَوْكَثِيْرٍ فِي الْقَدْرِ وَالْخَطَرِ كَوْثَرًا۔ علمائے لغت نے کہا کہ "اَلْکَوْثَر" بروزنِ فَوْعَل کے "کَثْرَۃ" سے لیا گیا ہے جیسا کہ نَوْفَل بروزنِ فَوْعَل ہے۔ نَفَل سے لیا گیا ہے اور عرب ہر اس چیز کو جو تعداد کے لحاظ سے زیادہ ہو یا قدروقیمت و عظمت میں زیادہ ہو کوثر کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

جنابِ سیدنا حضرت الشیخ الاکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ عنا سورۂ کوثر کی تفسیر اپنی الہامی عطائی عبارت و کلمات میں یوں فرماتے ہیں:

سُوْرَةُ مُبَارِكَة اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ

تفسیرِ اسرار پذیر: اَيْ مَعْرِفَةَ الْكَثْرَةِ بِالْوَحْدَةِ وَعِلْمَ التَّوْحِيْدِ التَّفْصِيْلِيِّ وَ شُهُوْدَ الْوَحْدَةِ فِي عَيْنِ الْكَثْرَةِ بِتَجَلِّي الْوَاحِدِ الْكَثِيْرَ وَالْكَثِيْرِ الْوَاحِدَ وَهُوَ نَهْرٌ فِي الْجَنَّةِ مَنْ شَرِبَ مِنْهُ لَمْ يَظْمَأْ اَبَدًا۔

ترجمہ: یعنی اے محبوب بے شک ہم نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلم کو وحدت کے ساتھ کثرۃ کی معرفت عطا فرمائی توحیدِ تفصیلی کا علم دیا نیز ہم نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلم کو عین اسی کثرت میں وحدت کا حضور و شہود

عطا فرمایا واحد کی تجلّی کثیر (۱) پر ہونے کی صورت میں اور کثیر کی تجلّی واحد پر ہونے کی صورت میں (نیز) یہ کہ کَوثَر ایک نہر ہے جَنّت میں جو بھی اس سے پئے گا کبھی پیاسا نہ رہے گا۔

تشریح:۔ حَقّ تعالیٰ کا وُجُود اَعیَان وَ کائنَات کے لئے مِرآت وَ آئینہ ہے۔ نیز کائنَات وَ اَعیَان، وُجُودِ حَقّ تعالیٰ کے لئے مِرآت وَ آئینہ رہے ہیں۔ اِعتِبارِ اَوّل کی تقدیر پر آئینۂ وُجودِ حَقّ میں اَعیَان کا ظہور بِذَاتِھَا نہیں ہوتا بلکہ اس میں اَعیَان کے آثار وَ اَحکَام ظاہر ہوتے ہیں وَ بَس کیونکہ اعیان و ممکنات کے لئے لِذَاتِھَا وُجُود کی بُو بھی نہیں[۲] مَوجُود چہ جائیکہ لِذَاتِھَا اُن کی بُود وَ وُجُود پس ظاہر کہ اَعیَان کا ظُہُور بِنَفسِہا اس آئینۂ وُجُودِ حَقّ میں نہیں ہوتا۔

نہ ہی اس آئینۂ وُجُودِ حَقّ میں مِنْ حَیثُ ھُوَ وُجُودِ حَقّ ظاہر ہوتا۔ بِعَینِہٖ اَیسَا جیسا کہ آئینہ جس میں دوسری چیز کی جو بِالمُقَابِل ہو، پَرتَو تو ظاہر ہو جاتی ہے پر بِعَینِہٖ اس مُقَابِل کا اس کے اندر ظہور نہیں ہوتا نہ ہی آئینہ میں بعینہ آئینہ کا ظہور۔ اور اگر اعیان کو وجود حَقّ تعالیٰ کے لئے آئینہ گردانا جائے تو اس تقدیر پر اس آئینۂ اَعیَان کے اندر وُجُودِ حَقّ مِنْ حَیثُ ھُوَ کا ظُہُور نہیں ہوتا بلکہ اس میں وُجُودِ حَقّ کے اَسمَآء، صِفَات، شُیُونَات وَ تَجَلِّیَات اور ان اُمُور (۲) کے مُتَعَیِّن کے وُجُودَات ظاہر ہوں گے نیز اسی آئینۂ اَعیَان میں اَعیَان کا بِذَاتِھَا ظُہُور نہیں ہوتا۔ یہی اور اسی طرح خصوصیت ہوتی ہے آئینہ کی کہ اس میں یَعنِی آئینہ میں بِعَینِہٖ آئینہ کا ظہور نہیں ہوتا۔ نتیجہ یہ رہا کہ وُجُودِ حقیقی اور اعیانِ ثَابِتَہ دونوں

۱۔ کہ واحد کی تجلّی کثیر پر ہوتی ہے اور کثیر کی واحد پر پڑتی - مِنہُ غَفَرَلَہُ اللّٰہُ وَنَصَرَہٗ۔

۲۔ اَعنِی بِہٖ اَسمَآء، صِفَات، شُیُونَات وَ تَجَلِّیَات - مِنہُ غَفَرَلَہٗ وَنَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ۔

۳۔ وَالمُرَادُ بِہٖ الوُجُودُ العَینِیُّ المُرَتَّبُ الاٰثَارِ ۱۲ (شرح سُلّم العلوم لبحر العلوم رضی اللہ عنہ ص ۱۱۵

ازلاً و ابداً مرتبۂ بطون میں رہے ہیں جو بھی ظاہر ہے یا تو احکام و آثارِ اعیان ہیں بر بناءِ تقدیرِ اوّل اور یا اسماءُ و صفاتُ و شئوناتُ و تجلیاتِ الٰہیہ ہیں بر بناءِ اعتبارِ ثانی۔

یہ فقیر ابوالفتح محمد نصر اللہ خان بن خوش کیار خان السرروضوی اس مقصد کے اثبات پر علامہ جامی کی نظمِ منظم پیش کرتا ہے جو انھوں نے اپنی کتابِ مستطاب نقد النصوص شرحِ نقشِ الفصوص میں قلمبند فرمائی ہے۔

ممکن زتنگنائی عدم ناکشیدہ رخت
واجب بجلوہ گاہِ عیان ننہادہ گام
در حیرتم کہ این ہمہ نقشِ غریب چیست
برلوحِ صورت آمدہ مشہودِ خاص و عام
ہریک نہفتہ لیک ز مرآتِ آن دیگر
برداشتہ از جلوۂ احکامِ خویش کام
بادہ نہان و جام نہان آمدہ پدید
در جام عکسِ بادہ و در بادہ رنگِ جام

یعنی عالمِ لیس (۱) یا تنگیِ عدم سے ممکن، سازوسامان لے کر راہی عالمِ ایس (۲) نہیں ہوا۔ نہ ہی واجب (۳) نے اعیان کی جلوہ گاہ میں قدم رکھا۔ پر حیران ہوں کہ یہ سب نقوشِ عجیبہ کیا ہیں ؟

۱۔ عدم ۱۲ منہ نصرہ اللہ تعالیٰ
۲۔ وجود ۱۲ منہ غفرلہ و نصرہ اللہ تعالیٰ
۳۔ وجودِ مطلق۔ ۱۲ منہ نصرہ اللہ تعالیٰ

جو خاص و عام کے سامنے شکل و صورت کی تختی پر آشکارا ہیں۔ ہر ایک چھپا ہوا ہے پر دونوں نے ایک دوسرے کے آئینے سے اپنے آثار و احکام کے جلوے ظاہر کر کے کام اپنے کئے ہیں۔

شراب پوشیدہ ہے اور جام شراب بھی پوشیدہ رہا پر جام میں عکس شراب اور شراب میں رنگ جام آشکارا ہے۔

حضرت سَیِّدُنَا شیخ اکبر خاتَمِ نَصِّ الْوِلَایَۃِ الْمُحَمَّدِیَّۃ کی تفسیرِ مُنیر کے مَذکُورَہ کَلِماتِ مُلْہَمَہ نے واضح کر دیا ہے کہ اَللّٰہُ تَعَالٰی نے سَرْوَرِ دُوسَرا عَلَیْہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ کو وَحدتُ و کَثرتُ کی معرفت دی، ان دونوں کا شاہد و مشاہد بنادیا ہے، وجود حق، وجود مطلق کے تجلیات، شیونات صفات و اسماء کا مشاہدہ آئینہ اعیان میں اور اعیان کے آثار و احکام کا معائنہ آئینہ وحدت میں فرما رہے ہیں بیک وقت (۱) اس نِعمَتِ عظمٰی سے بھی مَحظُوظ اور اس نِعمَتِ وَالَا سے بھی مَلذُوذ وَالْحَمْدُ لِوَلِیِّہٖ وَالصَّلٰوۃُ عَلٰی نَبِیِّہٖ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ الْمُتَأَدِّبِیْنَ بِاٰدَابِہٖ۔

پس حضرت شیخ الاکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ وَاَرْضَاہُ عَنَّا کے کلماتِ مُلْہَمَہ کی تَفْسِیرِ مُنیر نے آفتابِ نیمروز سے زیادہ روشن طَور پر واضح کر دیا کہ اَللّٰہُ تَعَالٰی نے سَرْوَرِ دُوسَرا عَلَیْہِ التحیۃ والثناء کو وحدت و کثرت دونوں کا بہ یک وقت شاہد و مشاہد بنادیا حق کا مشاہدہ خلق میں، اور خلق کا حق کے اسماء و صفات و شیون و تجلیات میں براہ راست بِلَا تَوَسط غیر کر رہے ہیں اس لئے کہ حَقِیقَتِ مُحَمَّدِیَّہ عَلٰی صَاحِبِہَا اَلْفُ اَلْفِ التَّحِیَّۃُ اللہ تعالیٰ کے اِسْمِ اَعْظَم (۲) کا ہی مَظْہَرِ اَتَم رہی ہے اور یہ ظاہر بلکہ اَظْہَر ہے کہ تمام اَسمَاءُ وَ صِفَاتْ،

۱۔ کیونکہ آپ کی حقیقت سب کو جامع ہے۔ ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

۲۔ اسم ذات ۱۲ مِنْہُ

کل شیُونُ وُ تجلّیاتْ اسم ذات کے حیطہ کے اندر ہیں پس یہ حقیقت ہے کہ یہ حقیقتِ مُحَمَّدِیَّہ تمام اسماء و صفات، سارے شیون و تجلیات کا مشاہدہ اعیان میں نیز اسی وقت اعیان کا مشاہدہ و معائنہ اسماء و صفات، شیون و تجلیات میں فرما رہی ہے یہی حقیقت وہ حقیقت ہے جو کثرت میں وحدت کا مشاہدہ کرتی اور وحدت حق کا مشاہدہ کثرت میں پس نتیجہ صاف ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کو دونوں کی معرفت عطا فرمائی ہے۔

فَصَلِّ لِرَبِّكَ۔ اَيْ اِذَا شَاهَدْتَ الْوَاحِدَ فِي عَيْنِ الْكَثْرَةِ فَصَلِّ بِالْاِسْتِقَامَةِ الصَّلٰوةَ التَّامَّةَ بِشُهُوْدِ الرُّوْحِ وَ حُضُوْرِ الْقَلْبِ وَانْقِيَادِ النَّفْسِ وَ طَاعَةِ الْبَدَنِ بِالتَّقَلُّبِ فِيْ هَيَاكِلِ الْعِبَادَاتِ فَاِنَّهَا الصَّلٰوةُ الْكَامِلَةُ الْوَافِيَةُ بِحُقُوْقِ الْجَمْعِ وَالتَّفْصِيْلِ۔

یعنی جب آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ نے واحد کا مشاہدہ عَیْنِ کثرت میں کیا تو آپ کامل نماز پڑھیئے مشاہدۂ روح کے ساتھ اور حضورِ قلب کے ساتھ اور انقیادِ نفس و طاعتِ بدن کے ساتھ ہیئات عبادات اور ان کی صورتوں میں پھرتے ہوئے (۱) اور وجودِ الٰہی کے حقوق کا ایفا و اِجراء جمع و تفصیل کی اسی صَلٰوتِ معرفت

۱۔ تَقَلُّب سے مراد راہِ سُلُوک میں اِنتقالاتِ مَراتِب ہے مَعْنیٰ یہ ہوئے کہ یہی وہ سلوک ہے جس میں انتقالات سے رُتبہ بَرتبہ تَرَقِّی اور حال سے اعلیٰ حال کی جانب پیش قدمی ہوتی ہے اللّٰہُ تَعَالٰی کا اِرشَاد ہے۔ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰكُمْ الْآيَةَ سَيِّدُنَا الشَّيْخُ الْاَكْبَرُ مُحْيِ الدِّيْنِ بْنُ عَرَبِي رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ نے اس آیتِ کَرِیْمَہ کی تفسیر میں فرمایا اِنْتِقَالَاتِكُمْ فِي السُّلُوْكِ مِنْ رُتْبَةٍ اِلٰي رُتْبَةٍ وَحَالٍ اِلٰي حَالٍ وَ مَثْوٰكُمْ وَمَقَامُكُمُ الَّذِيْ اَنْتُمْ فِيْهِ فَيُفِيْضُ عَلَيْكُمُ الْاَنْوَارَ وَيُنَزِّلُ الْاِمْدَادَ عَلٰي حَسْبِهَا صفحہ ۲۴۵ جلد ۲ سُورَۂ مُحَمَّد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ یَعْنِیْ اَللّٰہُ تَعَالٰی جانتا ہے سُلُوک میں ....

میں ہی ہے یہی نماز کامل و مکمل ہے اور یہی وہ نماز ہے جو حقوق جمع و تفصیل پر مشتمل رہی ہے۔

آیہ کریمہ کا خلاصہ یہ ہوا کہ اے محبوب! چونکہ اللہ تعالی نے آپ پر وحدت و کثرت نیز جمع و تفصیل کا انکشاف و اکتشاف کردیا ہے پس آپ ہر حالت میں ہمیشہ کے لئے اپنی روح پُر فُتُوح اور اپنے تَن و مَنِ مَامَن کو اپنے رَبّ کی جانب مُتَوَجِّہ کر کے جَمْعُ وَ وحدَتُ کا شہود تفصیل و کثرت میں اور کثرت و تفصیل کا مشاہدہ جَمْعُ و وحدَتُ میں کیا کیجئے یہی آپ کی وہ کامل نماز ہے جس میں عبادت کے مختلف ہَیاکِلُ و ہَیْأٰتُ ہیں اور یہی نماز جمع و وحدت، تفصیل و کثرت کے تمام حقوق کا تَوفِیَہ کرتی ہے۔

اس کا حاصل یہ ہے کہ آیَتِ کَرِیْمَہْ نے ثابت کردیا کہ سَرْوَرِ دُوسَرا عَلَیْہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ کا ہر ہر لَمحَہ لَامِعَہ اَللہُ جَلَّ مَجْدُہٗ کے اسماء و صفات، شیون و تَجَلّیَاتُ کے مشاہدے میں اس طور پر گزرتا رہا ہے کہ آپ کی رُوحِ اَنْوَرْ مُشَاہِدْ وَ حَاضِرْ، آپ کا قَلْبِ اَنْوَرْ حَاضِرْ، آپ کا نَفْسِ اَنْفَسْ مُنقَادْ اور آپ کا بَدَنِ اَنْوَرْ تَابِعْ رہا ہے۔

آئینہ اعیان میں اسماء و صفات، شیون و تجلیات کا مشاہدہ حاصل رہا ہے اور وجود مطلق کے آئینہ میں آثار و احکام کا معائینہ فرماتے رہے ہیں۔ اس مُشَاہَدَہْ کَامِلَہْ کی نعمت عُظْمٰی کی بجا آوریٔ شکر کی خاطر آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کو مُشَاہِدَہْ نماز پر مَامُوْر کردیا گیا تاکہ اس نعمت عُظْمٰی کی شکر گزاری بِوَجْہٍ اَتَمّ ہو اور مشاہدہ بالائے

.... تمھارے اِنْتِقَالَاتْ ایک رتبہ سے دوسرے رتبہ کی طرف اور ایک حال سے دوسرے حال کی جانب اور اَللہُ تَعَالٰی جانتا ہے تمھارے وہ مَقَامْ جن میں تم ہو تو تم پر اَنْوَارْ کا اِفَاضَہ کرتا ہے اور ان مَقَامَاتْ کے مطابق اپنی اِمْدَادْ نازل فرماتا ہے۔ ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللہُ تَعَالٰی۔

مشاہدہ عَلٰی وَجْہِ الدَّوَامِ وَالْاِسْتِمْرَارِ حاصل رہے جس کی قوت و سکت آپ کے سوا کسی دیگر کی بس سے خارج و باہر ہے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کی نمازِ مُشاہدہ وہ نماز ہے جس کے مشاہدہ میں نمازی کی ہر ہر نماز رہی، (۱) رہتی اور رہے گی کہ اس کی

۱۔ اس مُشَاہَدَہ کا مُظَاہَرَہ سَیِّدُ الْوَرٰی عَلَیْہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ نے اس حدیثِ پاک میں کیا ہے جس کو اِمَام بخاری رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْبَارِی نے اپنی جَامِع میں سَیِّدُنَا اَبُوْہُرَیْرَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت کیا ہے فرمایا:

اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ ھَلْ تَرَوْنَ قِبْلَتِیْ ھٰہُنَا فَوَاللّٰہِ مَایَخْفٰی عَلَیَّ خُشُوْعُکُمْ وَلَارُکُوْعُکُمْ اِنِّیْ لَاَرٰکُمْ مِنْ وَّرَاءِ ظَہْرِیْ۔ دیکھو صفحہ ۵۹ جلد ۱۔

یَعْنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ میرا قبلہ (صرف) یہاں ہے تو اَللّٰہُ تَعَالٰی کی قسم مجھ پر نہ تو تمہارا خشوع پوشیدہ ہے نہ تمہارا رکوع بے شک میں ضرور تمھیں اپنے پسِ پُشْت دیکھتا ہوں۔

حَدِیْثِ شریف کا پہلا جُمْلَہ اِسْتِفْہَامِیَّہ ہے اور اِسْتِفْہَامْ اِنْکَارِی ہے یعنی ایسا نہیں کہ میں صرف اس جانب کو دیکھتا ہوں جو سامنے ہے بلکہ اگلی جہت اور پچھلی جہت سب میرے سامنے اور میرے اِحَاطے میں ہیں۔ اسی لئے فَاءِ تَفْرِیْعِیَّہ اپنے کلام میں استعمال فرما کر فرمایا۔ "فَوَاللّٰہِ" دوسرا یہ کہ آپ نے جُمْلَہ قَسَمِیَّہ استعمال فرمایا۔ تیسرا یہ کہ خشوع وہ عجز و تواضع ہے جو قلبی کیفیت ہے اور دل سے تعلق رکھتا ہے اور رکوع ظاہری تواضع و ظاہری کیفیتِ اِنکسار ہے چوتھا یہ کہ اِنِّیْ سے جملہ شروع فرما کر اِنَّ کی خبر پر لَامِ قسم داخل فرما کر رُؤْیَتِ کُل کے دیکھنے اور جانتے کا مظاہرہ فرمادیا کہ رُؤْیَتْ عِلْم و دیکھنے دونوں معنی میں آتا ہے کیونکہ رُؤْیَتْ اَسْبَابِ علم میں سے ہے۔ جب کہ سبب بول کر مراد مُسَبَّبْ لیا گیا ہو۔ بیک کرشمہ دو کار۔ ......

قوت آپ کے رَبِّ مُقِیتُ وُ قَدِیرُ نے آپ کو دی ہے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ ۔ وَانْحَرْ، بَدَنَۃَ اَنَانِیَّتِکَ لِئَلَّا تَظْھَرَ فِیْ شُھُوْدِکَ بِالتَّلْوِیْنِ وَنَسْلُبَکَ مَقَامَ التَّمْکِیْنِ وَکُنْ مَعَ الْحَقِّ بِالْفَنَاءِ الصِّرْفِ بَاقِیًا بِبَقَائِہٖ اَبَدًا فَلَا تَکُوْنُ اَبْتَرَ فِیْ وُصُوْلِکَ وَحَالِکَ وَاتِّصَالِ اُمَّتِکَ الَّذِیْنَ ھُمْ ذُرِّیَّتُکَ بِکَ۔

یعنی اور اپنی اَنَانِیَّتْ کی اونٹنی قربان کیجئے تاکہ آپ کے شُھُوْدُ میں تَلْوِیْنُ ظاہر نہ ہوپائے تاکہ آپ کے اَعْلٰی مَقَامِ جَاوْ، مقامِ تمکین کو سلب نہ کروں اور آپ ہمیشہ کے لئے تمامتر فنا ہو کر حق کے ساتھ رہیئے حق کی بقاء سے باقی رہیئے تو اس طور پر آپ اپنے وصول اور اپنے حال میں (حق) سے منقطع نہ رہیں گے نہ ہی آپ کی امت جو آپ کی اولاد (روحانی ہے) آپ سے اتصال میں منقطع و محروم رہے گی۔

اِنَّ شَانِئَکَ اِنَّ مُبْغِضَکَ الَّذِیْ عَلٰی خِلَافِ حَالِکَ الْمُنْقَطِعَ عَنِ الْحَقِّ، ھُوَالْاَبْتَرُ لَا اَنْتَ فَاِنَّکَ الْبَاقِیُّ بِبَقَائِہٖ الدَّآئِمِ الْمُتَّصِلِ بِکَ ذُرِّیَاتُکَ الْحَقِیْقِیَّۃُ مِنْ اَھْلِ الْاِیْمَانِ اَبَدَالْاٰبِدِیْنَ الْمَذْکُوْرُ فِیْھِمْ دَھْرَالدَّاھِرِیْنَ وَھُوَالْفَانِیْ بِالْحَقِیْقَۃِ الْھَالِکُ الَّذِیْ لَایُوْجَدُ وَلَایُذْکَرُوَ لَایُنْسَبُ اِلَیْہِ وَلَدٌ حَقِیْقَۃً وَاللّٰہُ اَعْلَمُ۔

یعنی بے شک آپ سے بَیْرُ وُ بُغْضُ رکھنے والا وہ ہے جس کا حال آپ کے حال سے بالکل مخالف ہے (اور) وہی ہے جو حق سے منقطع ہے درحقیقت وہی ابتر ہے وہی ہر

.... اسی حدیث شریف پر عَلَّامَہ بَدْرُالدِّیْن عَیْنِیْ کا تَبْصَرَہْ یہ رہا کہ یہ عِلْمُ وُ رُؤْیَۃُ آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کا اپنے تمام اَحْوَالْ میں رہے۔ صرف حالت نماز کے ساتھ مُخْتَصْ نہ تھے فرمایا مجاہد کا قول ہے اِنَّہٗ کَانَ فِیْ جَمِیْعِ اَحْوَالِہٖ یَعْنِیْ مَاکَانَتْ مُخْتَصَّۃً بِحَالَۃِ الصَّلٰوۃِ۔ دیکھو حاشیہ ۲ بخاری شریف المجلد الاول صفحہ ۵۹

خیر سے مَحرُوم ہے نہ آپ کیونکہ آپ حق ہی حق کی دائمی، وسَرمَدِی بقاء سے باقی ہیں اور رہیں گے اہل ایمان جو درحقیقت آپ کی اولاد ہیں ہمیشہ ہمیشہ آپ سے متصل رہیں گے ان میں تابَقاءِ زمان آپ کا ذِکر و چرچا جاری رہے گا اور وہ (آپ سے بُغض و بیر رکھنے والا) ہی نیست و نابود اور ہلاک ہونے والا ہے۔ وہی ہے جس کا نہ تو وُجود و بُود ہو گا نہ اس کا ذکر و چرچا رہے گا نہ ہی اس سے کوئی وَلَدو مَولُود مَنسُوب ہو رہے گا۔ وَاللہُ اَعْلَمُ

یہ مِسکِین خادِمِ دِینِ مَتِینِ مُصطَفَوِی اَبُوالفَتح مُحَمَّد نَصرُاللہ خَان بنُ خُوش کِیار خَان السَّررُوضَوِی نَصرَہُ اللہُ القَوِیُّ کہتا ہے وَبِاللہِ التَّوفِیقُ وَھُوَ نِعْمَ الرَّفِیقُ۔ مَذکُورَہ بیانات و بَرَاہِین سے وہ رَاسِخ عَقِیدَہ تو روزِ روشن سے زیادہ روشن ہوا کہ سَیِّدُ الوَرٰی عَلَیہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ اپنے رَب کے جمالِ ذَات و صِفَات و اَفعَال کا مُشَاہَدَہ براہ راست اَعیَان و کائِنَات کے آئینہ میں کرتے رہے ہیں اب دو مقاصد ایسے ہیں جن کے اِیضَاح و تَفصِیل نہایت ضروری ہے۔

۱۔ اَوّل یہ کہ سَیِّدُ الوَرٰی عَلَیہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ کو جَمَالِ ذَاتِ رَب کا کمال مُشَاہَدَہ اس درجہ حاصل ہے جس میں کوئی بھی آپ کا برابر و مساوی نہ رہا اور نہ رہے گا اس بحث و مقصد کی بناء محاورہ۔ محاضرہ مکاشفہ اور مشاہدہ کی تفصیل پر ہے۔

۲۔ دوسرا یہ کہ مخلوق میں سے ہر شخص اپنی اِستِعدَاد کے مطابق رب کا مشاہدہ سب کائنات سے زیادہ سَیِّدِ کَائِنَات عَلَیہِ الصَّلَوَاتُ وَالتَّسلِیمَات کی پاک ذَات و صِفَات و اَفعَالِ مُنَوَّرَہ میں کامل طور پر کرسکتا ہے وبس اس مَقصَدِ اَعظَم کے حصول کے لئے بہتر محل اور بہتر وقت نمازی کا قعدہ اور اس کا تشہد ہے جس نے نمازی کو تشہد کے کلمات اور کلمات کی ترتیب نے بہتر تَصَوُّر عطا فرمایا اور مشاہدہ رب کا بہت بہتر موقعہ مُہَیَّا کردیا ہے۔

پہلا مقصد

مُشَاھَدہ - مُکَاشَفہ - مُحَاضَرہ کی تعریف میں

جان لیں کہ تَجَلِّیَات کی تین قسمیں ہیں۔ تَجَلِّیِ ذَات، تجلی صِفات، تجلی اَفعَال۔

۱۔ تجلی ذات کی دو قسمیں ہیں۔ اوّل یہ کہ اگر تجلی ایسی رہی جس سے سَالِک کی ذات، انوار کے تَجَلِّیَات اور سَطوَات میں فانی، اور اس کے صفات ان میں مسلاشی (۱) ہو گئے ہیں پر اس کے بقایای وجود سے اب بھی کچھ باقی رہا پس اس تجلی کو صعقہ کہا جاتا ہے۔ یہ تجلی ذاتی ہے جس کی ایک علامت و تاثیر یہی ہے جو مذکور ہوئی چنانکہ سَیِّدُنَا مُوسٰی عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیہِ الصَّلوٰۃُ وَالسَّلَامُ کا حال جن کو اَللّٰہُ تَعَالٰی نے اسی تجلی ذاتی کے ساتھ باندھ کر فانی کردیا۔ اَللّٰہُ تَعَالٰی کا اِرشَاد ہے۔ فَلَمَّا تَجَلّٰي رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوسٰي صَعِقًا۔ (آیت ۱۴۳ سورۃ اعراف)

ترجمہ: پھر جب اس کے رَبّ نے اپنا نور چمکایا پہاڑ پر اسے پاش پاش کردیا اور موسیٰ بے ہوش گرا۔

اور اگر تجلی ذاتی کی تاثیر سے سَالِک بِالکُلّ وَبِکُلِّی بَقَایاءِ وُجُودْ سے اِنقِلَاع کر چکا ہے۔ چنانچہ فَنَاءِ وُجُودْ کے بعد اس کی حقیقت بقاءِ مطلق سے واصل و پیوست ہوا پس وہی ہے فَانِي فِي اللّٰهِ بَاقِي بِاللّٰهِ وہی ہے جو ہمیشہ ذَاتِ اَزَلِی کا مشاہدہ، ازلی نور کے ساتھ کرتا رہتا ہے یہی وہ خلعت ہے جس کو خاص طور سے خَالِقِ عَالَم جَلَّ مَجدُہٗ

۱۔ مُسلَاشِی کے معنی پاش پاش ہوجانا۔ مِنہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ

نے سَیِّدِ الوریٰ، سَیِّدِنَا مُحَمَّد مُصطفیٰ صَلَّی اللہُ تَعَالیٰ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّم کو بخشا ہے۔ یہی وہ عالی تاج ہے جس کی بناء پر خالقِ عالَم نے مَحْبُوبِ دُوسَرا عَلَیہِ التَّحِیَّۃُ والثناء کو اپنی پوری خدائی کا شہنشاہ معظم گردانا ہے اور یہی وہ شربت ہے جس کی لذت سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کی ذات و صفات و افعال میں جاری و ساری ہے جس کے جرعات جام حبیب مطلق کے خواص متابعان کے کام و زبان پر بھی جاری و ساری ہیں۔ خاصان متابعان محبوب و مطلوب ان جرعات دلدوز سے لطف اندوز ہوتے رہے ہیں اور ہوتے رہیں گے۔

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا مِنْہُ بِہٖ وَ لَہٗ (۱) مِنْہُ وَ لَہٗ وَاٰلِہٖ وَعَلَیْہِ السَّلَامُ (۲)۔

۲۔ دوسری تَجَلِّیِ صِفَاتْ ہے اس کی علامت اور اس کی تاثیر کا اثر سالک کا خشوع اور خضوع ہے یہ اس صورت میں ہے جب کہ ذاتِ قَدِیم صفاتِ جلال (۳) کے ساتھ سالک پر تجلی کرے۔

اِذَا تَجَلَّی اللہُ لِشَیْءٍ خَشَعَ لَہٗ (۴) اور اس کی علامت و تاثیر سُرُورِ ذاتِ سَالِک

۱۔ "مِنْہُ" اس شراب یا جام کے گھونٹ کا کچھ حصہ۔ "بِہٖ" آپ صَلَّی اللہُ تَعَالیٰ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کے وسیلہ عُظمیٰ سے "لَہٗ" آپ صَلَّی اللہُ تَعَالیٰ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کی خاطر۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللہُ تَعَالیٰ۔

۲۔ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالیٰ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ سے ہی ہر طرح کی سلامتی ہے آپ ہی کے لئے ہے اور آپ ہی کی طرف اور آپ ہی پر ہے ہر طرح کا سلام۔ ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللہُ تَعَالیٰ۔

۳۔ صِفَاتِ جَلَال جیسی عَظَمَتْ و قُدرتِ کِبریا و جَبَرُوتْ۔ ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللہُ تَعَالیٰ۔

۴۔ جب اَللہُ تَعَالیٰ کسی شی کے لئے متجلی ہوتا تو وہ شی اس کے لئے عجز و فروتنی کرتی ہے۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللہُ تَعَالیٰ۔

رہتا ہے اور یہ اس صورت میں جب کہ ذَاتِ قَدِیْم صفاتِ جمال کے ساتھ تجلی فرمائے اس کا مطلب یہ کہ ذاتِ اَزَلِی صِفاتِ جَلَالْ وْ صِفَاتِ جَمَالْ (۱) سے موصوف رہی ہے اور رہے گی کہ اَزَلِیْ وُ اَبَدِیْ ہے اور صِفَاتْ قدیم ہیں پر سالک پر کبھی صِفَاتِ جلال کے ساتھ متجلی ہوتی ہے اور بوقت دیگر صفات جمال کے ساتھ جیسا مُقتَضٰی ہو مَشِیَّتِ اِلٰہی کا حسب اختلاف استعداداتِ سالکین۔ پس کبھی صفت جلال ظاہر ہوگی اور صفت جمال باطن اور گاہی صفت جمال ظاہر ہوگی اور صفت جلال باطن۔

۳۔ تیسری تجلی، تجلی افعال ہے اس کی تاثیر یہ ہے کہ سالک اس کے اَثَرْ سے مخلوق کے افعال سے قطع نظر کرتا ہے مخلوق کی جانب نفع و ضرر کی نسبت کو صَرْف نظر کردیتا ہے اَعْنِیْ یہ نفع و ضرر کی نسبت براہِ راست قَادِرِ مُطْلَقْ کی جانب ہی کرتا ہے۔ مخلوق سے خَیْرُ وْ شَرْ کی اِضَافَتْ سَاقِطْ کردیتا ہے اس تاثیر کے اثر سے اب سالک کے نزدیک خلق کی مَدْحُ وْ ذَمّ اور ان کے قبول و رَدّ مُسْتَوِیْ وُ برابر رہتے ہیں اس کی وجہ ظاہر کہ سالک جب مجرد فعلِ اِلٰہی کا مشاہدہ کرتا ہے پس یہ مشاہدہ سالک کو خَلْق کی جانب اَفْعَالْ کی اِضَافَتْ سے مَعْزُوْلْ کردیتا ہے۔

اس تیسری تَجَلِّی، تجلی اَفْعَالْ کی علامت اور اس کا اثر سالک کی زبان پر ظاہر ہوجاتا ہے۔ جیسا کہ اَعْلٰی حضْرَتْ عَظِیْمُ الْمَرْتَبَتْ اَحْمَدْ رِضَا خَانْ بَرِیلوِی مُقَرِّیْ اَفْغَانِیْ کے مُنْدَرِجَہ ذَیْلْ قِطْعَہْ شِعْرْ کے بیت اَوَّلْ میں ظاہر ہے۔

۱۔ جیسی رَاْفَتْ وْ رحمت، لُطْفُ وْ کرم۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللہُ تعالیٰ

قطعہ

نہ مَرا نُوشِ زِ تحسینْ نہ مَرا نیشْ زِ طَعْنْ
نہ مرا گُوشْ بمَدْحِی نہ مَرا ہُوشِ ذَمِی
مَنَم وُ گنجِ خُمُولِی کہ نگنجد دَرُوْیْ
جُزْ مَنُ وُ چَنْدْ کِتَابے وُ دَوَاتے وُ قلمے

ان تجلیات ثلاثہ میں سب سے پہلی تجلی جو سالک پر پَرتو اَفگن ہوتی ہے وہ ہے تجلی افعال اس کے بعد تجلی صفات اور پھر تجلی ذات ہے۔

اِصْطِلاَحِ صُوفِیَاءِ صَافِیَہ میں تجلی افعال کے شہود کو مُحَاضَرَہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے اور شہود تجلی صفات کو مُکَاشَفَہ کے ساتھ مَوْسُوم کیا گیا ہے اور شہود تجلی ذات کو مُشَاہَدَہ، فقیر کے اس بیان کو اگر عاشقِ صادق امینِ صادق عَلَیْہِ التَّحِیَّۃ وَالثَّنَاء حضرتِ عَلاَّمَہ جَامِی رَضِیَ اللہُ الْبَارِیُ الْقَوِیُّ عَنْہُ کے کَلِمَاتِ مُلْہَمَہ کے مشاہدہ میں دیکھنا ہو تو نقشُ الفُصُوصْ کے فَصّ حِکْمَۃٌ نَفَثِیَّۃٌ فِي حِکْمَۃٍ شِیْثِیَّۃٍ کی شرح نَقْدُ النُّصُوصِ صفحہ ۴۷ مطبع بمبئی ۱۳۰۶ھ میں دیکھیں۔

ف:- جاننا چاہیئے کہ حق سُبْحَانَہٗ مِنْ حَیْثُ الذَّاتِ مَوْجُوْدَاتْ پر تَجَلِّیْ نہیں فرماتا پر مِنْ وَرَآءِ الْحِجَابِ تجلی فرماتا ہے اور وہ حُجُبْ حَقّ جَلَّ مَجْدُہٗ کے اَسْمَاءْ ہیں جیسے اسم اَللہُ، اَلرَّحْمٰنُ، اَلرَّحِیْمُ وَ غَیْرُھَا مِنَ الْاَسْمَاءِ الْحُسْنٰی۔

دُوسرا مقصد

نماز کا قعدہ اور اس میں کلماتِ مَشْہُودہ اس بات کا مُستحکَم و مَضبُوط
عَقِیدہ رَاسِخہ دیتے ہیں کہ سَیّدُ الوَرٰی عَلَیہِ التَّحِیَّۃُ
وَالثَّنَاءُ میں حَق جَلَّ مَجدُہٗ کا مُشاہَدہ بروَجہِ کَمال ہوتا ہے
تشہد میں آپ کا تصور نمازی کے لئے نَاجِیْ (۱) ہے۔

اے عزیز جان! جان لے کہ آرکانِ نماز اور ان کی ترتیب میں نیز نمازی کے افعالِ مَخصُوصَہ اور کلماتِ خَاصّہ میں جو خاص خاص ارکان میں ترتیب وار رکھے گئے ہیں، باہمی خاص ربط اور خَاصُّ الخَاص مناسبت اور تَعَلُّق ہے، جن کے تَصَوُّرَات نمازی کو ایک خاص معراجی مقام مہیا کردیتے ہیں، سرور دوسرا علیہ التحیۃ والثناء نے نماز کو مومن کی معراج قرار دیا ہے۔

فرمایا۔ اَلصَّلٰوۃُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِیْنَ۔ نماز، نماز ہونے کے اعتبار سے ایمان والوں کے لئے معراج ہے جس میں روحانی مشاہدہ، قلبی حضور، نفسانی اِنْقِیَادُ وَ بَدَنِی اِطاعت موجود ہو، یہ معانی و اَوصَاف نماز میں ہونا چاہیئے اور یہ حدیثِ پاک کے کلمہ "اَلصَّلٰوۃُ" کے الف ولام سے مُتَرَشِّح ہے اس طور پر نماز پڑھنا حضور پاک صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کی سُنَّت ہے کہ نمازی پر واجب ہے۔ حضور صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا۔ صَلُّوا کَمَا رَاَیْتُمُوْنِیْ اُصَلِّیْ عہ یعنی تم نماز اس طرح پڑھو جس طرح

۱۔ نجَات دینے والا ہر عَذَاب سے۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللہُ تَعَالٰی۔ عہ اُنظر مسلم شریف۔ ۱۷ صفحہ ۴۱۹ وکذا فواتح الرحموت فی فصل بیان حکم اَفعالہ صلی اللہ علیہ وسلم صفحہ ۲۷۵ ۱۲ منہ نصرہ اللہ

تم نے مجھے نماز پڑھتے دیکھا۔ سَیِّدُالوَریٰ عَلَیۡہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ کی نماز کی توضیح و تشریح تفصیل وار سورہ اِنَّاۤ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ میں گزر گئی۔ یہ بات خاص طور سے ملحوظ خاطر رہے کہ کلماتِ تشہد کا پڑھنا مُصَلِّیۡ پر واجب ہے۔ حضرت جَلِیۡلُ الۡقَدۡرِ صحابی سَیِّدُنا عَبۡدُاللّٰہِ بُنُ مَسۡعُوۡدٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنۡہُ سے مروی، فرمایا۔

اَخَذَ رَسُوۡلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ بِیَدِیۡ وَعَلَّمَنِیۡ التَّشَھُّدَ کَمَا کَانَ یُعَلِّمُنِیۡ سُوۡرَۃً مِّنَ الۡقُرۡاٰنِ وَقَالَ قُلِ التَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیۡکَ اَیُّھَاالنَّبِیُّ وَرَحۡمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیۡنَا وَعَلٰی عِبَادِاللّٰہِ الصّٰلِحِیۡنَ اَشۡھَدُ اَنۡ لَّاۤاِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ وَاَشۡھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبۡدُہٗ وَرَسُوۡلُہٗ۔ نماز کے قعدہ میں تشہد کا پڑھنا بِالۡمُوَاظَبَۃِ سَرۡوَرِ دُوسَرَا عَلَیۡہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ سے ثابت اس کی تعلیم اور پڑھنے کا حکم بھی حَدِیۡثِ فَوۡقَ الذِّکۡرِ میں کَلِمَہُ "وَعَلَّمَنِیۡ" اور کلمہ "قُلۡ" سے ظاہر ہے اور یہ امر اپنی جگہ مُحَقَّقۡ و ثَابِتۡ ہے کہ اَصۡلِ وَضۡعۡ میں اَمۡرۡ وُجُوۡبۡ کے لئے آتا ہے جب تک کوئی قَرِیۡنَۂ وُجُوۡبۡ سے صارفہ موجود نہ ہولے معتبر کُتُبِ اَصُوۡل میں واجب کی تعریف یہ لکھی ہے کہ جس عمل و فعل پر حضور سَیِّدِ عَالَمۡ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمۡ نے مُوَاظَبَتۡ و دوام فرمایا ہو اور اس کے ساتھ ساتھ اس فعل و عمل کے کرنے کا حکم بھی دیا ہو وہ واجب ہے اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی جان لینا ضروری ہے کہ کلمات تشہد کے معانی بروجہ انشاء مقصود و مراد ہیں۔ نہ بطریق حکایت (۱) در میں ہے۔ وَیُقۡصَدُ بِاَلۡفَاظِ

۱۔ اگرچہ یہ کَلِمَاتِ مِعۡرَاجِ رَاجۡ کے یاد دہانی پر بھی اَدَلِّ دَلِیۡلۡ رہے ہیں اور رہیں گے۔ پر نمازی کے لئے ان کلمات کا پڑھنا بطور اِنۡشَاء واجب ہے تفصیل درکار ہو تو صفحہ ۱۲۶ جلد ثانی فتوحاتِ مکیہ دیکھئے۔ ۱۲ مِنۡہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ۔

اَلتَّشَهُّدِ مَعَانِيْهَا مُرَادَةً لَهٗ عَلٰی وَجْهِ الْاِنْشَاءِ کَاَنَّهٗ یُحَیِّیُ اللّٰهَ تَعَالٰی وَیُسَلِّمُ عَلٰی نَبِیِّهٖ وَعَلٰی نَفْسِهٖ وَاَوْلِیَائِهٖ۔ دیکھئے اَللُّبَابُ فِی شَرْحِ الْکِتَابِ لِلْمَیْدَانِیِّ عَلَی الْجَوْهَرَةِ النَّیِّرَةِ شَرْحِ مُخْتَصَرِ الْقُدُوْرِیِّ فِیْ بَابِ صِفَةِ الصَّلٰوةِ صفحہ ۷۰، مطبع ترکی۔

یَعْنِیْ مُصَلِّی و نمازی اَلفَاظِ تشہد سے ان کے معنی بطور اِنشاء مراد لے گویا وہ (نمازی) بارگاہِ الٰہی میں ہدایا و پیشکش پیش کر رہا ہے اور اس کے پاک نبی پر سلام عرض کر رہا ہے اور اپنے آپ پر اور اس کے ولیّوں پر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمْ وَعَنَّا بِہٖ۔ ثُمَّ بِہِمْ اب تو نمازی کا قصد و ارادہ ان کلماتِ مشہودہ تشہد کے ساتھ یہ رہے گا کہ وہ اَللّٰہُ تعالٰی کی ہی حضرت و حضور میں اپنی تمام عبادات کے ہدایا پیش کر رہا ہے قولی ہوں یہ عبادات یا فعلی ہوں خواہ یہ عبادات مالیہ ہوں پر نمازی کی پیشکش اس حالت میں ہے جس میں وہ اپنے رَبّ کے مشاہدہ سے لُطف اَندُوز ہو رہا ہے عرض کرتا ہے۔ اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ ملک و بقاء اللہ ہی کے ہے وَالصَّلٰوۃُ نمازیں، عبادات قولیہ و فعلیہ اللہ ہی کے لئے ہیں۔

وَالطَّیِّبَاتُ وحدانیّۃ کی شہادت اور رسول پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کی عالمگیر رِسَالَتِ عُظمٰی کی شہادت نیز آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کی عَبدِیَّتِ کاملہ کی شہادت نیز عباداتِ مالیہ اللہ ہی کے لئے ہیں۔ جَلَّ مَجْدُہٗ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی حَبِیْبِہٖ عَبْدِہِ الْخَاصِّ الْکَامِلِ الْمُکَمِّلِ الَّذِیْ ھُوَالْکُلُّ وَلَہُ الْکُلُّ وَمَوْلَاہُ کُلُّ الْکُلِّ تَجِدُ الْکُلَّ اِذَا نَظَرْتَ الْکُلَّ فِی الْکُلِّ کلماتِ بالا کا تالِی اور قارِی، مُشاہدہ مُطلق سے مَلذُوذ ہو رہا ہے اس میں اِضافہ چاہتا ہے اِضافہ کی صورت یہ رہی کہ اب وہ مشاہدہ ربّانیہ کی جانب منتقل ہو یہ ربانی مشاہدہ اس کو بتوجہ اَتَمّ وَاَکمل اِسم اَعظم (اللہ) کے مَظہرِ اَتَمّ کے سوا نہیں مل سکتا اس لئے وہ مَظہرِ اَتَمّ اِسم اَعظم سَرورِ دوسرا عَلَیہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ ہی کی جانب متوجہ ہو کر عرض کرتا ہے اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ۔

یعنی ہر طرح کا سلام آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ پر ہے اے اللہ کے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اور اللہ تعالیٰ کی رحمتِ کاملہ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ پر رہی اور اس میں اِزْدِیَادْ وَاِضَافَہ ہوتا رہتا ہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ

یہ جُملہ نِدَائِیَہ اور یہ کلمات مشہودہ اپنے اندر بہت سی حکمتیں اور بہت سے معانی لئے ہوئے ہیں ان میں سے بعض کی توضیح و تشریح کردیتا ہوں وَبِاللہِ التَّوْفِیْقَ۔ جان لے کہ یہ تشریح جملہ بالا اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ کی تَحْلِیْل اور ترکیب سے بخوبی حاصل ہو سکتی ہے۔

تَحْلِیْل

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ میں اَلِفْ وَلَامْ (۱) جِنْس کے ہیں پس معنی یہ ہوئے کہ جِنْسِ سلام آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ پر ہے، آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ سے ہے، آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کی جانب ہے اور آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کے لئے ہے اے اللہ کے نبی "عَلَیْکَ" میں "کَ" حرفِ خطاب ہے جو مُشَافَہَ اور مُوَاجَہَہ پر دَلَالَتْ کرتا ہے جس سے ہر ہر نمازی یا تشہد کا ہر ہر تالی و قاری کی حضور و حاضری، حضورِ اَنْوَرْ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کی حضور میں مُسْتَفَادْ ہوتی ہے اَعْنِیْ بِہٖ کہ تَالِیْ وَ قَارِیْ حضور اَنْوَرْ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کی حضور میں حاضر ہے اور حضور اَنْوَرْ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اس کے لئے ناظر ہیں۔

۱۔ جو کہ اَپنے مَدْخُول کے جِنْسِ حَقِیْقَتْ کی جَانِبْ مُشِیْر ہے بَغَیْرِ لِحَاظِ فَرْدْ وَاَفْرَادْ کے۔ ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللہُ تَعَالٰی۔

اَیُّھَا میں "اَیُّ" مَبْنِیٌّ عَلَی الضَّمِّ مَنْصُوْبٌ مَحَلاً مَفْعُوْلٌ بِہٖ لِدَعَوْتُ (۱) اَوْ "نَادَیْتُ" الْمُقَدَّرِ وُجُوْبًا وَحَرْفُ النِّدَآءِ اَیْ "یَآ" مَحْذُوْفٌ وَالْھَاءُ فِی "اَیُّھَا" حَرْفُ تَنْبِیْہٍ وَ "النَّبِیُّ" مَرْفُوْعٌ مُنَادٰی وَالْاَلِفُ وَاللَّامُ عَلٰی "اَلنَّبِیِّ" عِوَضٌ عَنِ الْمُضَافِ اِلَیْہِ وَھُوَ کَلِمَۃُ الْجَلَالَۃِ "اَللّٰہِ" یَعْنِیْ "اَیُّھَا" میں "اَیُّ" مَبْنِی بر ضَمَّہ ہے منصوب ہے اس لئے کہ اس کا محل، محلِ نصب ہے کیونکہ یہ "دَعَوْتُ" یا "نَادَیْتُ" کا، جس کی تقدیر کلام عرب میں ضروری اور واجب ہوتی ہے مَفْعُوْل بِہٖ ہے۔

"یا" حرفِ ندا محذوف ہے اور کلمہ "اَیُّھَا" میں "ہا" حرفِ تَنْبِیْہ ہے۔

"اَلنَّبِیُّ" مُنادٰی مرفوع ہے اَلِفْ وَلامْ عِوَضْ وَبَدَلْ ہے اُس کلمہ سے جس کی طرف کلمہ نبی (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ) مُضاف ہے وہ کلمہ جَلَالَۃ "اَللّٰہ" ہے وہ مُضافُ اِلَیْہ ہے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کا۔ تحلیل کے بعد اب اَصْل عِبارَتْ یوں رہی۔ کُلُّ سَلَامٍ عَلَیْكَ (اِنِّیْ) دَعَوْتُكَ اَوْنَادَیْتُكَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ یعنی ہر طرح کا سلام آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ پر ہی ہے ای غَیْب کی خبر دینے والے مجھے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کی تَوَجُّہ کی حاجت ہے میری حاجت کو رَوا فرما۔

۱۔ جاننا چاہیئے کہ جُملہ نِدائِیَّہ میں "اَدْعُوْ یَا اُنَادِیْ" کی تقدیر سے "دَعَوْتُ یَا نَادَیْتُ" بصیغہ ماضی کی تقدیر بہ رُاجِح ہے گو اَفعال بصیغہ مُضارِع یا بصیغہ ماضی دونوں اِنْشائی ہیں۔ بہتری اور رَاجِحِیَّتْ کی وجہ یہ کہ اَفعال اِنْشائِیَّہ کا استعمال صیغہ ماضی کے ساتھ اَغْلَبْ ہے نیز یہ کہ بر تقدیر "اَدْعُوْ یَا اُنَادِیْ" بصیغہ مُسْتَقْبِل جملہ نِدائِیَّہ کا خَبَرِیَّہ ہونا ظاہر ہوتا ہے جو اِنْشائِیَّہ کا عکس ہے۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

ترکیب

كُلَّ سَلَامٍ سے اَفْرَادِ سلام مراد ہیں افراد میں حقیقت اصل عُنصُر ہوا کرتی ہے۔ حقیقت یہاں پر جنس سلام ہے پس "سَلَام" پر الف و لام داخل فرما کر اَلسَّلَامُ ہو گیا۔ "عَلَيْكَ" میں کَافِ خِطَاب حضوری اور قرب پر دلالت کرتا ہے۔ اسی کافِ خطاب کی بناء پر لفظ و تلفظ میں "یا" نداء سے استغنا لازم آیا پس "یا" کو حذف کردیا اور وہ اس لئے کہ "یا" قرب و بعد (۱) دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے اور کاف قرب و حضور پر دال ہے کَافِ خِطَاب "کَ" کو تَاۓ سے مُؤَکَّد و مُزَیَّن گردانا فرمایا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ اور "اَلنَّبِيُّ" پر اَلِفُ وْ لَامْ داخل کردیا ہے۔ کہ یہ الف و لام مَضَافُ اِلَیْہِ "اَللّٰہ" کا عوض ہے عرب عربا کا قاعدہ ہے جب چاہتے ہیں کہ کلام مختصر ہو جائے اور معنی میں کوئی فرق نہ آنے پائے تو مضاف الیہ کو حذف کرکے مضاف پر الف و لام داخل کردیتے ہیں اسی قاعدہ کے ماتحت "يَا نَبِيَّ اللّٰهِ" میں کلمہ جلالت حذف ہوا "نَبِيَّ" پر اس کے بدل میں اَلِفُ وْ لَامْ داخل کردیا گیا اَلنَّبِيُّ ہوا۔ پس تَرْکِیبِ عِبَارَتِ سَابِقَہ یوں ہوئی اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلنَّبِيُّ مُنَادیٰ ہے جس کے مُسَمّٰی کی توجہ اس حرفِ نِدا کے ساتھ مقصود و مطلوب ہے جو یا محذوف ہے کلام پاک میں بر تقدیرِ وجود قرینہ حَذفِ نِدا کی مثال موجود ہے وہ ہے۔ قَوْلُهٗ تَعَالٰي يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا۔ اَلْاٰيَةُ اَيِ الَّذِيْ اَصَابَكَ مِنْ زُلَيْخَا۔ يَعْنِيْ يَا يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا اے یوسف اسے درگزر کیجئے اور اس کا خیال نہ کیجئے یہاں پر حَذفِ یَاۓ نِدَاء کا قرینہ سَیِّدِنَا یُوْسُف عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کی حضور ہی ہے۔

۱۔ دوری و نزدیکی۔ مِنْہُ غُفِرَلَہٗ۔

کافِیَہ میں ہے اَلْمُنَادیٰ وَهُوَالْمَطْلُوْبُ اِقْبَالُہٗ بِحَرْفٍ نَائِبٍ مَنَابَ اَدْعُوْ لَفْظًا اَوْ تَقْدِیْرًا۔ (۱) یعنی منادی وہ ہے جس کے مُسَمّٰی کی توجہ مطلوب و مقصود ہے ایسے ایک حرف کے ساتھ جو "اَدْعُوْ" کا قائم مقام ہو۔

یہ مُنادی یا یہ طلب یا وہ نِیَابَت لفظی ہو یا تقدیری ہو نیز اسی کافیہ میں ہے وَیَجُوْزُ حَذْفُ حَرْفِ النِّدَآءِ عِنْدَ قَرِیْنَةٍ مِثْلُ یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا اور جائز ہے حرف ندا کا حذف جیسے یوسف اس کا خیال نہ کیجئے۔ حَاشِیَۂ عَبْدُالْغَفُوْر میں ہے۔ مَنَابَ اَدْعُوْ الْاِنْشَائِیِّ لِاَنَّ الْجُمْلَةَ النِّدَائِیَّةَ اِنْشَائِیَّةٌ فَالْاَوْلٰی تَقْدِیْرُ دَعَوْتُ اَوْ نَادَیْتُ لِاَنَّ الْاَغْلَبَ فِي الْاَفْعَالِ الْاِنْشَائِیَّةِ مَجِیْئُهَا بِلَفْظِ الْمَاضِيْ۔ دیکھو صفحہ ۲۲۸ بَحْثُ مُنَادٰی اَلْمَطْبَعُ الْمُجْتَبَائِیُّ فِي بَلْدَةِ دِهْلي۔

یَعْنِیْ "یَا" حرفِ نِدا "اَدْعُوْ" اِنْشائی کی جگہ استعمال ہوتا ہے اس لئے کہ جملہ ندائیہ انشائیہ ہوتا ہے پس بہتر یہ ہے کہ "دَعَوْتُ" یا "نَادَیْتُ" (بجائے "اَدْعُوْ" یا "اُنَادِيْ" کے) مُقَدَّرْ مان لیا جائے کیونکہ افعال انشائیہ میں اَغْلَبْ یہی ہے کہ وہ بلفظ ماضی ہوں۔

اَیْ طَلَبًا لَفْظِیًّا بِتَلَفُّظِ اٰلَةِ الطَّلَبِ نَحْوُ یَا زَیْدُ اَوْ طَلَبًا تَقْدِیْرِیًّا بِتَقْدِیْرِهَا نَحْوُ یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا۔ یعنی یہ طلب لفظ میں ہو جس میں طلب کا آلہ ملفوظ ہو جیسا یَا زَیْدُ اس میں زید کو یا حرف نداء کے ساتھ پکارا گیا۔

یا یہ طلب تقدیری ہو (مان لی گئی ہو) جس میں آلہ طلب ملفوظ نہ ہو پر معنی اس کے مراد ہوں جیسے ارشاد باری تعالیٰ یوسف! اس خیال میں نہ رہے ظاہر ہے کہ یہاں "یَا" حرف نداء لفظ میں تو نہیں پر ازروئے معنی کہ مراد ہیں پس تقدیرا "یَا" موجود ہے۔ ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ

مَذْکُورَہ بالا مُفَصَّلْ و مُبَرْہَنْ بیان سے مندرجہ ذیل اہم غُمُوضْ و رُمُوزْ کا اِنْکِشَافْ و اِکْتِشَافْ ہوتا ہے۔

۱۔ یہ کہ نمازی حالت نماز میں مُشَاہَدَہْ رَبّ پر مُکَلَّفْ ہے اُعْبُدْ رَبَّكَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ۔ اَلْحَدِيْثُ یعنی اپنے رب کی بندگی و عبادت کر اس طرح گویا تو اسے دیکھتا ہے پھر اگر تو اس قابل نہیں کہ اسے دیکھے پس یہ تو ہو کہ وہ تجھے دیکھتا ہے (بہرحال حضورِ قلبی، انقیادِ نفس و طاعتِ بدن نماز میں ضروری ہے)

۲۔ یہ کہ نمازی حالت نماز میں اس بات پر مکلف ہے کہ وہ رب کا مُشَاہَدَہْ سَرْوَرِ دُوسَرَا عَلَيْهِ التَّحِيَّةُ وَالثَّنَاءُ میں کرے یہ جان کر اور یہ مان کر کہ حقیقۃً مُشَاہَدَہْ رَبّ کا مَظْہَرِ اَتَمّ آپ ہی ہیں صَلَّى اللهُ تَعَالَى عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ۔

۳۔ یہ کہ نمازی کو حُصُولِ مُشَاہَدَہْ رَبّ کے لئے سَرْوَرِ دُوسَرَا عَلَيْهِ التَّحِيَّةُ وَالثَّنَاءُ کی ہی توجہ اور اِمداد کی حاجت ہے جس کے بغیر نہ تو نمازی کی نماز قبول ہو گی نہ ہی اس حجاب کا اِزالہ ہو گا جس کی بناء پر نمازی مشاہدہ رب سے محجوب تھا۔

۴۔ یہ کہ کلماتِ تشہد اِنشائیہ ہیں نہ حِکَایَۃً یہ کلمات حقیقت میں عابد کے عبادات کی پیش کش ہیں۔

۵۔ یہ کہ یہ کلمات بامعانی ہیں بلکہ مِعْرَاجِیَّہْ (۱) ہیں، نیز یہ کہ بامعانی کلمات کے

۱۔ ان معراجی کلمات کے مقاصد "اَلسُّوَالُ الثَّامِنُ وَالْأَرْبَعُوْنَ وَمِائَةٌ" کے تحت اَلْفُتُوْحَاتُ الْمَكِّيَّةُ کے صفحہ ۱۲۹ جلد ۲ میں دیکھئے۔ ۱۲ مِنْهُ نَصَرَهُ اللهُ تَعَالَىٰ

تصوّرات اُن کے معانی سے مُقدّم ہوا کرتے ہیں۔

۶۔ یہ کہ نمازی سَرْوَرِ دوسَرا عَلَیْہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ کو بارگاہ الٰہی میں حاضر و ناظر جان لے۔

۷۔ یہ کہ جب سَرْوَرِ دُوسَرا عَلَیْہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ کو "یَا" نِدا کے ساتھ نماز کی حالت میں اِمْدَاد کے لئے پکارنا، اور اِسْتِمْدَاد کے لئے یاد کرنا جائز بلکہ واجب قرار دیا گیا ہے تو ظاہر بلکہ اَظْہَر کہ خارجِ نماز میں اِسْتِمْدَاد و طلبِ اِمْدَاد کے لئے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کو پکارنا کبھی ناجائز نہیں ہو سکتا کیوں کہ جو بھی چیز ہو یا قول و فعل ہو جو خارج نماز میں ناجائز و حرام ہو تو وہ نماز کا رُکْن نہیں بنایا جاسکتا۔

۸۔ یہ کہ جب حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کو خارجِ نماز میں آپ کا اُمّتی " یَانَبِیُّ (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ) " کے ساتھ پکار سکتا تو ظاہر ہے کہ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کو آپ کے ہر لَقَب کے ساتھ یاد کر پکار سکتا ہے جیسے کہے یَارَسُوْلَ اللّٰہِ، یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ، یَا نُوْرَاللّٰہِ، یَا قَاسِمَ الْاَرْزَاقِ وَالْعُلُوْمِ، یَا کَاشِفَ الْغُمُوْمِ وَالْھُمُوْمِ، یَا کَاشِفَ الْغُمَّۃِ، یَا مُجْلِي الظُّلْمَۃِ یا فارقلیط، یاطٰہٰ، یَاسَیِّدَالْمُرْسَلِیْنَ، یَاشَافِيْ، وَغَیْرِھَا مِنَ الْاَلْقَابِ الْکَرِیْمَۃِ الْجَمِیْلَۃِ السَّادَّۃِ۔

۹۔ یہ کہ سَرْوَرِ دُوسَرا عَلَیْہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ ہر چیز و ہر شخص کی ہر آواز کو سُن لیتے ہیں (۱)

۱۔ جَلِیْلُ الْقَدْرِ صَحابی اَبُوذَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے مَرْوِی فرمایا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِنِّيْ اَرٰي مَالَا تَرَوْنَ وَاَسْمَعُ مَالَا تَسْمَعُوْنَ اَطَّتِ السَّمَآءُ وَحَقَّ لَھَا اَنْ تَئِطَّ لَیْسَ فِیْھَا مَوْضِعُ اَرْبَعِ اَصَابِعَ اِلَّا وَمَلَکٌ وَاضِعٌ جَبْھَتَہٗ سَاجِدٌ لِلّٰہِ۔ یَعْنِیْ سَرْوَرِ دُوسَرا عَلَیْہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ نے اِرشاد فرمایا کہ بیشک میں ہر اُس شے کو دیکھتا ہوں ......

خواہ وہ آواز بلند ہو یا پست مشرق کے کسی حصے سے ہو یا مغرب کے کسی بُقْعِے
سے آسمان سے یا آسمان و زمین کے درمیانی فِضَاء سے بلکہ وہ آواز عرش سے ہو
یا کرسی کی "اَیُّهَا النَّبِیُّ" نمازی اپنے تشہد میں اَیُّهَا الرَّسُوْلُ یا آپ صَلَّی اللّٰہُ
تَعَالٰی عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ کے اَلْقَابِ شَرِیْفَهْ میں سے دوسرے لَقَبْ کے بجائے۔ اَلنَّبِیُّ
اس لئے کہتا ہے کہ نبوت باعتبار معنی و مفہوم کے رِسَالَتْ سے عام ہے نیز یہ کہ
مَقَامِ نُبُوَّتْ ذَاتِ نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ کے لئے مَقَامِ رِسَالَتْ سے اَعْلٰی
اور اَشْرَفْ ہے۔ ہمارے آقَا و مَوْلٰی سب سے اَعْلٰی وَلِی ہیں تو اَعْلٰی نبی ہیں اور
اَعْلٰی رَسُوْل بھی اور وِلَایَتِ نَبِی کا مقام نبی کے لئے مَقَامِ نُبُوَّتْ سے بھی اَعْلٰی تر
ہے۔ کیونکہ وِلَایَتِ نَبِی نُبُوَّۃِ نبی کا باطن ہوتی ہے اس مَقَامْ میں نبی کا تعلق حق ہی
حق کے ساتھ رہتا ہے۔ جس میں خلق کا کوئی اِعتبار نہیں اس مرتبہ میں وَلِیّ

.... جس کو تم نہیں دیکھتے اور ہر اس آواز کو سنتا ہوں جس کو تم نہیں سنتے (
بطور مثال و تمثیل ایک آواز کا ذکر فرمایا جو ہمیں سنائی نہیں دیتی کہ) آسمان چرچرایا اور
اس کا چرچرانا حق ہے کیونکہ اس میں چہار اَنْگُشْت مِقْدَار کی اتنی جگہ نہیں جس پر فرشتہ
پیشانی ٹیکے اللہ کے لئے سجدہ نہ کررہا ہو۔ (ترمذی شریف، ابن ماجہ وغیرہ) مِنْ کُتُبِ
الْحَدِیْثِ۔ اَبْوَابُ الزہد صفحہ ۲۳۶، بَابُ مَاجَآءَ فِی قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
لَوْتَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِکْتُمْ قَلِیْلًا۔ اَلْحَدِیْثُ، صفحہ ۳۱۹، ابن ماجہ شریف بَابُ الْحزن
والبکاء۔ ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ وَهُوَ یَرٰی مَالَا اَرٰی۔ صفحہ ۲۸۷، مُسْلِم جِلْدِ دُوَمْ)

بِیْ ذاتُ اللہ میں فنا اور عَینُ الجمع میں مستغرق ہوتا ہے۔ (۱) (اسے عَینُ جمعُ الذّاتِ)
اسی لئے کہا گیا کہ علم ولایت نبی عبارت ہے توحید ذات و صفات و افعال میں
محو ہو جانے سے پھر نُبوّتِ نَبی رِسالَتِ نَبی سے اَعلیٰ و اَشرف ہوتی ہے کیوں کہ
نُبُوّتِ نبی (۲) وِلایَتِ نَبی کا ظاہر ہوتی ہے اس مَقام میں مَعانیٔ غَیبیَّہ جیسے مَعاد،

۱۔ عَینُ جَمع الذّاتِ، جَمعُ الوَحدَۃِ ہے جس میں نہ تو فُؤاد باقی رہتا نہ بندہ بلکہ اس مَقام
میں بندہ کُل کے کُل فناء ہو جاتا ہے اِصطِلاحِ صُوفیائے صَافِیہ میں اسے عَینُ جمعُ الذّاتُ
کہتے ہیں۔ حَضرَتُ الشّیخُ الاَکبر رَضیَ اللہُ تعالیٰ عَنہُ فرماتے ہیں جَمعِ الوَحدَۃِ الّذِی لَا
فُؤادَ فِیہِ وَلَا عَبدَ لِفَنَاءِ الکُلِّ فِیہَا المُسَمّٰی بِاِصطِلَاحِہِم عَینُ جَمعِ الذَّاتِ۔ دیکھو
سورہ النجم صفحہ ۲۷۱ جلد ۲ تفسیر الشیخ الاکبر رَضیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنہُ۔ ۱۲ مِنہُ نَصرَہُ اللہُ تَعَالیٰ۔
۲۔ قولہ نُبُوّت نبی وِلایَتِ نبی کا ظاہر ہوتی ہے۔ جان لیں کہ وِلایت اور نُبُوّتُ کے
اِجتِماع کو جَمعُ الجَمع کہتے ہیں۔ جمع الجمع کا اَوّلُ الذِکر پہلو جو وِلَایَتْ ہے وہ مَقامُ
ہے جس میں ولی کا اَصلاً شعور باقی نہیں رہتا بلکہ اسے اِستِہلاکِ تَامّ اور فَناءِ تَامّ رہتا ہے۔
اس مَقامُ کو جَمعُ الوَحدَۃ کہتے ہیں اور عَینُ جمع الذّاتُ کے نام سے بھی مَشہُور و شَہِیر
ہے۔ جَمعُ الجَمع کا دُوسرا پہلو نُبوّت ہے جو وِلایت کا ظاہر ہے، نبی اس مَقامُ میں حَقِّ
واحد کا مشاہدہ کثرتِ خَلق میں کرتے ہیں اور کَثرتِ خَلق کا وَحدَتِ حَق میں نیز یہ کہ
خلق کے ساتھ حق کے اتحاد کا مشاہدہ بھی ان کو حاصل ہے۔ اس طور پر کہ اَکوَانُ و
اَعیَانِ مُمکِنَاتْ حَق کے صُوَرُ و اَسمَاءُ و صِفَاتْ و اَفعَالْ رہے ہیں۔ یہی وہ تفرقہ ہے جس
کو اِصطِلَاحِ صُوفِیَہ صَافِیَہ میں تفرقہ بَعدَ الجَمع کہتے ہیں۔ یہ تفرقہ جمع کو جَامِعْ ہے۔ تفرقہ
بَعدَ الجَمع کو جَمعُ الوُجود بھی کہتے ہیں۔ اس کا ایک لَقَبُ الوَجہُ البَاقِی بھی رہا ہے۔......

بَعْثُ بَعْدَ الْمَوْتُ یا حَشْرُ و نَشْر اور مَعَارِفِ اِلٰہِیَّہ (جیسے صِفَاتُ و اَسْمَاءِ اِلٰہِیَّہ کی پہچان یا ہر اس چیز کی تعریف جو اللہ تعالیٰ کے شایانِ شان ہو جیسے تَمْجِیْدَاتُ و تَحْمِیْدَاتُ) سے اَخْبَارَ اور تفاصیلِ صِفَاتُ و اَفْعَالِ اِلٰہِیَّہ کا اعتبار رہتا ہے پس نمازی انہیں معانی غیبیہ اور انہیں معارف الٰہیہ کے حصول کی غرض سے اپنی نماز میں سرور دوسرا علیہ التحیۃ والثناء کی توجہ کا طالب ہوتا ہے جس سے ان کمالات پر نمازی کا فائز ہوجانا یقینی ہو جاتا ہے۔ اسی لئے اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَاالنَّبِیُّ کہتا ہے۔ اِنْ کَمَالَاتِ عَالِیَّہ پر فائز ہوجانا نمازی کے دل کی بات ہے اور نَبِیّ مِنْ حَیْثُ هُوَ نَبِیٌّ مُغَیَّبَاتُ کا عالم ہوتا ہے۔ اس لئے نمازی رسولِ پاک کو اَیُّهَاالنَّبِیُّ کے لَقَبْ سے یاد کرتا ہے۔ مُلَّا جَلَالْ مَعَ شَرْحِ اٰخُوْنْدْ شَیْخ مطبع نولکشور کے صفحہ ۷ پر ہے کہ شَرْطُ النُّبُوَّةِ اِدِّعَاءُ النُّبُوَّةِ وَاِظْهَارُ الْمُعْجِزَةِ وَقَدْ شُرِطَ مَعَ ذٰلِكَ الْاِطِّلَاعُ مَعَ الْمُغَیَّبَاتِ وَ رُؤْیَةُ الْمَلٰٓئِكَةِ۔ یعنی اِثْبَاتُ و ثُبُوْتِ نُبُوَّۃٌ کے لئے نبوت کا دعویٰ اور معجزے کا اظہار شرط ہے (تحقق شرط کے بغیر وجود مشروط ممکن نہیں) اور اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی شرط قرار دیا گیا ہے کہ نبی مُغَیَّبَات پر مطلع ہوں اور فرشتوں کے دیکھنے پر قادر ہوں اسی عقائدِ جلالی (۱) کے صفحہ ۱۱ پر ہے اَلنَّبِیُّ بِمَعْنَی الْمُخْبِرِ عَنِ اللهِ تَعَالٰی وَقَالَ اِنَّ الْخَبَرَ بِمَعْنَی الْاِخْبَارِ

...... جَمْعُ الْجَمْعِ کے یہ تینوں اَقْسَامِ مُشَاہَدَہ ہیں۔ صفحہ ۲۳۹ دَفْتَرِ اَوَّلُ شَرْحِ بَحْرُ الْعُلُوْمِ لِلْمَثْنَوِی و تَفْسِیرِ الشَّیْخُ الْاَکْبَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ وَاَرْضَاہُ عَنَّا۔ (سورہ النجم) مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

۱۔ مُلَّا جَلَالْ مَعَ اٰخُوْنْد شَیْخ۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

فَيَكُوْنُ النَّبِيُّ بِمَعْنَى الْمُخْبِرِ مُتَعَدِّيًا۔ یعنی نبی کے معنی ہیں اللہ تعالیٰ کی جانب سے غیب کی خبر دینے والے اور فرمایا کہ خبر اِخبَار کے معنی میں (بھی) آتا ہے پس نبی بمعنی مُخْبِر کے (۱) ہیں جو مُتَعَدِّی ہیں۔

اس مقامِ نُبُوَّتْ میں نبی کو فناء فِی الذَّاتْ ہو جانے کے بعد اللہ تعالیٰ کی جنابْ سے وُجُودِ مَوْہُوبْ مِلتا ہے۔ جس سے نبی، حق و خلق کے درمیان وَاسِطَہْ وُصُولْ و وَسِیلَہْ اِیصَالْ رہتا ہے نبی سے خلق کا اِتِّصَالْ رہتا ہے۔ یہی وہ مَقَامْ ہے جس میں نبی حق تعالیٰ سے فُیُوضْ و کَمَالَاتْ حاصل کرتے اور اپنی اُمَّتْ کے ہر ہر شخص و ہر ہر چیز کو اس کی اِسْتِعْدَادْ کے مُطَابِقْ فُیُوضْ و کَمَالَاتْ سے نوازا کرتے ہیں۔ پس نمازی تَنْوِیرْ و تَبْرِیقِ اِسْتِعْدَادْ اور حُصُولِ کَمَالَاتْ کی خاطر رسولِ پاک کو اَيُّهَاالنَّبِيُّ کہہ کر پکارتا ہے، اور ایک مَقَامْ مَقَامِ رِسَالَتِ نبی ہے جس میں اَوْضَاعِ اَحْکَامْ اور اَحْکَامْ (۲) کا اِعْتِبَارْ رہتا ہے کیونکہ رسالت نبی تَنْبِیہِ عَظِیْم ہے اَوْضَاعِ اَحْکَامْ اور تَلْقِینِ قَوَانِیْنْ پر۔ پس رِسَالَتْ کا تعلق، جس کی بناء نُبُوَّتْ و وِلَایَتِ نبی ہے اَحْوَالْ و اَحْکَامِ مُکَلِّفِیْنْ سے رہتا ہے۔ حاصل یہ کہ وَلِیِّ نبی وہ پاکْ و مَقْبُولْ شخص ہے جو ذَاتُ اللہ میں فَانِی اور عَیْنُ الْجَمْعِ میں مُسْتَغْرَقْ ہو۔

اور نبیِّ وَلِی وہ پاکْ و مَقْبُولْ ہستی ہے جو مَقَامْ وِلَایَتْ میں فناء ہوجانے کے بعد وَاصِلُ اِلَی اللہِ ہے۔ پھر اسے اللہ تعالیٰ کی جانب سے وُجُودِ مَوْہُوبْ عطا ہو بَاقِی بِاللہ ہو کر اِسْتِقَامَتْ و تَمْکِیْنْ کے مَقَامْ پر اُسے جَمَاؤْ حاصل ہو کر حق کے ساتھ مُتَحَقِّقْ ہو حَقّ کا

۱۔ خَبَرْ دِینے والا ۱۲ مِنْہُ

۲۔ جیسے حَلَالْ و حَرَامْ وَغَیرہ۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللہُ تَعَالیٰ

عارف ہو حق تعالیٰ کی ذاتُ وَ صِفاتُ وَ افعال سے باخبر اور احکام پر مطلع ہو حق تعالیٰ کی جانب سے مَبْعُوث، حق کی جانب دَاعی ہو نَذِیرُ وَ بَشِیرْ ہو سِرَاجِ مُنِیرْ ہو نَبِیِ وَلِی اگر خود رسول نہیں تو اس کی دعوت اس رسول کی شریعت پر مَبْنِی ہوتی ہے جو اس نبی سے پہلے آچکے ہیں اور اگر خود رسول بھی ہیں تو ان کی دعوت اپنی شریعت کے مطابق ہوتی ہے تو شریعت کی تشریع خود ہی کرتے تو احکام کا وضع بھی خود ہی کرتے ہیں ان کی تشریعُ وَ وضعِ اَحکام، اَللّٰہُ تعالیٰ کی ہی مَرضِی پر مَبْنِی ہوتی ہے۔ بَشارتْ دینا، اَللّٰہُ تعالیٰ کی نافرمانی سے ڈرانا نیز اظہار معجزات ان کا فرضِ منصبی ہوتا ہے۔

اَنْبِیَاءِ بنی اسرائیل سب کے سب حضرت مُوسیٰ عَلیٰ نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کے دِیْنُ وَ مِلَّتْ کے عین مطابق دعوت دیتے رہے ان میں سے کسی بھی نبی نے عَلیحِدَہْ ملت یا الگ شریعت کو وضع نہیں کیا ان میں اگر کوئی نبی صاحبِ کتاب (۱) بھی تھا تاہم اس میں احکام و شرائع نہیں تھے بلکہ اس کتاب میں حَقَائِق، مَعَارِفْ یا مَوَاعِظْ وَ نَصَائِحْ تھے ہمارے آقا و مولیٰ سَیِّدُ الوری عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ نے دَعْوَتْ وَ تَبْلِیغِ شَرِیْعَتِ مُصْطَفَوِیَّہ کا یہ وَظِیفَۂ عَلِیَّہْ وَ عُلْیَاء اور یہ مَنْصَبِ عَالِی اپنی اُمَّتِ خاصّہ کے عُلَمَاء کو عطا فرمایا۔ عُلَمَاءُ اُمَّتِیْ کَاَنْبِیَاءِ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ (۲) میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے انبیاء کی طرح ہیں اس منصب عالی کا تقاضٰی ہے کہ عُلَمَاءْ عَامِلِیْنْ ہوں عُرَفَاءْ ہوں مُتَمَکِّنِیْن ہوں

۱۔ جیسے سَیِّدِنَا دَاوُدْ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ جن پر زَبُوْرْ شریف نازل ہوئی۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تعالیٰ۔

۲۔ وَھُمُ الْمُحَدِّثُوْنَ الَّذِیْنَ یَرْوُوْنَ الْاَحَادِیْثَ بِالْاَسَانِیْدِ الْمُتَّصِلَۃِ بِالرَّسُوْلِ عَلَیْہِ السَّلَامُ صفحہ ۵۰ جلد ۲ فتوحات شریفہ و بخاری شریف کِتَابُ العلم صفحہ ۱۶ و ابوداؤد کِتَابُ الْعِلْم صفحہ ۳۱۵ و ابن ماجہ وَالدَّارمی و مسند احمد بن حنبل۔ ۱۲ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی وَنَصَرَہٗ۔

شَرِیعَتِ مُصْطَفَوِیَّہ پر اِسْتِقَامَتْ رکھنے والے ہوں خیر کی جَانِبْ دَعْوَتْ دینے والے ہوں مَعْرُوْفْ (۱) وَمُنْکَرْ (۲) کے جاننے والے ہوں کیونکہ عُلَمَآءَ کا اَنْبِیَاءْ کے ساتھ یہی وجہ شِبْہْ ہے ورنہ دَرَجَاتْ وَمَرَاتِبْ میں عَالِمِ غیر نبی کی پہنچ و رسائی اَنْبِیَآءَ کے پایہ تک ممکن نہیں چہ جائیکہ مراتب میں ان کی برابری۔ تفصیل فَوْقُ الذِکر سے یہ روشن ہوا کہ وَلِیّ نَبِیّ اور رَسُوْلِ نبی کے درمیان نُبُوَّۃ کا مقام بَرْزَخْ ہے۔ جیسا کہ کہا گیا ہے کہ:

مَقَامُ النُّبُوَّۃِ فِيْ بَرْزَخٍ
دُوْنَ الْوَلِيِّ وَ فَوْقَ الرَّسُوْلِ

یعنی نبوت کا مَقَامْ ایک ایسے برزخ میں ہے جو وَلِی سے کم اور رَسُوْلْ سے بالاتر ہے۔

وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

اور آپ پر اَللّٰہُ تَعَالٰی کی خَاصُّ الْخَاصْ رحمت ہو اور اس میں مَزِیْدْ اِضَافَہ ہوتا رہے۔

جب نمازی اس مشاہدہ نبی سے فارغ ہوا تو اب وہ اپنے آپ کو اس بات کا مُسْتَحِقْ پاتا ہے کہ کہے۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ (اب ہم اس قابل ہوگئے کہ کہیں) ہم پر سلام رہے اور اللہ تعالیٰ کے صالحین پر سلام (۳) رہے۔

۱۔ معروف ہر وہ اَمْرِ وَاجِبْ یا مَنْدُوْبْ فِی الدِّیْنْ ہے جس کے ساتھ مُؤمِن کو اَللّٰہُ تعالیٰ کا قرب حاصل ہوجاتا ہے۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

۲۔ ہر وہ امرِ حرام و مکروہ جس کے کرنے سے بندہ اللہ تعالیٰ کے قرب سے محروم ہو جاتا ہے جس کا کرنے والا گنہ گار ٹھہرایا جاتا ہے جس کا مرتکب بُرا سمجھا جاتا ہے وہ منکر کہلاتا ہے۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

۳۔ سَلَامْ کے معنی آئندہ صفحات میں سَیِّدِنَا اَلشَّیْخُ الْاَکْبَرْ مُحْیُ الدِّیْنِ ابْنُ عَرَبِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے کلمات میں واضح ہو جائیں گے اِنْشَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی

صَالِحِیْن جمع ہے صالح کی جس کے معنی ہیں وہ مسلمان جو حُقُوقُ اللّٰہِ اور حُقُوقُ الْعِبَادُ کو صحیح طور پر بغیر کسی نقص و کمی کے انجام دے رہا ہو۔ صالحین وہی لوگ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے بشری فناء کے بعد وجود موہوب، وجود حقانی کے ساتھ نواز دیئے ہیں مُسْتَقِیْم فِي الدِّیْن ہیں عالم کی اصلاح، اس کے ضَبْطِ نِظَام اور اس کی تدبیر کی اَنْجَامُ دہی میں مَصْرُوْفِ کار رہتے ہیں سَیِّدُنَا مُحْیِ الدِّیْنِ بْنُ عَرَبِیْ الطَّائِی الشَّیْخُ الاَکْبَرُ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنْہُ آیۂ کریمہ: کُلٌّ مِّنَ الصَّالِحِیْنَ کی تفسیر فرماتے ہوئے لکھتے ہیں۔ اَلَّذِیْنَ یَقُوْمُوْنَ بِصَلَاحِ الْعَالَمِ وَضَبْطِ نِظَامِہٖ وَتَدْبِیْرِہٖ لِاسْتِقَامَتِھِمْ بِالْوُجُوْدِ الْمَوْھُوْبِ الْحَقَّانِیِّ بَعْدَ فَنَاءِ الْوُجُوْدِ الْبَشَرِیِّ۔ دیکھو جلد ۱، صفحہ ۲۱۲ سورۃ الانعام و جلد ۱، صفحہ ۲۵۰ یعنی وہ جو اِصْلَاحِ عَالَم اور اس کے ضبطِ نِظَام اور اس کی تَدْبِیْر کو اَنْجَامُ دے رہے ہیں اس لئے کہ وہ بعد اس کے کہ بَشَرِیْ وُجُوْد سے فنا ہو چکے بخشے ہوئے حَقَّانِیْ وُجُوْد کے ساتھ استقامت والے ہیں۔

اب یہ مِسْکِیْن اَبُوالْفَتْح مُحَمَّدْ نَصْرُاللہ خَانُ بْنُ الْمَرْحُوْم خُوْش کِیَارْخَان الْخَزُوْتِیْ السَّرْرَوْضَوِیْ بالا مَذْکُوْرَہ تمام مسائلِ حَقَّہ اور عَقَائِدِ رَاجِحَہ کو صُوْفِیَائے صَافِیَہ اور رسیدہ عُلَمَاءِ اَعْلَام کے اِلْہَامِیْ عِبَارَات کے تائیدات و تائیدات میں پیش کر رہا ہے۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ

سَیِّدُنَا الشَّیْخ عَبْدُالْحَقِّ الْمُحَدِّثُ الدِّہْلَوِیْ رَحِمَہُ اللّٰہُ الْبَارِیْ الْقَوِیْ، لکھتے ہیں۔ و بعضی از عُرَفَاءُ گفتہ اند کہ این خِطَابِ (اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ) بجہت سِرْیَانِ حَقِیْقَتِ مُحَمَّدِیَّہْ است در ذَرَائِرِ موجُودَاتْ و اَفْرَادِ مُمْکِنَاتْ پس آنحضرت در ذَوَاتِ مُصَلِّیَانْ مَوْجُوْدُ وْ حَاضِرُ است پس مُصَلِّیْ باید کہ ازین مَعْنِیْ آگاہ باشد و ازیں شہود غافل نَبُوْدتا بَاَنْوَارِ قُرْبُ وْ اَسْرَارِ معرفت مُتَنَوَّرْ وْ فَائِضْ گردد۔ دیکھو صفحہ ۳۵۷ جلد ۱ اَشِعَۃُ اللَّمْعَاتِ شرح فارسی مِشْکوٰۃ، کِتَاب

الصَّلٰوۃِ بَابُ التَّشَہُّدِ کی فَصلِ اَوّل۔

یعنی بعض عارفین نے فرمایا ہے کہ (بِالْمُشَافَہَۃ) یہ خطاب رسُول پاک صَلَّی اللہُ تَعَالیٰ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَسَلَّمَ کو اس لئے ہے کہ حَقِیقَتِ مُحَمَّدِیَّہ موجُودات کے تمام ذرّات اور مُمکنات کے تمام افراد میں مَوجُود اور ساری ہے پس وہ حضرت (۱) تمام نمازیوں (۲) کے ذوات میں موجود و حاضر ہیں۔ پس نمازی کو چاہیئے کہ وہ اس معنی (۳) سے باخبر رہے اور اس حضور و شہود سے غافل نہ رہے تاکہ وہ قرب اور معرفت کے اسرار سے متنور اور فیضیاب ہوجائے۔

حضرتِ شیخ کے مذکورہ بالا کلماتِ قدسیہ نے یہ راسخہ عقیدہ دیا کہ حقیقتِ محمّدیہ ہرجا شاہد و مشہود ہے اور آنحضرت صَلَّی اللہُ تَعَالیٰ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَسَلَّمَ کی حقیقت نمازی کی ذات میں بھی حاضر و موجود ہیں فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ عَلٰی اَنَّ تِلْکُمُ الْعَقِیۡدَۃَ الرَّاسِخَۃَ ھِیَ عَقِیْدَتُنَا وَنَحْنُ عَلٰی تِلْکُمُ الْعَقِیْدَۃِ الرَّاسِخَۃِ لَقَائِمُوْنَ۔ علّامہ بدرُالدِّین عینی رحمۃُ اللہ البَارِی نے شرحِ الصحیح البُخاری میں فرمایا۔

وَیَحْتَمِلُ اَنْ یُّقَالَ عَلٰی طَرِیْقَۃِ اَھْلِ الْعِرْفَانِ اَنَّ الْمُصَلِّیْنَ لَمَّا اسْتَفْتَحُوْا بَابَ الْمَلَکُوْتِ بِالتَّحِیَّاتِ (۴) اُذِنَ لَھُمْ بِالدُّخُوْلِ فِیْ حَرَمِ الْحَیِّ الَّذِیْ لَایَمُوْتُ

۱۔ جانِ دوجہان صَلَّی اللہُ تَعَالیٰ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَسَلَّمَ۔ مِنۡہُ نَصَرَہُ اللہُ تَعَالیٰ۔

۲۔ جمع جب جمع کی جانب مضاف ہوجائے تو استغراق کا افادہ کرتی ہے اسی لئے ترجمہ میں کلمہ "تمام" اضافہ کردیا گیا۔ مِنۡہُ نَصَرَہُ اللہُ تَعَالیٰ

۳۔ یعنی حضور کی اس شہود و حضور سے۔ مِنۡہُ نَصَرَہُ اللہُ تَعَالیٰ۔

۴۔ اَیْ بِالْعِبَادَاتِ الْقَوْلِیَّۃِ وَالْفِعْلِیَّۃِ وَالْمَالِیَّۃِ۔ مِنۡہُ نَصَرَہُ اللہُ تَعَالیٰ

فَقَرَّتْ اَعْيُنُهُمْ بِالْمُنَاجَاتِ فَنُبِّهُوْا عَلٰى اَنَّ ذٰلِكَ بِوَاسِطَةِ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَبَرَكَةِ مُتَابَعَتِهٖ فَاِذَا الْتَفَتُوْا فَاِذَا الْحَبِيْبُ فِيْ حَرَمِ الْحَبِيْبِ حَاضِرٌ فَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِ قَائِلِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔ دیکھو صفحہ ۱۷۰ جلد ۳ عمدۃ القاری شرح الصحیح البخاری المطبوعۃ بمصر یعنی اہل معرفت کے طریقہ پر کہا جاسکتا ہے کہ نمازیوں نے (۱) جب عَالَمِ مَلَکُوْتُ کا دروازہ کھلوانا چاہا تو انھیں اَللّٰہُ تَعَالٰی حَیٌّ لَایَمُوْتُ (۲) کے حَرَمْ سَرَائے میں بَاِجَازَتْ دَاخِلہ مل گیا پس ان کی آنکھیں ان، مُنَاجَات سے ٹھنڈی ہو گئیں پس نمازیوں کو مُتَنَبِّہ کر دیا گیا کہ وہ نِعْمَتِ عُظْمٰی انھیں نَبِیُّ الرَّحْمَۃِ کے وَسِیْلَۂ جَلِیْلَہْ سے ملی اور انھیں، یہ نعمت عظمٰی آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کی صحیح پیروی کی برکت سے ملی ہے تو اب جب نمازیوں نے دیکھا تو دیکھ لیا کہ حَبِیْبْ حَبِیْبْ کے حرم خاص میں حاضر ہیں، پس نمازی آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کی حضور میں مُتَوَجِّہ ہو کر عرض کرنے لگے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

یعنی اے غَیْبْ کی خبر دینے والے آپ پر ہر طرح کا سَلَامْ ہے آپ ہم سے اَمْنْ میں ہیں ہم آپ کے کِرْدَارْ پر کوئی اِعْتِرَاضْ نہیں کرتے، ہم آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کے اَخْلَاقِ کَرِیْمَہْ، اَفْعَالِ حَسَنَہْ اور اِرَادَاتِ پاکیزہ کو عَیْبْ و نَقْصْ سے پاکتر سمجھتے ہیں، ہم آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کے اَوَامِرْ و نَوَاہِیْ کو رہنما و رہبر اصول دین و ایمان جانتے اور مانتے ہیں۔

۱۔ قولی، فعلی اور مالی عبادات کے ذریعہ۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

۲۔ جو زندہ ہے جس پر موت طاری نہیں ہو سکتی۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ پر اللہُ تعالٰی کی خاص رحمت ہے اس میں ہمیشہ اِضافہ ہوتا رہتا ہے۔

اس عِبارتِ قدسِیّہ نے بھی وہی زِندہ پائندہ راسِخ عَقِیدَہ دیا ہے کہ جہاں اللہ تعالی کی حضور ہے وہاں حضور صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ حاضر ہیں۔

اِمَامُ عَبْدُالوَہَّابُ شَعْرَانِی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ اپنی کِتابِ مُسْتَطَابْ مِیزَانُ الشَّرِیْعَۃِ الکُبْرٰی مَطْبُوعَۂ مِصْر کی جِلدِ اَوَّل صفحہ ۱۵۴ میں فرماتے ہیں۔

وَسَمِعْتُ سَیِّدِي عَلِیَّا الخَوَّاص رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰي یَقُوْلُ اِنَّمَا اَمَرَ الشَّارِعُ المُصَلِّيَ بِالصَّلٰوۃِ وَالسَّلَام عَلٰي رَسُوْلِ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِي التَّشَهُّدِ لِیُنَبِّہَ الغَافِلِیْنَ، فِيْ جُلُوْسِهِمْ بَیْنَ یَدَيِ اللہِ عَزَّوَجَلَّ عَلٰي شُهُوْدِ نَبِیِّهِمْ (۱) فِي تِلْكَ الحَضْرَۃِ فَاِنَّہٗ لَایُفَارِقُ حَضْرَۃَ اللہِ تَعَالٰي اَبَدًا فَیُخَاطِبُوْنَہٗ بِالسَّلَامِ مُشَافَهَۃً۔ یعنی میں نے اپنے آقا علی الخواص رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ کو فرماتے سنا کہ اَللہُ تعالٰی نے نمازی کو تشہد کی حالت میں سَیِّدُالوَرٰی عَلَیْہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ پر صلوۃ وسلام کہنے کا حکم صِرف اور صِرف اس لئے دیا ہے تاکہ اُن نمازیوں کو جو تَشَہُّد میں اَللہُ تعالٰی کے سامنے غافل بیٹھے ہیں تَنْبِیہ ہو اس بات کی کہ ان کے نبی اللہ تعالی کی حضور حاضر و ناظر ہیں کیونکہ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ اَللہُ تَعَالٰی کی حُضُور سے کبھی جُدا نہیں رہتے پس نمازی، آقا و مولی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ سے بِالْمُشَافِہَۃ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ

۱۔ مُفْرَدَاتِ رَاغِبْ میں ہے اَلشُّهُوْدُ وَالشَّهَادَۃُ اَلْحُضُوْرُ مَعَ الْمُشَاهَدَۃِ اِمَّا بِالْبَصَرِ اَوْبِالْبَصِیْرَۃِ۔ یعنی شہود اور شہادۃ کے معنی ہیں حاضر ہونا جس کے ساتھ مشاہدہ سَر کی آنکھوں کے ساتھ ہو خواہ دِل کی۔ مِنْہُ غَفَرَہُ اللہُ تَعَالٰی۔

پر سلام پیش کرنے کے خطاب کریں گے۔

الیواقیت والجواہر صفحہ ۴۵ جلد ۲ میں ہے۔ فَإِنْ قُلْتَ فَمَا الْحِكْمَةُ فِي سَلَامِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلٰوةِ مَعَ أَنَّهُ آمِنٌ مِنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالسَّلَامُ إِنَّمَا هُوَ آمَانٌ۔ فَالْجَوَابُ كَمَا قَالَهُ الشَّيْخُ فِي الْبَابِ الثَّالِثِ وَالسَّبْعِيْنَ أَنَّ الْحِكْمَةَ فِي ذٰلِكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ هُوَ أَنَّ مَقَامَ الْأَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ يُعْطِي الْإِعْتِرَاضَ عَلَيْهِمْ وَلَوْ بِالْبَاطِنِ لِأَمْرِهِمِ النَّاسَ بِمَا يُخَالِفُ أَهْوَآءَهُمْ كَمَا أَنَّ مَقَامَهُمْ يُعْطِي التَّسْلِيْمَ لَهُمْ أَيْضًا فَلِذٰلِكَ شَرَّعَ لَنَا أَنْ نُّسَلِّمَ عَلٰى نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَأَنَّا نَقُوْلُ لَهُ أَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فِي آمَانٍ مِنَّا أَنْ نَعْتَرِضَ عَلَيْكَ فِي شَيْءٍ أَمَرْتَنَا بِهِ أَوْ نَهَيْتَنَا عَنْهُ۔ اِنْتَهٰى۔

یعنی اگر تو نے کہا (سوال کرکے) کہ پس کیا حکمت ہے سلام کہنے میں، ایمان والوں کے،* سَرْکارِ دُوسَرا عَلَیْہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ پر نماز کے اندر اس سے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ اس سے امن میں ہیں کیونکہ سَلَام اَمْن ہی ہے۔ تو اس کا جواب یہ ہے جیسا کہ حضرت سَیِّدُنَا اَلشَّیْخُ الْاَکْبَرُ مُحْیُ الدِّیْنِ بْنُ عَرَبِی مُحَمَّدُ بْنُ عَلِی الطَّائِیُّ الْاَنْصَارِی، رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے اپنی کتاب مُسْتَطَاب فُتُوحَاتِ مَکِّیَّہ کے تہتّرویں بَاب میں فرمایا ہے کہ بے شک اس میں حکمت ایمان والوں کے لئے یہ رہی ہے کہ بِلَارَیْبُ وَّارْتِیَابُ اَنْبِیَاءِ کِرَام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کا مَقَام مُوْمِنِیْن کے لئے ان پر اِعْتِرَاض پیدا کردیتا ہے گو وہ اعتراض ضِمْناً ہو اس کا سبب یہ کہ وہ لوگوں کو ان کی خواہشات کے خلاف حکم دیتے ہیں ایسا ہی جیسا کہ ان کے مقام انہیں (۱) مَقَامِ تَسْلِیْم بھی عَطا (۲)

۱۔ ایمانوں والوں کو۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ۔

۲۔ کہ وہ انہیں اور ان کے اوامر و نواہی کو حق جانتے اور مانتے ہیں اور حق قابل اعراض و اعتراض نہیں ہوتا۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ

فرمادیتا ہے تو اسی لئے ہمارے لئے یہ شریعت بنا کہ ہم اپنے پاک نبی پر سلام بھیجیں گویا ہم آپ کی جنابْ میں عرض کرتے ہیں کہ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَسَلَّمَ ہی تو ہیں اے اَللہ کے رَسُوۡلْ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَسَلَّمَ ہم سے اَمْنْ میں اس بات سے کہ آپ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم) پر کسی قسم کا اعتراض کریں ہر اس چیز میں جس کا آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَسَلَّمَ نے ہمیں حکم دیا ہو کرنے کا اور یا آپ نے ہمیں کسی چیز یا کام سے روک دیا ہو۔

خلاصہ اس پاکیزہ عبارت کا یہ رہا کہ ☆ سَیِّدُالْوَرٰی عَلَیۡہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ ہر عَیبْ وُ نقص سے مُبَرَّا ہیں اور ہم اسی پاکیزہ عَقِیۡدَتْ کے اِظہار پر مَاْمُوۡرْ وُ مَغۡمُوۡرْ ہیں اور رہیں گے۔ اِنۡشَآءَ اللہُ تَعَالٰی ☆☆

حَضۡرَتِ خَاتَمُ فَصِّ الۡوِلَایَۃِ الۡمُحَمَّدِیَّۃِ ابۡنُ عَرَبِیۡ شیخ اکبر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنۡہُ آیہ کریمہ وَمَا اَرۡسَلۡنَا مِنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا لِیُطَاعَ بِاِذۡنِ اللہِ (٦٤ اَلنِّسَاء) کی تفسیر فرماتے ہوئے رَسُوۡلْ وُ نبی میں فرق یوں فرماتے ہیں۔

اَلۡفَرۡقُ بَیۡنَ الرَّسُوۡلِ وَالنَّبِیِّ هُوَ اَنَّ الرِّسَالَۃَ بِاِعۡتِبَارِ تَبۡلِیۡغِ الۡاَحۡکَامِ یٰۤاَیُّهَا الرَّسُوۡلُ بَلِّغۡ (آیہ ٦٧ اَلۡمَآئِدَۃ) وَالنُّبُوَّۃَ بِاِعۡتِبَارِ الۡاِخۡبَارِ عَنِ الۡمَعَارِفِ وَالۡحَقَائِقِ الَّتِیۡ تَتَعَلَّقُ بِتَفَاصِیۡلِ الصِّفَاتِ وَالۡاَفۡعَالِ فَاِنَّ النُّبُوَّۃَ ظَاهِرُ الۡوِلَایَۃِ الَّتِیۡ هِیَ الۡاِسۡتِغۡرَاقُ فِیۡ عَیۡنِ الۡجَمۡعِ وَالۡفَنَاءُ فِی الذَّاتِ فَعِلۡمُهَا عِلۡمُ تَوۡحِیۡدِ الذَّاتِ وَمَحۡوُ الۡاَفۡعَالِ وَالصِّفَاتِ فَکُلُّ رَسُوۡلٍ نَبِیٌّ وَکُلُّ نَبِیٍّ وَلِیٌّ وَلَیۡسَ کُلُّ وَلِیٍّ نَبِیًّا وَلَا کُلُّ نَبِیٍّ مُرۡسَلًا وَاِنۡ کَانَتۡ رُتۡبَۃُ الۡوِلَایَۃِ اَشۡرَفَ مِنَ النُّبُوَّۃِ وَالنُّبُوَّۃِ مِنَ الرِّسَالَۃِ کَمَا قِیۡلَ۔ مَقَامُ النُّبُوَّۃِ فِیۡ بَرۡزَخٍ، دُوۡنَ الۡوَلِیِّ وَفَوۡقَ الرَّسُوۡلِ۔ دیکھو صفحہ ۱۵۳ تفسیر الشیخ مُحی الدِّیۡن بِنْ عَرَبِیۡ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنۡہُ وَاَرۡضَاہُ عَنَّا اَلۡجُزۡءُ الۡاَوَّلُ۔

یعنی رسول و نبی میں فرق یہ ہے کہ رسالت میں تبلیغ اَحکام کا اِعتبار رہتا ہے (جیسے اللہ تعالیٰ کا قول) اے رسول پہنچادے اور نبوۃ میں معارِف و حقائق سے اِخبار کا اعتبار رہتا ہے وہی جن کا تعلق صِفاتِ و اَفعال کے تفاصیل سے ہو اور وہ یوں ہے کہ نبوۃ ولایت کے ظاہر کو کہتے ہیں ولایت عَینُ الجمع میں اِستغراق اور فنَافِی الذّات کا نام ہے پس ولایت کا علم توحید ذات اور افعال و صفات میں محو ہو جانے کا ہی علم ہوتا ہے پس جیسا کہ ہر رسول کا نبی ہونا ضروری ہے اور ہر نبی کا ولی ہونا ضروری ہے (۱)۔ پر اس کا عکس نہیں یعنی نہ تو ہر ہر ولی کا نبی ہونا ضروری ہے نہ ہی ہر نبی کا رسول ہونا ضروری ہے اگرچہ رتبہ ولایتِ نبی نبوتِ نبی سے اشرف ہے اور نبوت رسالت سے اشرف جیسا کہ کہا گیا ہے۔

مقام نبوت ایک برزخ میں ہے جو ولی سے نیچے اور رسول سے اوپر ہے۔ نیز حضرت سَیّدِنَا محی الدّینِ بنُ عَربی رَضی اللہُ تعالیٰ عَنہُ وَاَرضَاہُ عَنّا نے سُورَہ مَریَم کی آیت ۵۱ وَاذکُر فِي الکِتَابِ مُوسٰی اِنّہٗ کَانَ مُخلَصاً وَّکَانَ رَسُولاً نَّبِیّاً (۲) کی تفسیر میں فرمایا

۱۔ اس تقدیر پر رسول نبی سے خاص اور نبی عام ہے پھر نبی ولی سے خاص اور ولی کا مفہوم عام رہا ہے پس نبی و رسول میں عموم و خصوص مطلق کی نسبت ہے اور نبی و ولی میں بھی عموم و خصوص کی نسبت رہی ہے کہ ولی کا مفہوم نبی و رسول دونوں سے عام ہے اور نبی رسول سے عام پس رسول مُصطَلَح کا مفہوم خَاصُ الخَاص رہا ہے، ولی ہولے پھر نبی ہو گا کہ ولایت کے بغیر نبوت ممکن نہیں نبی ہولے تو رسول مصطلح ہو گا کہ نبوت کے بغیر رسالت مُصطَلَحَہ محال۔ مِنہُ نَصَرَہُ اللہُ تَعَالیٰ

۲۔ اور کتاب موسیٰ کا ذکر کرو بے شک وہ چنا ہوا تھا اور رسول تھا غیب کی خبر بتانے والا۔ مِنہُ نَصَرَہُ اللہُ تَعَالیٰ

مَقَامُ الرِّسَالَةِ دُوْنَ مَقَامِ النُّبُوَّةِ لِكَوْنِهَا مُبَيِّنَةً لِلْاَحْكَامِ كَالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ مُنَبِّهَةٌ عَلَى الْاَوْضَاعِ كَالصَّلٰوةِ وَالصِّيَامِ فَهِيَ مُتَعَلِّقَةٌ بِبَيَانِ اَحْكَامِ الْمُكَلَّفِيْنَ وَاَمَّا النُّبُوَّةُ فَهِيَ عِبَارَةٌ عَنِ الْاِنْبَآءِ عَنِ الْمَعَانِي الْغَيْبِيَّةِ كَاَحْوَالِ الْمَعَادِ وَالْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ وَالْمَعَارِفِ الْاِلٰهِيَّةِ كَتَعْرِيْفِ الصِّفَاتِ وَالْاَسْمَآءِ وَمَايَلِيْقُ بِاللّٰهِ مِنَ التَّحْمِيْدَاتِ وَالتَّمْجِيْدَاتِ وَالْوِلَايَةُ فَوْقَهُمَا جَمِيْعًا لِكَوْنِهَا عِبَارَةٌ عَنِ الْفَنَآءِ فِي ذَاتِ اللّٰهِ مِنْ غَيْرِ اِعْتِبَارِ الْخَلْقِ فَهِيَ اَشْرَفُ الْمَقَامَاتِ لِكَوْنِهَا تَتَقَدَّمُ عَلَيْهِمَا لِاَنَّهَا مَالَمْ تَحْصُلْ اَوَّلًا لَمْ تُمْكِنِ النُّبُوَّةُ وَلَا الرِّسَالَةُ لِكَوْنِهَا مُقَوِّمَةً اِيَّاهُمَا وَلِهٰذَا قُدِّمَ كَوْنُهٗ مُخْلَصًا فِي الْقُرْاٰنِ بِالْفَتْحِ وَاُخِّرَتِ النُّبُوَّةُ عَنِ الرِّسَالَةِ لِكَوْنِهَا اَشْرَفَ وَاَدَلَّ عَلَى الْمَدْحِ وَالتَّعْظِيْمِ مِنْهَا وَلَمْ يُؤَخِّرِ الْوِلَايَةَ عَنْهُمَا بِاِعْتِبَارِ الشَّرَفِ لِاَنَّهَا وَاِنْ كَانَتْ اَشْرَفَ لٰكِنَّهَا بَاطِنَةٌ لَايَعْرِفُ شَرَفَهَا وَفَضْلَهَا اِلَّا الْاَفْرَادُ مِنَ الْعُرَفَآءِ الْمُحَقِّقِيْنَ الْمَخْصُوْصِيْنَ بِدِقَّةِ النَّظَرِ دُوْنَ غَيْرِهِمْ فَلَايُفِيْدُ الْمَدْحَ وَالتَّعْظِيْمَ وَلَا الْاِقْتِصَارَ عَلَيْهَا بِقَوْلِهٖ مُخْلَصًا وَاِنْ كَانَتْ اَشْرَفَ لِاَنَّهَا قَدْ تُوْجَدُ بِدُوْنِهِمَا بِخِلَافِ الْعَكْسِ فَلَا يُحْسِنُ وَصْفُهٗ اِلَّا عَلَى هٰذَا التَّرْتِيْبِ۔ دیکھو صفحہ ۸ جلد ۲۔

یعنی رِسالت کا مقام مقامِ نبوت سے کم ہے کیونکہ اس مقام میں رَسُول اَحکام کی تعیین کرتے جیسے حلال و حرام کی، اوضاع احکام کی خبر دیتے ہیں جیسے نماز و روزہ کی پس رِسالت کا تعلق احکامِ مکلفین کے بیان سے ہے۔

رہی نبوت تو اس مقام میں معانِی غَیبِیّہ کی تعبیر ہوتی جیسے مَعاد بَعث (۱)، نشر اور معارِفِ اِلٰہِیّہ جیسے اَسمَآء وَصِفَات یا جو اللہ تعالیٰ کے شایانِ شان ہو تحمیدات و تمجیدات (۲)

۱۔ مرنے کے بعد زندہ ہو کر اٹھنا۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ ۲۔ تحمیدات جمع ہے تحمید کی جس کے معنی ہیں اللہ تعالی کا سراہنا تمجیدات کی مفرد ہے تمجید بزرگی بیان کرنا۔ ۱۲ منہ

کی پہچان۔ اور وِلایت ان دونوں (۱) سے بالاتر ہے اس لئے کہ (۲) یہ اللہ تعالیٰ کی ذات میں فنا ہوجانے کی صفت ہے اس میں خَلق کا کوئی اِعتِبار نہیں پس وہ مقام سب سے اشرف ہے کہ وہ نُبُوّت و رِسالت، دونوں سے مُقدّم ہوا کرتی ہے جب تک وِلایت نہ ہولے نہ تو نُبُوّت کا اِمکان ہے نہ ہی رِسالت کا، کہ وِلایت رِسالت و نُبُوّت دونوں کے لئے مُقوّم ہے (۳) اسی شرف کی بناء پر "مُخلَصًا" کو قرآن پاک نے دونوں سے مُقدّم ذِکر کیا اور نُبُوّت کو رِسالت سے آخر میں ذِکر کیا (اس تاخیرِ ذکر میں بھی اس کے شَرَف کا لحاظ ہے) کہ نُبُوّت رِسالت سے اَشرَف ہے پس مَدح و تعظیم پر زیادہ اَدَلّ (۴) ہے لیکن وِلایت کو باوجودِ اشرفیت کے آخر میں ذکر نہ کیا وہ اس لئے کہ وِلایت اَمرِ باطِن ہے اس کے شرف و فضیلت صرف عُرَفا مُحقّقین کے خاص خاص اَفراد جانتے ہیں جو دِقّتِ نَظَر کے ساتھ مخصوص ہیں پس "مُخلَصًا" بظاہر مَدح و تعظیم کا اِفادہ نہیں کرتی جیساکہ نُبُوّت کرتی ہے۔ نیز آیت کریمہ میں صرف "مُخلَصًا" کے ذِکر پر اِکتِفا نہیں کیا اگرچہ وہ نُبُوّت و رِسالت دونوں سے اَشرَف ہے۔ عَدمِ اِکتِفا کی وجہ یہ ہے کہ وِلایت نُبُوّت و رِسالت کے بغیر بھی پائی جاتی ہے بخلاف عکس (۵) کے کہ نُبُوّت و رِسالت کا وِلایت کے بغیر پایا جانا، ناممکن و مُحال ہے۔ پس ترتیبِ مَذکور و مَزبور کے ساتھ اس کا وَصف و بیان بہتر رہا۔ تفسیر الشیخ الاکبر المجلد الثانی صفحہ ۸۔ نیز خاتَم نَقشِ الوِلایَۃِ المُحمّدیّۃِ اپنی تفسیرِ مُنیر کے جُزِ دُوُم میں نبی اور رسول کا فرق یوں واضح فرماتے ہیں۔

---

(۱) یعنی رِسالت و نُبُوّت۔ مِنہ (۲) وِلایتِ نبی۔ مِنہ (۳) قولہ مُقوّم ہے حُصُولِ این نِعمَتِ عُظمیٰ (وِلایتِ خاصّہ مُحمّدیّہ) موقوف است بر کمالِ اِتّباعِ شریعتِ او عَلَیہِ مِنَ الصَّلَوٰتِ اَتَمُّہا وَ مِنَ التَّحِیّاتِ اَکمَلُہا۔ چہ شریعتِ ہر نبی عَلَیہِمُ الصَّلَوٰتُ وَالتَّسلِیمَاتُ کہ از راہِ نبوت بروی عطا فرمودند مناسبِ وِلایتِ اوست چہ در وِلایت رو بحق است سُبحَانَہٗ بالکُلّیّہ و چون بہ نبوت فرودے آرند ہمان نور فرودے آید و ہمان کمال را با توجہِ خلق جمع می کند و سبب حصولِ کمالاتِ مقامِ نبوت ہم ہمان نور است و لہذا گفتہ اند "وِلایتِ نبی اَفضَل است از نبوتِ او" پس لاجرم شریعتِ ہر پیغمبر مناسبِ وِلایتِ او باشد و اِتّباعِ آن شریعت مستلزمِ وصول است بآن وِلایت۔ صفحہ ۱۷۱ مکتوب ہشتاد و ہفتم دفترِ اوّل مکتوباتِ اِمامِ ربّانی رَحمۃُ اللہِ عَلَیہ ۱۲ (۴) اس میں مَدحِ رسول ہے یعنی وہ اور ایسا رسول کہ نبی تھے۔ مِنہ (۵) یعنی اس کے برخلاف۔ مِنہ نصرہ اللہ تعالیٰ۔

اَلْفَرْقُ بَيْنَ النَّبِيِّ وَالرَّسُوْلِ اَنَّ النَّبِيَّ هُوَالْوَاصِلُ بِالْفَنَآءِ فِي مَقَامِ الْوِلَايَةِ الرَّاجِعُ بِالْوُجُوْدِ الْمَوْهُوْبِ اِلَي مَقَامِ الْاِسْتِقَامَةِ مُتَحَقِّقًا بِالْحَقِّ عَارِفًا بِهٖ مُتَنَبِّأً عَنْهُ وَعَنْ ذَاتِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَ اَفْعَالِهٖ وَاَحْكَامِهٖ بِاَمْرِهٖ مَبْعُوْثًا لِلدَّعْوَةِ اِلَيْهِ عَلٰي شَرِيْعَةِ الْمُرْسَلِ الَّذِيْ تَقَدَّمَهٗ غَيْرَ مُشَرِّعٍ لِشَرِيْعَةٍ وَلَا وَاضِعٍ لِحُكْمٍ وَّمِلَّةٍ مُظْهِرًا لِلْمُعْجِزَاتِ مُنْذِرًا وَّمُبَشِّرًا لِلنَّاسِ كَاَنْبِيَآءِ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ اِذْ كُلُّهُمْ كَانُوْا دَاعِيْنَ اِلَي دِيْنِ مُوْسٰي عَلَيْهِ السَّلَامُ غَيْرَ وَاضِعِيْنَ لِمِلَّةٍ وَّشَرِيْعَةٍ وَمَنْ كَانَ ذَا كِتَابٍ كَدَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ كِتَابُهٗ حَاوِيًا لِلْمَعَارِفِ وَالْحَقَائِقِ وَالْمَوَاعِظِ وَالنَّصَائِحِ دُوْنَ الْاَحْكَامِ وَالشَّرَائِعِ وَ لِهٰذَا قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عُلَمَآءُ اُمَّتِيْ كَاَنْبِيَآءِ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ وَهُمُ الْاَوْلِيَآءُ الْعَارِفُوْنَ الْمُتَمَكِّنُوْنَ وَالرَّسُوْلُ هُوَالَّذِيْ يَكُوْنُ لَهٗ مَعَ ذٰلِكَ كُلِّهٖ وَضْعُ شَرِيْعَةٍ وَّتَقْنِيْنٍ فَالنَّبِيُّ مُتَوَسِّطٌ بَيْنَ الْوَلِيِّ وَالرَّسُوْلِ۔ (التفسیر صفحہ ۵۹ سورۃ الحج)

یعنی نبی و رسول میں فرق یہ ہے کہ نبی ہی مقامِ ولایت میں بربنائ فناء واصل اِلی اللہِ ہوتے ہیں وہی وُجُودِ مَوہُوب (۱) سے مقامِ اِستقامت کی طرف رجوع فرماتے ہیں حق کے ساتھ مُتَحقّق ہوتے حق کے عارِف ہوتے ہیں حق سے خبریں دیتے ہیں۔ اس کی ذات سے اور اس کے صفات سے اور اس کے افعال سے اور اس کے احکام سے اسی کے حکم سے حق کی طرف دَعوت دینے کے لئے مَبعُوث ہوتے ہیں ان کی یہ دَعوت اس مُرسَل کی شریعت پر مَبنِیْ ہوتی ہے جو اس نبی سے پہلے آچکے ہیں۔ اس لئے کہ نبی مِنْ حَیثُ ہُوَ نبِیٌّ کسی شریعت کا وَاضِع وَ مُشَرِّع نہیں ہوتے نہ ہی کسی حکم و ملت کے وضع کرنے والے ہوتے ہیں مُعجِزَات کا اِظہَار کرتے ہیں۔ لوگوں کو ڈراتے اور خوشخبریاں، سناتے ہیں۔ جیسا کہ بَنِیْ اِسرَآئِیلْ کے اَنبِیَآءَ رہے تھے کہ کُل کے کُل سَیِّدِنَا

۱۔ فَنَاء کے بَعْدَ اللہ کے دیئے ہوئے وُجُود۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللہُ تَعَالیٰ

مُوسیٰ عَلیٰ نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کے دین کی دعوتیں دیتے رہے نہ کسی نے عَلیحِدَہ مِلَّتْ کو وَضْع کیا نہ ہی کسی شریعت کی تَشْرِیْع کی اور ان میں کوئی صَاحِبِ کِتَابْ بھی تھا جیسا کہ سَیِّدِنَا دَاوٗدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ کی کِتَابْ (زَبُوْرْ شَرِیْف) تاہم آپ کی کتاب میں مَعَارِفْ وَ حَقَائِقْ اور مَوَاعِظْ وَ نَصَائِحْ تھے نہ تو اس میں اَحکام تھے نہ ہی شَرَائِعْ (یعنی ان کے مَنْصَبِ اَنسبْ دَعْوَتْ شَرِیْعَتِ مُرْسَلْ رہا تھا) اسی مَنْصَبِ اَنسبْ کا اِظْہَارْ سَرْوَرِ دُوسَرَا عَلَیْہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ اپنی اُمَّتْ کے عُلمَاءُ کے لئے یوں فرماتے ہیں کہ میری اُمَّتْ کے عُلَمَاءُ بَنِیْ اِسْرَائِیْلْ کے اَنْبِیَاءُ کی طرح ہیں۔ اور وہ ہیں اَوْلِیَا، عُرَفَاءُ، اِسْتِقَامَتْ رکھنے والے دِیْنْ پر ثَابِتْ قَدَمِیْ کے ساتھ جمنے والے۔ اور رسول وہی ہیں جس کے ساتھ مَذْکُوْرَہ تمام صِفَاتْ کے ساتھ ساتھ شَرِیْعَتْ وَضْع کرنا اور تَقْنِیْنِ قَوَانِیْنْ بھی ہو پس نتیجہ یہ رہا کہ نَبِیْ، وَلِیْ اور رَسُوْل میں مُتَوَسِّطْ ہیں۔ (غور سے دیکھئے مفسر کی تفسیر دِلپذِیْر)

مَذْکُوْرَہ تمام اَسْبَاقْ وَبَیَانَاتِ وَاضِحَہ اور بَرَاہِیْنِ سَاطِعَہ نے اَصْلْ وَ مُحَقَّقْ عَقِیْدَہْ رَاجِحَہ یہ دیا کہ سَرْوَرِ دُوسَرَا عَلَیْہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَاءُ ہی کُلّ ہیں جس کے لئے کُلّ ہیں اور آپ کا خَالِقْ کُلُّ الْکُلِّ ہے۔ فَانْظُرِ الْکُلَّ فِي الْکُلِّ تَجِدُ الْکُلَّ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

هُوَ الْکُلُّ وَلَہُ الْکُلُّ وَاللّٰہُ کُلُّ الْکُلِّ فَکُلُّ صَلٰوۃٍ کُلِّ الْکُلِّ عَلٰی هٰذَا الْکُلِّ الَّذِيْ لَہُ الْکُلُّ وَعَلٰی اٰلِہِ الْمُتَادِّبِیْنَ بِاٰدَابِہِ الَّذِیْنَ هُمْ مَخْزَنُ عِلْمِہٖ وَکِتَابِہِ الْعَزِیْزِ وَاَصْحَابِہِ الَّذِیْنَ اَصْبَحَ الدِّیْنُ بِهِمْ فِيْ حِرْزٍ حَرِیْزٍ اَللّٰهُمَّ اٰمِیْن بِحَقِّ اَمَانِنَا الْاَمِیْنِ، وَقَدِ اسْتَرَاحَ الْفَقِیْرُ خَادِمُ حَدِیْثِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ ۔ شَیْخُ الْحَدِیْثِ اَبُوالْفَتْحِ مُحَمَّدْ نَصْرُاللّٰہ خَان بْنُ خُوْش کِیَارْخَانَ بْنِ حَاکِمْ خَان بن شَادِيْ خان السَّرَوْصَوِيُّ مَوْطِنًا اَلْخَرُوْتِيُّ نَسَبًا مِنْ کَمَدِ الْاِنْتِهَاضِ

لِنَقْلِ هٰذِهِ الْمُقَدِّمَةِ الْمُتَضَمِّنَةِ الْمُشْتَمِلَةِ عَلَى الْعَقَائِدِ الرَّاسِخَةِ ضَحْوَةَ الثُّلَاثَاءِ عِشْرِيْنَ (۲۰) مِنْ جُمَادَي الثَّانِيَةِ الْمُنْتَظِمِ فِيْ سِلْكِ شُهُوْرِ ۱۴۰۰ھ اَرْبَعِمِائَةٍ وَّاَلْفٍ مِنَ السَّوَادِ اِلَي الْبَيَاضِ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ آمِيْنْ۔ بِحَقِّ اَمَانِنَا الْاَمِيْنِ۔ تَمَّتِ الْمُقَدِّمَةُ بِالْخَيْرِ وَتَلِيْهَا الْحِصَّةُ الْاُوْلٰي مِنَ اللَّمْعَاتِ (۱)

(۱) فَلْنُسَلِّمْ عَلَيْهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِمَا سَلَّمَ بِهٖ عَلَيْهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ الْاِمَامُ اَحْمَدُ رِضَا خَان قُدِّسَ سِرُّهُ السَّامِيُّ مِنَ الْمَنْظُوْم

دُنْیَا، مَزَار، حَشْر جہاں ہیں غَفُوْر ہیں — ہر مَنْزِل اپنے چاند کی مَنْزِل غَفْر کی ہے

سَب بَحْر وَبَرْ سَلَام کو حَاضِر ہیں اَلسَّلَام — تَمْلِیْک انہیں کے نام تو ہر بَحْر وبَرْ کی ہے

سَنْگ وُ شَجَر سَلَام کو حاضر ہیں اَلسَّلَام — (اس) کلمے سے تَر زَبَانْ دَرَخْتْ وُ حَجَر کی ہے

سَب گِرد و فَر سَلَام کو حَاضِر ہیں اَلسَّلَام — ٹوپی یہیں تو خاک پہ ہر گرد و فر کی ہے

تیری قَضَا خَلِیْفَۂ اَحْکَامِ ذی الجلال — تیری رِضَا خَلِیْفِ قَضَا وُ قَدَرْ کی ہے

فضلِ خدا سے غیب شہادت ہوا انہیں — اس پر شہادت آیَتْ وُ وَحْیْ وُ اَثَرْ کی ہے

کہنا نہ کہنے والے تھے جب سے تو اِطِّلَاعْ — مَوْلٰی کو قَوْل وُ قَائِل وُ ہر خُشْک وُ تَر کی ہے

اُنْ پَرْ کِتَابْ اُتْرِیْ بَیَانًا لِکُلِّ شَیٌ — تَفْصِیْلْ جس میں مَاعَبَرْ وُ مَاغَبَرْ کی ہے

اُنْ کی نُبُوَّتْ اُنْ کی اُبوت ہے سب کو عَامّ — اُمُّ الْبَشَرْ عَرُوْسْ انہیں کے پِسَر کی ہے

ظاہر میں مرے پھول حَقِیْقَتْ میں مرے نَخْل — اس گُلْ کی یاد میں یہ صَدَا اَبُو الْبَشَرْ کی ہے

نُوْرِ اِلٰہی کیا ہے مَحَبَّتْ حَبِیْبْ کی — جِسْ دِلْ میں یہ نہ ہو وہ جگہ خوک و خر کی ہے

بے ان کے واسطے کے خدا کچھ عطا کرے — حَاشَا غَلَطْ غَلَطْ یہ ہَوَسْ بے بَصَرْ کی ہے

آ کچھ سنادے عِشْق کے بولوں میں اے رِضَا — مُشْتَاقْ طَبْعْ لَذَّتْ سُوْزِ جِگَرْ کی ہے

شَیْخُ الْحَدِیْثِ اَبُوالْفَتْحِ مُحَمَّدْ نَصْرُاللّٰہ خَانْ نَصَرَہُ اللّٰہ تَعَالٰی
کوٹھی بی-۷۷ بلاک-۸ گلشن اقبال، کراچی پاکستان۔

خُطْبَۃُ النِّکَاح

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَ نَسْتَعِیْنُہٗ وَ نَسْتَغْفِرُہٗ وَ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ (۱) اَرْسَلَہٗ بِالْحَقِّ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا بَیْنَ یَدَیِ السَّاعَۃِ مَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَدْ رَشَدَ وَمَنْ یَّعْصِھِمَا فَاِنَّہٗ لَا یَضُرُّ اِلَّا نَفْسَہٗ وَلَا یَضُرُّ اللّٰہَ شَیْئًا وَنَسْئَلُ اللّٰہَ اَنْ یَّجْعَلَنَا مِمَّنْ یُّطِیْعُہٗ وَیُطِیْعُ رَسُوْلَہٗ وَیَتَّبِعُ رِضْوَانَہٗ وَیَجْتَنِبُ سَخَطَہٗ فَاِنَّمَا نَحْنُ بِہٖ وَلَہٗ۔ یٰۤاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَۃٍ وَّخَلَقَ مِنْھَا زَوْجَھَا وَبَثَّ مِنْھُمَا رِجَالًا کَثِیْرًا وَّنِسَآءً وَاتَّقُوا اللّٰہَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِہٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا (۱ النساء)۔ یٰۤاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ حَقَّ تُقَاتِہٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ (۱۰۲ ال عمران)۔ یٰۤاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا یُّصْلِحْ لَکُمْ اَعْمَالَکُمْ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا (۷۱ الاحزاب) رَوَاہُ الْاَرْبَعَۃُ وَالْحَاکِمُ وَاَبُوْ عَوَانَۃَ کُلُّھُمْ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ حَسَنٌ وَّ رَوَاہُ اَحْمَدُ

۱۔ اَلْحَمْدُ سے لے کر رَسُوْلُہٗ تک، پھر آیۂ کریمہ یٰۤاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمْ سے لے کر فَوْزًا عَظِیْمًا تک کا خطبہ، خُطْبۂ نِکَاح ہونے کے ساتھ ساتھ اِمام شافعی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے نزدیک عُقُوْد (بیوع کے آغاز میں بھی سُنَّت ہے)۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی

وَالدَّارِمِيُّ اَيْضًا(۱)۔ وَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّي اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلَّمَ لَوْ كُنْتُ اٰمِرًا اَحَدًا اَنْ يَّسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ النِّسَآءَ اَنْ يَّسْجُدْنَ لِاَزْوَاجِهِنَّ لِمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَهُمْ عَلَيْهِنَّ مِنَ الْحَقِّ وَ قَالَ صَلَّي اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ اَطْعِمُوْهُنَّ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ وَاكْسُوْهُنَّ مِمَّا تَكْتَسُوْنَ وَلَا تَضْرِبُوْهُنَّ وَ لَا تُقَبِّحُوْهُنَّ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ صَفحہ ۲۹۱۔

خُطْبَتُهٗ صَلَّي اللّٰهُ تَعَالٰي عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

فِيْ

تَزْوِيْجِ سَيِّدَتِنَا فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰي عَنْهَا

عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰي عَنْهُ

سَیِّدِ عالَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ کا خُطْبہ سَیِّدَتِنَا فاطِمَۃُ الزَّہرآء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کے سَیِّدِنَا عَلی مُرتَضٰی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے نِکاح کردینے کے وقت میں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْمَحْمُوْدِ بِنِعْمَتِهٖ الْمَعْبُوْدِ بِقُدْرَتِهٖ الْمُطَاعِ بِسُلْطَانِهٖ الْمَرْهُوْبِ مِنْ عَذَابِهٖ وَسَطْوَتِهٖ النَّافِذِ اَمْرُهٗ فِي سَمَآئِهٖ وَاَرْضِهٖ الَّذِيْ خَلَقَ بِقُدْرَتِهٖ وَاَمَرَهُمْ بِاَحْكَامِهٖ وَاَعَزَّهُمْ بِدِيْنِهٖ وَاَكْرَمَهُمْ نَبِيُّهٗ مُحَمَّدٌ صَلَّي اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰي تَبَارَكَ اسْمُهٗ وَتَعَالَتْ عَظَمَتُهٗ جَعَلَ الْمُصَاهَرَةَ سَبَبًا لَاحِقًا وَ اَمْرًا مُفْتَرِضًا وَشَّجَ (ن) بِهِ الْاَرْحَامَ وَاَكْرَمَ الْاَنَامَ فَقَالَ عَزَّ مَنْ قَائِلٌ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا (۵۴ الفرقان) فَاَمْرُ اللّٰهِ تَعَالٰي يَجْرِيْ اِلٰي قَضَآئِهٖ وَ قَضَاءُهٗ

۱۔ اس خُطبۂ عالِیَہ کے کَلِمات شَرِیفہ اَحادِیث شرِیفہ کی کُتُبِ عالِیَہ مثل حاکِم، اَبُوعَوانہ دارِمی وَغیرہ مِنَ السُّنَنِ الْاَرْبَعَةِ اَيْ سُنَنِ التِّرْمِذِيِّ وَاَبِيْ دَاؤُدَ وَ النَّسَائِيْ وَابْنِ مَاجَةَ الْقَزْوِيْنِيِّ میں مَوجُود ہیں۔ مِنْہُ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ (ن) وَ اَوْشَجَ۔

يَجْرِي اِلٰى قَدَرِهٖ وَلِكُلِّ قَضَاءٍ قَدَرٌ وَلِكُلِّ قَدَرٍ اَجَلٌ وَلِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتَابِ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَمَرَنِي اَنْ اُزَوِّجَ فَاطِمَةَ مِنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ فَاشْهَدُوْا اَنِّيْ قَدْ زَوَّجْتُهٗ عَلٰى اَرْبَعِمِائَةِ مِثْقَالِ فِضَّةٍ اِنْ رَضِيَ عَلِيٌّ بِذٰلِكَ (۱) (ثُمَّ دَعَا (۲) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطَبَقٍ مِّنْ بُسْرٍ فَوَضَعَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْنَا فَقَالَ انْهَبُوْا فَنَهَبْنَا)

دیکھو رِيَاضُ النَّضْرَةِ وَحِرْزِ ثَمِيْنٍ لِلْحِصْنِ الْحَصِيْنِ الْمَطْبُوْعِ فِيْ اَفْضَلِ الْمَطَابِعِ ۱۲۸۷ صفحہ ۹۵۔

۱۔ بِذٰلِكَ تک خُطبہ ہے اُس کے بعد صحابی راوی ابنِ مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے۔ ۱۲ منہ

۲۔ یعنی پھر سیدُ الوریٰ علیہ التحیۃ والثناء نے ایک تھالی طلب فرمائی جس میں بُسر یعنی غورہ خرما تھے تو اس کو ہمارے سامنے رکھدیا فرمایا لُوٹ لو تو ہم نے لُوٹ لیا۔ منہ نصرہ اللہ تعالیٰ ونصرہ۔

اَلسَّلَام اَیْ اَحْمَدَت صِہْرُو بَرادر آمدہ — حمزہ سردارِ شہیدان عمِ اکبر آمدہ
جعفرے کو مِی پَرَد صبح و مسا با قدسیان — بانوُ ہم مشتمل بہ بطنِ پاک مادر آمدہ
بنتِ احمد رونقِ کاشانہ و بانوئے تو — گوشت و خونِ تو بکمش شیر و شکر آمدہ
ہر دو ریحانِ نبی گلہائے نوزان گل زمین — بہرہ گل جنت زمینِ باغ برتر آمدہ
حلِ مشکل کُن بدوی من در وقت کشا — اے بنامِ تو مسلّم فتحِ خیبر آمدہ
سینہ ام را مشرقِ بستان کن بنورِ معرفت — اے کہ نام سایہ ات خورشیدِ خاور آمدہ
ناصبی را بغضِ تو سوئے جہنم رہ نمود — رافضی از حُبِّ کاذب در سقر در آمدہ
تشنہ کام خود رضائے خستہ را ہم جرعہ — شکرِ آن نعمت کہ نامت شاہِ کوثر آمدہ

اِمام احمد رضا خان افغانی بریلوی
صفحہ ۵۰ حدائق بخشش حصہ دوم۔

چند دُعائیں

بیماری کے علاج کے ذرائع، دعا، دواء، غذا، آب و ہوا، یا پرہیز ہے۔ دعائیں جو مسنون ہیں وہ مجرب ہیں تو موثر ہیں۔ ان میں سے چند عوام و خواص کے افادہ کی غرض سے لکھی جاتی ہیں۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ۔

(بے خوابی یا خوف، دہشت و وحشت یا گھبراہٹ کی دعا)

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنَ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنِ۔

یہی مَروی ہے سَیِّدِنَا جَلِیْلُ الْقَدْرِ صَحَابِی خَالِدِ بْنِ الْوَلِیْد کے بھائی وَلِیْدِ بْنِ الْوَلِیْدُ سے خاص طور سے بے خوابی کے لئے یہ دعا پڑھیے۔

اَللّٰھُمَّ غَارَتِ النُّجُوْمُ وَھَدَاتِ الْعُیُوْنُ وَاَنْتَ حَیٌّ قَیُّوْمُ لَاتَاْخُذُکَ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ اَھْدِءْ لَیْلِیْ وَاَنِمْ عَیْنِیْ۔

یہ حَدِیثِ شَرِیف کے کَلِمَات ہیں جو خاص طور سے سَیِّدِعَالَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ سے مَروِیْ ہیں رَاوِی سَیِّدِنَا زَیْدُ بْنُ ثَابِتْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنْہُ ہیں۔ دیکھو ابن سنی۔

اَلْفَقِیْرُ اِلَی اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ جَلَّ وَ عَلٰی وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالیٰ۔شَیْخُ الْحَدِیْثِ اَبُوالْفَتْحِ مُحَمَّدْ نَصْرُاللّٰہ خَانْ نَصَرَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ۔ آمِیْن اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ بِحَقِّ الْاَمِیْنِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ۔ شیخ الحدیث ابو الفتح محمد نصر اللہ خان نصرہ اللہ تعالیٰ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰي حَبِيْبِهِ الرَّؤُفِ الرَّحِيْمِ

سُنُحُ (يُمْنٌ وَ بَرَكَتٌ) سَوَانِح شَيْخِ الْحَدِيْثِ

اَبِي الْفَتْحِ مُحَمَّدُ نَصْرُ اللّٰهِ خَانَ سَلَّمَهُ اللّٰهُ الْمَوْلٰي تَعَالٰي

١ـ إِسْمُهٗ : مُحَمَّدُ نَصْرُ اللّٰهِ خَانُ وَلَقَبَهٗ شَيْخُ الْحَدِيْثِ الْمُحَدِّثُ مُحَمَّدُ سَرْدَارُ اَحْمَدُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰي عَنْهُ بِاَبِي الْفَتْحِ وَاَبِي الْمَنْصُوْرِ۔

٢ـ اَبُوْهُ : خُوْشْ كِيَارْ خَانَ الْمُلَقَّبُ بِهُوْشْيَارْ خَانْ كَانَ يَتَّجِرُ فِي رِيُوْا وَ كَدُوْرَا رِيَاسَتَيْنِ مَشْهُوْرَتَيْنِ مِنْ رِيَاسَاتِ الْهِنْدِ كَانَ يُعْتَمَدُ عَلَيْهِ فِي التِّجَارَةِ وَالْاِتِّجَارِ وَكَانَ مَامُوْنًا وَمَقْبُوْلًا فِي اَنْظَارِ النَّوَابِ وَالرُّؤَسَاءِ۔

٣ـ جَدُّهٗ : حَاكِمُ خَانْ كَانَ دِهْقَانًا وَصَاحِبَ ضَيْعَةٍ وَمَالِكَ غَابَاتِ الصَّنُوْبَرِ اَيْ جَلْغُوْزَهْ اَلَّتِي يُقَالُ فِي الْهِنْدِيَّةِ "چِلْغُوْزْ" كَانَ تَاجِرًا فِي رِيَاسَةِ رِيُوْا قَوِيًّا مَامُوْنًا جِدًّا شُجِعًا وَفَارِسًا۔

٤ـ جَدُّاَبِيْهِ : شَادِيْ خَانَ الْمَعْرُوْفُ بِـ شَادَكْ خَانْ كَانَ سَابِقًا فِي الْفُرُوْسِيَّةِ وَالتَّمَوُّلِ۔

٥ـ وَطَنُهٗ : بَلْدَةٌ مَعْمُوْرَةٌ مَمْطُوْرَةٌ وَمُثْلَجَةٌ مَثْلُوْجَةٌ مَعْرُوْفَةٌ بِسَرِرَوْضَةٍ مِنْ مُضَافَاتِ غَزْنِيْ اَوْ غَزْنَيْنِ اَوْ غَزْنَهْ بِمَرْحَلَةٍ مِنْ "مُقُرْ" الْوَطَنِ الْاَصْلِيِّ الْاَبَائِيِّ لِلْاِمَامِ الْهُمَامِ الْهَمْهَامِ اَحْمَدُ رِضَا خَانَ الْاَفْغَانِيِّ قُدِّسَ سِرُّهُ السَّامِيُّ۔

٦۔ قَبِيلَتُهٗ : "خَرُوتِي" نَسَبٌ شَرِيفٌ بِافْغَانِسْتَانَ وَبَطْنُهٗ "سِهْ پَدْرِي" وَ اَمَّا قَبِيلَةُ الْاِمَامِ اَحْمَدُ رِضَا خَانَ قُدِّسَ سِرُّهُ السَّامِيُّ "بَرِيْج" وَ لُغَتُهُ الْاُمِّيَّةُ۔ فُشْتُو وَهُوَ يَمْهَرُ الْفَارِسِيَّةَ وَالْعَرَبِيَّةَ الْفَصِيحَةَ مَهْرًا وَ مَهَارَةً وَ يَعْرِفُ الْاِنْجِلِيزِيَّةَ بِقَوَاعِدِهَا الصَّرْفِيَّةِ وَالنَّحْوِيَّةِ بِحَيْثُ اَنَّهٗ دَرَّسَ وَعَلَّمَ فِي الْمَرْكَزِ الْاِسْلَامِيِّ الْمَدْرَسَةِ بِكَرَاتْشِي الْمَعْرُوفَةِ فِي الْبِلَادِ الْقَاصِيَةِ وَالدَّانِيَةِ الطُّلَّابَ الَّذِينَ لُغَتُهُمُ الْاُمِّيَّةُ كَانَتْ اِنْجِلِيزِيَّةً بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ وَالْاِنْجِلِيزِيَّةِ الْعُلُومَ الدِّينِيَّةَ الْمَذْبُورَةَ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ وَالْاِنْجِلِيزِيَّةِ وَمُدَّةُ تَعْلِيمِهٖ اِيَّاهُمْ تِلْكَ الْعُلُومَ كَانَتْ اِحْدٰي عَشْرَةَ سَنَةً مُتَسَلْسِلًا بِلَا انْقِطَاعٍ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ۔

وَهُوَ مَاهِرٌ فِي الْاُرْدُوِيَّةِ وَيَمْهَرُ اَيْضًا بِالْهِنْدِيَّةِ الدَّارِجَةِ فِي دَوَاوِينِ الْهِنْدِ الرَّائِجَةِ فِيهَا فِي هٰذَا الزَّمَانِ يُعَلِّمُ بِهٰذِهِ اللُّغُونِ الْمَذْكُورَةِ كُلِّهَا وَيَتَكَلَّمُ بِهَا بِلَا تَكَلُّفٍ وَّلَا كُلْفَةٍ وَلَا مَشَقَّةٍ يَرْتَجِلُ الْكَلَامَ وَمَا هُوَ مِنَ الْمُتَصَنِّعِينَ (۱) الَّذِينَ يَنْتَحِلُونَ الْكَمَالَاتِ وَيُظْهِرُونَ بِاَنْفُسِهِمْ وَصِفَاتِهَا وَيَدَّعُونَ كَمَالَاتِ الْغَيْرِ لِنَفْسِهٖ۔

"دَرْسُهٗ وَتَعَلُّمُهٗ"

اِنَّهٗ لَمَّا وَدَّعَ الْمَهْدَ وَاَدْرَكَ الصَّلَاحَ اَيْ صَلَاحَ الْعَهْدِ فَقَرَأَ فِي صِبَاهُ الْكُتُبَ الرَّائِجَةَ فِي الْمَدَارِسِ الدَّارِجَةِ فِي فَهَارِسِهَا وَاشْتَهَرَ فِي الطَّلَبَةِ وَالْمُتَعَلِّمِينَ ذَكَائُهٗ وَفِرَاسَتُهٗ وَجَعَلُوا يَقُولُونَ اَصْبَحَ نَصْرُ اللّٰهِ النَّصِيرُ مُفَضَّلًا اَيْ مُوْهِبًا مُعِدًّا قَادِرًا ذَكِيًّا ذَافِرَاسَةٍ۔ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰي رِيَاسَةِ "كَدُورَا" بَاوَنِي سَتِيتْ بَلَدٍ مِّنْ مُضَافَاتِ جَالَوْنَ

۱۔ مستعلیق گو نہیں ہے۔ ۱۲ منہ

"الهند" وتعلّم هناك الهندية الرائجة في دواوين الهند في هذا الزمان بكتابتها في أسبوع واحد على التقريب ثم ذهب الى ريوا (REWA) عاصمة معروفة من مضافات وبندهيا برديش فقرأ المثنوي للمولى الرومي بشرحه للمولى بحر العلوم ملك العلماء عبد العلي الافغاني الهروي ثم اللكهنوي على القاضي عياض علي خان قدس سره السامي واعطاه سند الفراغ في اثناء خمسة عشر يوما لما رأى ذكائه و فراسته۔

ثم ارتحل الى الٰه آباد مركز يوبي فتفقه على الفقيه الشهير شمس العلماء محمد نظام الدين البلياوي ثم الٰه آبادي و قرء عليه اصول الفقه باتقان واحكم وبرع وكتب المعقول بضبط و احكام فاقبل على التفسير اقبالا كليا حتى حاز فيها قصب السبق ونشاء في تصوف تام و عفاف ونباهة فاستفاد واستفاض من الامام الهمام احمد رضا خان قدس سره السامي فافاض عليه وافاده فيضا وفائدة في الرؤيا اعطاه كراسة واكتبه بسم الله الرحمن الرحيم على منبع الماء الصافي الجاري واشار اليه ان يسير مع ذلك الماء الصافي الجاري و شرع في الجمع والتاليف من وقت طفولته وحينئذ رحل اليه الطلبة من الاطراف والاكناف فقروا عليه الصرف والنحو والمنطق والفلسفة ومن الرياضي الهيئة والهندسة والحساب فالفقه واصول الفقه والمعاني والبديع والبيان فعلم الكلام ومن الادب النظم والنثر فالتفسير و اصوله فالحديث واصوله والفرائض و تاريخ الاسلام و كتبوا عنه وقد تخرج به خلق كثير۔ وكان بالٰه آباد حينما تعلم وقراء الحساب والهندسة وعلم الكلام بمزيد الاتقان على العلامة التقي الذكي شبير احمد

الْغُورِيِّ النَّاظِمِ الْعَامِّ لِإِمْتِحَانَاتِ الْعُلُومِ الشَّرْقِيَّةِ مِنْ إِلٰهْ آباد يُونِيوَرْسِتِيْ فَأَتْقَنَ فِيْ هٰذِهِ الْعُلُوْمِ وَبَرَّعَ فِيْهَا وَأَحْكَمَ وَقَدْ قَرَأَ الْفَرَائِضَ عَلَى الْمُحَامِيِّ الْكَبِيْرِ الشَّهِيْرِ الْحَسِيْبِ النَّسِيْبِ مُحَمَّدْ عَاقِلْ اَيْدْوُكِيْتْ وَقَرَاءَ الْأَدَبَ عَلَى أَخِيْ الْمُحَامِيِّ الْجَلِيْلِ وَبْرُوْفِيْسَرْ الْكَامِلِ الْمَعْرُوْفِ بِرَفِيْقْ أَحْمَدَ الْمُعَلِّمِ بِجَامِعَةِ الٰهٖ آباد (الٰهٖ آباد يُوْنِيْوَرْسِيْتِي) وَهُوَ أَخٌ صَغِيْرٌ لِمُحَمَّدْ عَاقِلِ الْمُحَامِيِّ زَادَهُمَا اللّٰهُ شَرَفاً وَ عِزَّةً وَقَالَ لَهُ حِيْنَمَا يَسْمَعُ الْعَرَبِيَّ مِنْهُ لَقَدْ أَصْبَحْتَ فِي الْعِلْمِ شَاهْ سَوَارْ أَيْ فَرَسْتَ فَرَاسَةً وَ فُرُوْسَةً رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَىٰ عَنْهُ وَسَلَّمَهُ اللّٰهُ الْمَوْلَىٰ تَعَالَىٰ وَأَوْلَادَهُ وَ زَوْجَهُ اٰمِيْنَ بِحَقِّ الْأَمِيْنِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالَىٰ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ بِإِلٰهْ آباد أَنَّهُ سَمِعَ الْأَحَادِيْثَ النَّبَوِيَّةَ عَلَىٰ قَائِلِهَا أَلْفُ أَلْفِ التَّحِيَّةِ مِنَ الْفَقِيْهِ الْمُحَدِّثِ الْمُتْقِنِ الْمُنَاظِرِ مُحَمَّدْ حَبِيْبِ الرَّحْمٰنِ الشَّهِيْرِ بِمُجَاهِدِ الْمِلَّةِ فَحَازَ فِيْهِ قَصَبَ السَّبْقِ أَتْقَنَ وَأَحْكَمَ وَلَازَمَ الْأَدَبَ عَلَىٰ شَيْخِهِ شَمْسِ الْعُلَمَاءِ وَمُجَاهِدِ الْمِلَّةِ وَأَعْطَاهُ مُجَاهِدُ الْمِلَّةِ إِجَازَاتٍ مَكْتُوْبَةً عَامَّةً فِي السَّلَاسِلِ الرَّائِجَةِ فِي الْبِلَادِ كُلِّهَا عَامَّةً وَالْقَادِرِيَّةِ السَّنِيَّةِ وَالشَّاذِلِيَّةِ خَاصَّةً فَاسْتَخْلَفَهُ فِيْ تَدْرِيْسِ الْأَحَادِيْثِ وَتَحْدِيْثِهِ وَأَجْلَسَهُ مَكَانَهُ عَلَىٰ مَسْنَدِهٖ فِيْ جَامِعَتِهِ الْجَامِعَةِ الْحَبِيْبِيَّةِ بِإِلٰهْ آباد دَرِيَا آباد لَمَّا سَجَنَهُ الْهُنْدُوْسُ فِيْ سُلْطَانْ فُوْرَ فَدَرَّسَ مَكَانَ شَيْخِهِ مُجَاهِدِ الْمِلَّةِ الصِّحَاحَ وَالسُّنَنَ فَأَجَادَ وَأَسَرَّ وَكَفَاكَ شَاهِدًا لَهُ بِصِفَاتِهِ الْمَذْبُوْرَةِ الْمَذْكُوْرَةِ عَلَىٰ مَاقُلْنَاهُ فِيْهِ وَذَكَرْنَاهُ مِنْهُ خِطَابُ شَمْسِ الْعُلَمَاءِ شَيْخِهِ الْمَرْسُوْلُ إِلَيْهِ مِنَ الْمَدْرَسَةِ الْخَيْرِيَّةِ بِسَهْسَرَامْ مِنْ مُضَافَاتِ رُوْهْتَاسْ بِهَارْ الْهِنْدِ

پیر طریقت شمس العلماء

حضرۃ علامہ مفتی محمد نظام الدین صاحب قبلہ

۷۸۶

۹۲

عزیز از جان سلمہ المنان دعوات وافرہ

تینتیس سال کے بعد تین خطوط آپ کے یکے بعد دیگرے ملے۔ ایک سرام دو الہ آباد کے پتہ پر۔ عزیزم! مرسل کا نام دیکھتے ہی مسرت کی بے پناہ لہروں نے دست و پا، رگ و ریشے میں وہ کیفیت پیدا کردی جس نے "ازجار فتم" سے کہیں بلند و بالا منزل پر پہونچادیا۔ قدوقامت، رفتار و گفتار، عادات و اطوار، لب و لہجہ، انداز بیان، اسباق کی گہرائیوں میں غوطہ زنی یہ سب یک لخت مجسمہ بن کر کھڑے ہو گئے۔ اور میں یہ محسوس کرنے لگا کہ مولنا نصر اللہ خان سلمہ حسب عادت قدیم میرے روبرو مودبانہ دست بستہ کھڑے ہیں۔

اس وقت مجھے یہ احساس نہیں تھا کہ یہ ۵۶ء ہے یا ۸۹ء آپ کے خط میں خلوص کا وہ مرقع ہے جس کو کچھ اہل علم تو آبدیدہ اور کچھ محو حیرت ہو گئے۔ اتفاق سے وہ زمانہ مرے ایسے لمبے سفر کا تھا جس میں حضرت مجاھد ملت کے عرس کے لئے اڑلیسہ پھر وہاں سے مختلف مقامات پر ہوتا ہوا بریلی شریف منظر اسلام میں بحیثیت ممتحن، ختم بخاری شریف اور سلسلہ دستار بندی میں چھ روز تک قیام کرنا پڑا۔ اور وہاں سے مولنا نورالدین سلمہ جو آج کل مدرسہ عالیہ رام پور میں پرنسپل کے عہدہ پر فائض

ہیں ان کے یہاں رام پور گیا۔ انھوں نے آپ کے خط کی نقل رکھ لی ہے۔ امید ہے کہ وہ بھی آپ کو خط لکھیں گے۔

عزیزم! طبیعت بہت کمزور ہو چکی ہے۔ تنفس کا عارضہ اور خون و پیشاب میں شکر کی زیادتی نے اور نڈھال کردیا ہے۔ میرے لختِ جگر! میں بالکل عاصی پر معاصی ہوں۔ صرف آپ جیسے تلامذہ سے امید ہے کہ شاید آپ ہی لوگوں اور بزرگوں کے صدقے میں مجھے سایہ عفو میں ایک گوشہ عطا لائے لہٰذا ہر وقت دعا خیر کرتے رہا کریں۔ گھر میں اور بچوں سے بہت بہت دعا۔ اور جملہ پسران اور دختران کی تعداد اور حالات سے مطلع کریں گے۔

مولنا نورالدین سلمہ نے آپ کا پتہ لے لیا ہے اور مولنا مشتاق احمد سلمہ مفلوج ہو گئے ہیں۔ دو ماہ سے وہ بمبئی میں ہیں۔ میں بھی ۶ فروری کو بمبئی ایک ہفتہ کے لئے اس لئے جارہا ہوں کہ رمضان المبارک میں اگر عمرہ کی کوئی صورت نکل آئے تو آخری دم میں ایک مرتبہ سفر، سرکار کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کے روضہ پر حاضری دے دوں اور بس۔

جس کمپنی سے گفتگو چل رہی ہے غالباً وہ جہاز ۲ اپریل کو پرواز کرے گا۔ اگر صحت نے ساتھ دیا تو حاضری کی انتہائی کوشش کروں گا۔ بمبئی میں مولنا مشتاق سلمہ سے ملاقات ہوگی۔ آپ کا خط لئے جارہا ہوں۔ انھیں دکھادوں گا۔ سنا ہے کہ آپ کے یہاں شرح مرقاۃ خیر آبادی چھپ گئی ہے۔ اگر کسی طرح ممکن ہو تو دو نسخے کسی آنے والے کے ہاتھ بھیج دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ لانے والے کو قیمت حاضر کردوں گا۔ والسلام

محمد نظام الدین القادری الحسینی

۲ فروری ۱۹۸۹ء مدرسہ خیریہ ضلع روہتاس بہار۔

نوٹ: آپ کے نام نصر اللہ خان کے آخر میں لفظ نظامی بڑھا دیا جاتا تو مسند اور مسند الیہ کے مابین وجود رابطی کا اظہار نمایاں ہوجاتا۔ اگرچہ اب کچھ دشوار معلوم ہوتا ہے۔ انتہی۔

هٰذَا كَانَ خِطَابُ الشَّيْخِ لِتِلْمِيْذِهٖ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰي مِيْرَتْهٗ وَقَرَءَ فَوَاتِحَ الرَّحْمُوْتِ شَرْحَ مُسَلَّمِ الثُّبُوْتِ عَلَي الْعَلَّامَةِ الْفَهَّامَةِ الْمَعْرُوْفِ فِيْ بِلَادِ الْهِنْدِ بِصَدْرِ الْمُدَرِّسِيْنَ الشَّيْخِ السَّيِّدِ غُلَامْ جِيْلَانِيْ صَاحِبِ تَصَانِيْفِ الْكَثِيْرَةِ الْمُهِمَّةِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰي عَنْهُ وَاَرْضَاهُ عَنَّا وَ دَرَّسَ مَكَانَهٗ فِيْ مَدْرَسَتِهِ الْكُتُبَ وَعَلَّمَ۔

ثُمَّ جَآءَ اِلٰي بَاكِسْتَانَ وَسَمِعَ الْاَحَادِيْثَ الصِّحَاحَ وَالسُّنَنَ وَ حِصَّةً مِنْ اُصُوْلِ الْفِقْهِ مِنْ شَيْخِهِ الشَّهِيْرِ فِي الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ بِشَيْخِ الْحَدِيْثِ الْمَوْلٰي مُحَمَّدْ سَرْدَارْ اَحْمَدْ قُدِّسَ سِرُّهُ السَّامِيْ بِلَائِلْ فُوْرْ وَهُوَ يَقُوْلُ فِيْهِ وَيَصِفُهٗ اَنَّ الْمُحَدِّثَ مُحَمَّدْ سَرْدَارْ اَحْمَدْ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰي عَنْهُ وَاَرْضَاهُ عَنَّا كَانَ كَنْزَ الدَّقَائِقِ وَالنَّهْرَ الْفَائِقَ بَلِ الْبَحْرَ الرَّائِقَ الْاَسَدَ الْاَشَدَّ عَلَي الْكُفَّارِ وَالْمُرْتَدِّيْنَ اَشَدَّ فَكَانَ يُلْقِيْهِ مِنْ اَسْرَارِ الْاَحَادِيْثِ وَرُمُوْزِهَا وَاِشَارَاتِهَا وَاَحْكَامِهَا سَبْقًا سَبْقًا فَالْتَقَطَهَا مُحَمَّدْ نَصْرُاللّٰهِ عَلَي الْفَوْرِ وَكَانَ يَجْرِيْ فِيْ مَيْدَانِ كِتَابَتِهَا طَلْقًا طَلْقًا وَ كَانَ الشَّيْخُ مُحَمَّدْ سَرْدَارْ اَحْمَدْ قُدِّسَ سِرُّهُ السَّامِيْ يُلْقِي الْاَسْرَارَ وَالرُّمُوْزَ وَالْاِشَارَاتِ بِالْاُرْدُوِيَّةِ وَيُتَرْجِمُ الْاَحَادِيْثَ بِالْاُرْدُوِيَّةِ وَلٰكِنْ شَيْخُ الْحَدِيْثِ اَبُوالْفَتْحِ مُحَمَّدْ نَصْرُاللّٰهِ خَانْ كَانَ يَكْتُبُ كُلَّ مَايُلْقِيْهِ بِالْفَصِيْحَةِ الْبَرِيْعَةِ الْعَرَبِيَّةِ فَلَمَّا فَرَغَ فَاَجَازَهٗ اِجَازَةً تَامَّةً عَامَّةً وَاَعْطَاهُ السَّنَدَ الْاَعْلٰي بِحَيْثُ يَمْتَازُ فِي الْعَصْرِ كُلِّهٖ۔

وَفِيْ هٰذِهِ الرِّحْلَاتِ الْوَاسِعَةِ فِيْ بِلَادِ الْهِنْدِ وَالْبَنْجَابِ وَالْبَنْجَالِ وَ خُرَاسَانَ تَعَمَّقَ وَسَمِعَ الْكَثِيْرَ فَحَصَّلَ الْاَسَانِيْدَ وَالْاُصُوْلَ فَصَنَّفَ التَّصَانِيْفَ وَحَشّٰي

الْحَوَاشِيَ عَلَى الْكُتُبِ وَوَشَّهَا وَعَنِيَ بِالْأَحَادِيْثِ عِنَايَةً وَلَازَمَ السِّمَاعَ سِنِيْنَ فَنَسَخَ وَانْتَقَى فَقَرَءَ كُتُبَ الشَّيْخَيْنِ الْجَلِيْلَيْنِ سَيِّدِنَا الشَّيْخِ الْجِيْلِيِّ السَّيِّدِ عَبْدِالْقَادِرِ الْجِيْلَانِيِّ مُحْيِ الدِّيْنِ ابْنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَآلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلَّمَ وَالشَّيْخِ السَّيِّدِ مُحْيِ الدِّيْنِ ابْنِ عَرَبِيْ خَاتَمِ فَصِّ الْوِلَايَةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ سَيِّدِنَا الشَّيْخِ الْأَكْبَرِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا وَأَرْضَاهُمَا عَنَّا فَجَعَلَ كُتُبَ الشَّيْخَيْنِ الْجَلِيْلَيْنِ مِعْيَارًا لِتَدْرِيْسِهِ الْأَحَادِيْثَ النَّبَوِيَّةَ وَالتَّفْسِيْرَ وَأُصُوْلَهُمَا وَجَعَلَهَا مَحَكًّا لِمَعَانِيْهَا الْمُرَادِيَّةِ وَبِذٰلِكَ طَنَّ بِذِكْرِهِ الْأَمْصَارُ وَضَنَّ بِمِثْلِهِ الْأَعْصَارُ وَكُلَّمَا سُئِلَ فِيْ أَثْنَاءِ تَدْرِيْسِهِ عَنْ فَنٍّ مِنَ الْفُنُوْنِ فَأَجَابَ جَوَابًا شَافِيًا فَظَنَّ السَّامِعُ وَالرَّائِيُّ أَنَّهُ أَتْقَنَ الْفَنَّ وَبَرَّعَ وَأَحْكَمَ۔

(تَدْرِيْسُهُ وَ تَعْلِيْمُهُ الْكُتُبَ الدِّيْنِيَّةَ فِي الْمَدَارِسِ الشَّهِيْرَةِ الْعَلِيَّةِ) وَقَدْ وُلِّيَ شَيْخُ الْحَدِيْثِ أَبُوالْفَتْحِ مُحَمَّدْ نَصْرُاللّٰهِ خَانْ نَصَرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى بِالٰه آباد تَدْرِيْسَ الْعُلُوْمِ الدِّيْنِيَّةِ سَبْعَ سَنَوَاتٍ مُتَوَالِيَاتٍ فَأَعَادَ وَأَفَادَ عَائِدَةً وَفَائِدَةً ثُمَّ وُلِّيَ تَدْرِيْسَ مَدْرَسَةِ إِسْلَامِيْ عَرَبِيْ انْدَرْ كُوْتْ مِيرَتْهُ مُدَّةً ثُمَّ وُلِّيَ تَدْرِيْسَ الْجَامِعَةِ الشَّهِيْرَةِ بِلَائِلْ پُوْرْ الْمُسَمَّاةِ بِمَنْظَرِ الْإِسْلَامِ وَ تَدْرِيْسُهُ هُنَاكَ كَانَ مِنَ الصَّبَاحِ إِلَى الْعِشَاءِ السَّاعَةِ التَّاسِعَةِ وَكَانَ ثَلَاثَ سِنِيْنَ مُتَوَالِيًا مُتَسَلْسِلًا بِلَا انْقِطَاعٍ وَبِغَيْرِ مَانِعٍ وَلَا دَافِعٍ فَأَعَادَ وَأَفَادَ فَأُرْسِلَ إِلَى پِنْكِيْ مِنْ مُضَافَاتِ مَرْدَانَ وَ وُلِّيَ تَعْلِيْمَ الْجَامِعَةِ الْمُجَدِّدِيَّةِ سَنَةً كَامِلَةً فَوُلِّيَ تَدْرِيْسَ الْمَدْرَسَةِ مِصْبَاحِ الْعُلُوْمِ بِجَرَانْوَالَه مِنْ مُضَافَاتِ لَائِلْ پُوْرْ سَنَةً كَامِلَةً مِنَ الصَّبَاحِ إِلَى الْمَسَاءِ ثُمَّ وُلِّيَ تَدْرِيْسَ الْكُتُبِ الْمُهِمَّةِ سَنَةً كَامِلَةً فِيْ " كُوْنْدَا مُوْرْ " بَنْجَابْ ثُمَّ وُلِّيَ تَدْرِيْسَ الْجَامِعَةِ النَّعِيْمِيَّةِ الْوَاقِعَةِ بِكَهْرِي شَاهُوْ لَاهُوْرَ عَاصِمَةِ بَنْجَابْ سَنَةً كَامِلَةً ثُمَّ دُعِيَ إِلَى جَا تُجَامْ بَنْجَالْ أَوْ بَنْغَلَه دِيْشْ فَوُلِّيَ تَعْلِيْمَ

الْأَحَادِيثِ وَالْكُتُبِ الرَّائِجَةِ فِي نِصَابِ بَنْعْلَهْ دِيشْ وَكَانَ عَمِيدَ الْجَامِعَةِ أَيْضًا ثَلٰثَ سِنِينَ مُتَوَالِيَةً ثُمَّ دُعِيَ إِلَى كَرَاتْشِي فَدَرَّسَ الْكُتُبَ الْمُهِمَّةَ فِي الْأَمْجَدِيَّةِ وَعَلَّمَ فَنَظَمَ أَمْرَ الدَّرْسِ وَالتَّدْرِيسِ وَزَادَ فِي نِصَابِ الْكُتُبِ التَّدْرِيسِيَّةِ فَأَحْسَنَ مِعْيَارَهُ وَ مِعْيَارَهَا وَقَامَ بِأُمُورِ الْإِفْتَاءِ أَيْضًا ثَلٰثَ سِنِينَ ثُمَّ وَلِيَ التَّحْدِيثَ فِي مَدْرَسَةِ بِي - اي - سي ايچ سُوسَائتي كَرَاتْشِي سَنَةً كَامِلَةً۔

ثُمَّ وَلِيَ تَعْلِيمَ الْأَحَادِيثِ الشَّرِيفَةِ وَالْفُنُونِ الرَّائِجَةِ فِي الْمَرْكَزِ الْإِسْلَامِيِّ بْلَاكْ بِي بِشَمَالِي نَظم آباد إِحْدٰى عَشْرَةَ سَنَةً كَامِلَةً وَ دَرَّسَ الْأَحَادِيثَ النَّبَوِيَّةَ مِنَ الصِّحَاحِ وَالسُّنَنِ بِجَامِعَةِ شَمْسِ الْعُلُومِ سِتَّ سَنَوَاتٍ مُتَوَالِيَاتٍ كَامِلَاتٍ فَكَمَّلَ مُدَّةَ التَّدْرِيسِ وَالنَّظْمِ وَالْإِفْتَاءِ وَالتَّعْلِيمِ مُسَلْسَلًا أَرْبَعِينَ سَنَةً كَامِلَةً رَابِحَةً مُرْبِحَةً وَفِي هٰذِهِ الْأَرْبَعِينِيَّةِ مِنَ الْمُدَّةِ الرَّابِحَةِ الْمُبَارَكَةِ رَحَلَ إِلَيْهِ خَلْقٌ كَثِيرٌ قَرَؤُا عَلَيْهِ وَ كَتَبُوا عَنْهُ وَاسْتَفَادُوا وَ تَخَرَّجَ بِهِ عُلَمَاءُ كَثِيرُونَ عَامِلُونَ أُولُوا اسْتِقَامَةٍ وَهٰذَا إِنْ كَانَ إِلَّا بَرَكَةُ الشَّيْخَيْنِ الْجَلِيلَيْنِ وَالْإِمَامِ الْهُمَامِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ وَأَرْضَاهُمْ عَنَّا ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ۔

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ وَحَبِيبِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔

مولٰنا احمد رضا خاں ڈبل ایم - اے
بی : ۷۷ بلاک-۸ ، گلشنِ اقبال کراچی۔

Phone No. 83210.

THE JAMIAH AHMADIAH SUNNIAH
WEST SHOLASHAHAR.
CHITTAGONG.

Regd. No. 1237/82 of E.P. 1958-59.

Ref. No. ______________ *Date.* 16-12-1968.

This is to certify that Moulana A.F.M. Nasrullah Khan has been serving as Principal Jamiah Ahmadiah Sunniah for the last a few years with entire satisfaction of Managing committee and of the students. He is amiable, intelligent with pleasing manners and presence. He is very learned with tact and sincerity. Under his guidance, the Jamiah has been progressing very satisfactorily. I have no hesitation to say that he will prove himself an asset for any educational institution.

I wish him all success in life.

16. 12. 68

Sd/-Z.A. Chodhury.
President. 16-12-1968.

Seal.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی نَوَّرَ وَجْهَ حَبِیْبِهٖ بِتَجَلِّیَاتِ الْجَمَالِ فَتَلَأْلَأَ مِنْهُ نُوْرًا وَاَبْصَرَ فِیْهِ غَایَاتِ الْکَمَالِ فَفَرِحَ بِهٖ سُرُوْرًا فَصَدَّرَهٗ عَلٰی یَدَیْهِ وَ صَافَاهُ وَ آدَمُ لَمْ یَکُنْ شَیْئًا مَذْکُوْرًا وَلَا الْقَلَمُ کَاتِبًا وَلَا اللَّوْحُ مَسْطُوْرًا فَهُوَ مَخْزَنُ کَنْزِ الْوُجُوْدِ وَ مِفْتَاحُ خَزَائِنِ الْجُوْدِ وَ قِبْلَةُ الْوَاجِدِ وَ الْمَوْجُوْدِ وَ صَاحِبُ لِوَاءِ الْحَمْدِ وَالْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ الَّذِی لِسَانُ مَرْتَبَتِهٖ یَقُوْلُ ←

(اَلْقَصِیْدَةُ التَّائِیَّةُ الْفَارِضِیَّةُ)

وَ اِنِّی وَ اِنْ کُنْتُ ابْنَ آدَمَ صُوْرَةً — فَلِی فِیْهِ مَعْنًی شَاهِدٌ بِاُبُوَّتِی

گرچه بصورت از ولادِ آدمم — از وی بمرتبه بهمه حال برترم

چون بنگرم در آینه عکسِ جمالِ خویش — گردد همه جهان بحقیقت مصورم

خورشیدِ آسمانِ ظهورم عجب مدار — ذراتِ کائنات اگر گشت مظهرم

ارواحِ قدس چیست نمودارِ معنیم — اشباحِ انس چیست نگهدارِ پیکرم

(اَلْقَصِیْدَةُ التَّائِیَّةُ الْفَارِضِیَّةُ)

وَ مِنْ مَطْلَعِی النُّوْرُ الْبَسِیْطُ کَلَمْعَةٍ — وَ مِنْ مَشْرَعِی الْبَحْرُ الْمُحِیْطُ کَقَطْرَةٍ

بحرِ محیط رشحهٔ (ے) از فیضِ فائضم — نورِ بسیط لمعهٔ از نورِ زاهرم

از عرش تا بفرش همه ذره بود — در نورِ آفتابِ ضمیرم منورم

روشن شود ز روشنیِ ذاتِ من جهان — گر پردهٔ صفاتِ خود از هم فرو درم

آبی که زنده گشت ازو خضرِ جاودان — آن آب چیست قطرهٔ از حوضِ کوثرم

و آن دم کزو مسیح همی مرده زنده کرد — یک نفخه بود از نفسِ روح پرورم

فی الجمله مظهرِ همه اسماست ذاتِ من — بل اسمِ اعظمم بحقیقت چو بنگرم

اَشِعَّةُ اللَّمَعَاتِ لِلْجَامِیْ قُدِّسَ سِرُّهُ السَّامِی

صفحہ ۲۷ تا ۳۰ ایرانی چھاپ

تمہیدِ مہید اور بُنیادی مُقدّمہ عیدِ میلادُالنّبی ﷺ کے اَبنیہ و مبانی کی نویدِ مجید

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

اَلحَمدُ لِلّٰہِ مُنَزِّلِ الحِکَمِ عَلٰی قُلُوبِ الکَلِمِ بِأحَدِیّۃِ الطَّرِیقِ الأُمَمِ مِنَ المَقدَمِ الأَقدَمِ وَ اِنِ اختَلَفَتِ المِلَلُ وَالنِّحَلُ لِاختِلَافِ الأُمَمِ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُمِدِّ الھِمَمِ مِن خَزَائِنِ الجُودِ وَ الکَرَمِ بِالقِیلِ الأَقوَمِ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ صَحبِہٖ وَ سَلَّمَ اَمَّا بَعدُ آنکہ اِمَامِ ہُمَامُ (۱) اَعلٰی حضرتْ عظیمُ البرکۃ احمد رضا خان افغانی مُقرِّی ثم البریلوی قدّس سرّہٗ السّامی مَلِکُ الکلامُ ہیں اور مُسلَّمہ یہ مقولہ زَبانْ زدِ خاص و عامّ ہے کہ کلامُ الملُوکِ مُلوکُ الکلام (بادشاہوں کا کلام کلاموں کا بادشاہ ہوتا ہے) تو ظاہر و باہر ہے کہ کلامِ اِمامِ ہُمامُ مَلِکُ الکلامُ ہیں اِمام احمد رضا خان افغانی مُقرِّی قدّس سرّہُ السّامی نے سیّدِ دُوسرا عَلَیہِ التَّحِیّۃ وَالثَّناءَ کے اَخلاقِ عظیمہ اور بلند مرتبہ نعُوتِ نُعتَۃ (۲) کو اپنے کلامِ بلاغت نظام کی سِلک و لڑی میں اس طور پر پرودیا ہے کہ جامعیّتِ مَعانی، اجمالِ جمالُ اور اِغلاقْ کے لحاظ سے تفہیمُ و اِفہامِ اَفہام کے لیے حَلّ طلب، تشریح خواہ اور خواہانِ تسہیل رہا ہے۔ چونکہ بُنیادی مُقدّمہ عیدِ میلادالنبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّم سیّدِ دُوسرا عَلَیہِ التّحیّۃ و الثَّناءَ کے اَخلاقِ کریمہ اور بلند مرتبہ نعُوتِ نُعتَۃ کے پرتوِ جمالْ کے اِراءَۃ (دکھا دینے) کے لئے صاف شفّاف اور صَالح آئینہ بھی ہے اور اُن کے بیانْ کے لئے زبانِ بیانْ بھی

۱۔ ہُمام۔ بادشاہ، بزرگ ہمت ۱۲ (۲) نُعتَۃ۔ یقال عبدک نُعتَۃُ او امتک نُعتَۃ بندہ یا کنیز تو نہایت بلند مرتبہ است ۱۲

اِس لئے یہی بُنیادیِ مُقدّمۂ عِیدِ مِیلادُ النّبی صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ اِمامِ مُلکُ الکلام کے کلامِ بلاغت نِظام کے فہم و افہام کے لئے اَز بس کافِی و شافِی رہا ہے اور اس کے اِغلاقِ کلام کے لئے کُنجی بھی۔ اور اسی بُنیادِی مُقدّمۂ عِیدِ مِیلادُ النبی صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ کے مَذکورہ قُرآنی آیاتِ بیّنہ اور اَحادیثِ نبویّہ عَلیٰ قائِلِہَا اَلفُ اَلفِ التَّحِیّۃ سے اِمام ہُمام مُلکُ الکلام کے اَربعۂ مُنتخلہ (۱) حَلِّ طَلَب، مُغلَق و مُجمَل منظومۂ اَشعارِ شعور بار مُستفاد ہیں اور اس بُنیادِی مُقدّمۂ عِیدِ مِیلادُ النّبی صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ میں مَذکورہ عَناوِین و مَضامِین اِمامِ مُلکُ الکلام کے منتخلہ اَشعارِ کمالِ شِعار کے مَبانِی و مَعانِی پر مُنطَبِق ہیں اور مَعانِی و مَبانِی نیز اُن کے آثار و اِظہارِ اَسرار پر دونوں باہم مُوافِق بھی ہیں و اَزرُوئے اِطباق (۲) و اِنطِباق (۳) و بَلحاظِ وِفاق (۴) و اِتّفاق وہ مُنتخلہ منظومۂ اَشعار ترتیب وار یوں فیض بار ہیں:

تُم سے کُھلا بابِ جُود تُم سے ہے سب کا وُجود	تُم سے ہے سب کی بقا تُم پہ کروروں درود
تُم سے خُدا کا ظُہور اُس سے تمہارا ظُہور	لِم ہے یہ وہ اِن ہُوا تم پہ کروروں درود
مَظہرِ حق ہو تمہیں مُظہرِ حق ہو تمہیں	تُم میں ہے ظاہِر خُدا تُم پہ کروروں درود
طَیبہ کے ماہِ تمام جُملۂ رُسُل کے اِمام	نَوشۂ (۵) مُلکِ خُدا تُم پہ کروروں درود
تُم ہو جَواد و کریم تم ہو رؤف رحیم	بھیک ہو داتا عطا تُم پہ کروروں درود
نافِع و دافِع ہو تُم شافِع و رافِع ہو تُم	تُم سے بس افزوں خُدا تُم پہ کروروں درود
تُم سے جہاں کا نِظام تُم پہ کروروں سلام	تُم پہ کروروں ثنا تُم پہ کروروں درود
خَلق کے حاکِم ہو تُم رِزق کے قاسِم ہو تُم	تُم سے مِلا جو مِلا تُم پہ کروروں درود

---

(۱) مُنتخلہ۔ بیختہ شدہ و بہتر را گزیدہ شدہ۔ (۲) اِطباق۔ اِجماع کردن و پوشانیدن ۱۲
(۳) اِنطِباق۔ موافق و برابر شدن ۱۲ (۴) وِفاق۔ یکتاب ساز داری کردن ۱۲۔ (۵) نَوشہ بالفتح نوجوان و نَوداماد را نیز گویند و بالضم و واو مجہول خوش و خرّم ۱۲ نصر اللہ نصرہ اللہ

گیسُو و قد لام الف کردو بلا مُنصَرِف — لا کے تہِ تیغ لا تُم پہ کروروں درود
ہم نے خطا میں نہ کی تم نے عطا میں نہ کی — کوئی کمی سرورا تُم پہ کروروں درود
کرکے تمہارے گناہ مانگیں تمہاری پناہ — تم کہو دامن میں آ تُم پہ کروروں درود
کام غضب کے کیے اُس پہ ہے سرکار سے — بندوں کو چشمِ رضا تُم پہ کروروں درود
آنکھ عطا کیجئے اُس میں ضیاء دیجئے — جلوہ قریب آگیا تُم پہ کروروں درود
اُس ہے کوئی نہ پاس ایک تمہاری ہے آس — بس ہے یہی آسرا تُم پہ کروروں درود
کام وہ لے لیجئے تُم کو جو راضی کرے — ٹھیک ہو نامِ رضا تُم پہ کروروں درود

(صفحہ ۱۲ - ۱۶ حصہ دوم حدائق بخشش)

اور فرمایا:

زمین و زمان، تمہارے لیے مکین و مکان، تمہارے لیے
چنین و چنان، تمہارے لیے بنے دو جہان، تمہارے لیے
دہن میں زبان، تمہارے لیے بدن میں ہے جان، تمہارے لیے
ہم آئے یہاں، تمہارے لیے اٹھیں بھی وہاں، تمہارے لیے
فرشتے خدم، (۱) رسولِ حشم، (۲) تمامِ اُمم، غلامِ کرم
وجود و عدم، حدوث و قدم، جہاں میں عیاں تمہارے لیے
کلیم و نجی، مسیح و صفی، خلیل و رضی، رسول و نبی
عتیق و وصی، غنی و علی، ثنا کی زبان تمہارے لیے

---

(۱) خدم بمعنی خادم چاکر و پیشکش و خدمتگار ۱۲
(۲) حشم درود احد و جمع یکسان است۔ ۱۲ نصر اللہ نصرہ اللہ تعالیٰ

اصالت کل، امامت کل، سیادت کل، امارت کل

حکومت کل، ولایت کل، خدا کے یہاں تمہارے لیے

تمہاری چمک، تمہاری دمک، تمہاری جھلک، تمہاری مہک

زمین و فلک، سماک و سمک، میں سکہ نشاں تمہارے لیے

وہ کنز نہاں، یہ نور فشاں، وہ کن سے عیاں، یہ بزم فکاں

یہ ہر تن و جاں، یہ باغ جناں، یہ سارا سماں تمہارے لیے

ظہور نہاں، قیام جہاں، رکوع مہاں، سجود شہاں

نیازیں یہاں، نمازیں وہاں، یہ کس کے لیے ہاں تمہارے لیے

یہ شمس و قمر، یہ شام و سحر، یہ برگ و شجر، یہ باغ و ثمر

یہ تیغ و سپر، یہ تاج و کمر، یہ حکم رواں تمہارے لیے

یہ فیض دیے، وہ جود کیے، کہ نام لیے زمانہ جیے

جہاں نے لیے تمہارے دیے یہ اکرمیاں تمہارے لیے

سحاب کرم، روانہ کیے کہ آب نعم، زمانہ پیے

جو رکھتے تھے ہم، وہ چاک سیے، یہ ستر(۱) بداں تمہارے لیے

ثنا کا نشاں، وہ نور فشاں کہ مہر(۲) وشاں (۳) بآں ہمہ شاں

بسایہ کشاں، مواکب شاں، یہ نام و نشاں تمہارے لیے

عطاء ارب، (۴) جلائے کرب، (۵) فیوض عجب، بغیر طلب

یہ رحمت رب ہے کس کے سبب، برب جہاں، تمہارے لیے

---

(۱) ستر (ن) بالفتح پوشیدن و باز داشتن از سوال و بالکسر پردہ ستور و استار جمع ۱۲۔ (۲) مہر بالکسر بزرگ و سردار قوم ۱۲۔ (۳) وشاں جمع وش خوب و خوش ۱۲۔ (۴) ارب بالکسر و بای موحدہ بمعنی حاجت ۱۲۔ (۵) کرب بے آرام و اندوگین شدن ۱۲۔ منہ نصرہ اللہ تعالیٰ

ذنوب فنا، عیوب ہبا (۱) قلوب صفا، خطوب روا

یہ خوب عطا، کروب زدا، پئے دل و جان تمہارے لیے

نہ جن و بشر، کہ آٹھ پہر، ملائکہ در پہ بستہ کمر

نہ جبہ و سر، کہ قلب و جگر ہیں سجدہ کناں تمہارے لیے

نہ روح امیں، نہ عرش بریں، نہ لوح مبیں، کوئی بھی کہیں

خبر ہی نہیں، جو رمزیں کھلیں ازل کی نہاں تمہارے لیے

جناں میں چمن، چمن میں سمن، (۲) سمن میں پھبن، (۳) پھبن میں دلہن

سزائے محن، پہ ایسے منن، یہ امن و اماں تمہارے لیے

کمال مہاں، (۴) جلال شہاں، جمال حساں، میں تم ہو عیاں

کہ سارے جہاں بروز (۵) فکاں، ظل آئینہ ساں (۶) تمہارے لیے

یہ طور کجا، سپہر تو کیا، کہ عرش علا بھی دور رہا

جہت سے وراء (۷) وصال ملا، یہ رفعت (۸) شان تمہارے لیے

خلیل و نجی، مسیح و صفی، سبھی سے کہی، کہیں بھی بنی

یہ بے خبری، کہ خلق پھری کہاں سے کہاں تمہارے لیے

بفور صدا، سماں (۹) یہ بندھا، یہ سدرہ اٹھا، وہ عرش جھکا

صفوف سما نے سجدہ کیا، ہوئی جو اذاں تمہارے لیے

---

(۱) ہبا - غبار - گرد و ہوا کہ از روزن در آفتاب پیدا شود ۱۲۔ (۲) سمن - بفتحتین گلے است سفید و خوشبو ۱۲ نصر اللہ (۳) پھبن - تناسب و آرائش (۴) مہاں - سرداران ۱۲۔ (۵) بروز (ن) بر آمدن بسوئے فضا و نمایان شدن ۱۲ (۶) ساں - طرز و روش، نظیر و مانند ۱۲۔ (۷) وراء - بفتح و مد پس و عقب (۸) رفعت - بالکسر بلندی ۱۲ - (۹) سماں - کیفیت - تحویت - منہ نصرہ اللہ و نصرہ

یہ مرحمتیں، کہ کچی مَتیں، (۱) نہ چھوڑیں لَتیں، (۲) نہ اپنی گتیں (۳)
قُصور (۴) کریں، اور ان سے بھریں، قُصور (۵) جناں تمہارے لیے

فنا بدرت، بقا بیرت، زہے دو جہت بگرد سرت
ہے مرکزیت تمہاری صفت، کہ دونوں کمان تمہارے لیے

اشارے سے چاند، چیر دیا، چھپے ہوئے خور کو پھیر لیا
گئے ہوئے دن کو عصر کیا، یہ تاب و تواں تمہارے لیے

صبا وہ چلے، کہ باغ پھلے، وہ پھول کھلے، کہ دن ہوں بھلے
لوا کے تلے، ثنا میں کھلے رضا کی زبان تمہارے لیے

اور فرمایا: (صفحہ ۵۲ تا ۵۵ حصہ دوم حدائق بخشش)

سرور کہوں کہ مالک و مولیٰ کہوں تجھے
باغ خلیل کا گل زیبا کہوں تجھے

حرمان نصیب ہوں تجھے امید گہ کہوں
جانِ مراد و کانِ تمنا کہوں تجھے

اللہ رے تیرے جسم منور کی تابشیں
اے جان، جاں میں جانِ تجلّی (۶) کہوں تجھے

تیرے تو وصف، عیب تناہی سے ہے بری
حیران ہوں میرے شاہ میں کیا کیا کہوں تجھے

بے داغ لالہ، یا قمرِ بے کلف (۷) کہوں
بے خار گلبنِ چمن آرا کہوں تجھے

گلزارِ قدس کا گلِ رنگیں ادا کہوں
درمانِ دردِ بلبلِ شیدا کہوں تجھے

صبح وطن پہ شامِ غریباں کو دوں شرف
بیکس نواز گیسوؤں والا کہوں تجھے

---

(۱) مَت۔ عقل و دانش ۱۲۔ (۲) لت۔ عادتِ بد (۳) گت۔ رفتار۔ ۱۲ (۴) قصور۔ بالفتح (ن) یقال قصر عن الامر قصورا باز ایستاد از کار و فرو ماند و عاجز گردید و قصر علی الامر قصرا بر گردانید او را بر کار ۱۲۔ (۵) قصور جمع قصر است بالفتح خانہ و قلعہ ۱۲۔
(۶) تجلّی۔ فارسیان تجلّی را تجلّا میخوانند گویای ماقبل مکسور را الف خواندن خلاف قاعدہ عربی است لیکن این تصرف نوعی از تفریس است کہ تمنی را تمنا و تماشی را تماشا میخوانند ۱۲۔ (۷) کلف۔ بفتحتین داغہاے تیرہ کہ بر رخسارہ بعضی مردم پدید آید
۱۲ منہ نصرہ اللہ و نصرہ

اور فرمایا!

نقطۂ سرِّ وحدت پہ یکتا درود
مرکزِ دورِ کثرت پہ لاکھوں سلام

پرتوِ اسمِ ذاتِ احد پر درود
مقطعِ ہر سیادت پہ لاکھوں سلام

شمعِ بزمِ دنیٰ ہو میں گم کن انا
شرحِ متنِ ہویت پہ لاکھوں سلام

سرِّ غیبِ ہدایت پہ غیبی درود
عطرِ جیبِ نہایت پہ لاکھوں سلام

انتہائے دوئی ابتدائے یکی
جمعِ تفریق و کثرت پہ لاکھوں سلام

کثرتِ بعدِ قلت پہ اکثر درود
عزتِ بعدِ ذلت پہ لاکھوں سلام

مصدرِ مظہریت پہ اظہر درود
مظہرِ مصدریت پہ لاکھوں سلام

وصف جس کا ہے آئینۂ حق نما
اس خدا ساز طلعت پہ لاکھوں سلام

معنیٔ قد رأی مقصدِ ما طغیٰ
نرگسِ باغِ قدرت پہ لاکھوں سلام

رفعِ ذکرِ جلالت پہ ارفع درود
شرحِ صدرِ صدارت پہ لاکھوں سلام

سببِ ہر سبب منتہائے طلب
علتِ جملہ علت پہ لاکھوں سلام

ربِّ اعلیٰ کی نعمت پہ اعلیٰ درود
حق تعالیٰ کی منت پہ لاکھوں سلام

اصلِ ہر بود و بہبود تخمِ وجود
قاسمِ کنزِ نعمت پہ لاکھوں سلام

دل سمجھ سے وراء ہے مگر یوں کہوں
غنچۂ رازِ وحدت پہ لاکھوں سلام

ساقِ اصلِ قدم شاخِ نخلِ کرم
شمعِ راہِ اصابت پہ لاکھوں سلام

ماہِ لاہوتِ خلوت (۱) پہ لاکھوں درود
شاہِ ناسوتِ جلوت (۲) پہ لاکھوں سلام

---

(۱) خلوت - بالفتح است نہ بالکسر خالی شدن ۱۲۔ (۲) جلوت بالفتح ظاہر کردن و نمودن خود را بمردم و این ضدِ خلوت است ۱۲ منہ نصرہ اللہ و نصرہ تعالیٰ۔

کاش محشر میں جب اُن کی آمد ہو اور
بھیجیں سب اُن کی شوکت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے خدمت کی قدسی کہیں ہاں رضاؔ
مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

صفحہ ۲۸ تا ۴۷ حصہ دوم حدائق بخشش

اور فرمایا!

محمد مظہرِ کامل ہے حق کی شانِ عزت کا
نظر آتا ہے اِس کثرت میں کچھ اندازِ وحدت کا

یہی ہے اصلِ عالم مادہ ایجادِ خلقت کا
یہاں وحدت میں برپا ہے عجب ہنگامہ کثرت کا

اِدھر اُمت کی حسرت (۱) پر اُدھر خالق کی رحمت پر
نرالا طور ہوگا گردشِ چشمِ شفاعت کا

بڑھیں اس درجہ موجیں کثرتِ افضال (۲) والا کی
کنارہ مل گیا اُس نہر سے دریائے وحدت کا

ہوئے کمخوابیٔ ہجراں میں ساتوں پردے کمخوابی (۳)
تصور خوب باندھا آنکھوں نے استارِ (۴) تربت کا

یقیں ہے وقتِ جلوہ لغزشیں پائے نگہ پائے
ملے جوشِ صفائے جسم سے پاؤں حضرت کا

یہاں چھڑکا نمک واں مرہمِ کافور ہاتھ آیا
دلِ زخمی نمک پروردہ ہے کس کی ملاحت (۵) کا

---

(۱) حسرت۔ دریغ و پشیمانی ۱۲ (۲) اِفضال۔ افزون آمدن و افزونی نمودن در حسب و متعدی بعلیٰ بمعنی نیکوئی کردن بصلہ بعلیٰ و افزون اوردن از چیزی و متعدی بعلیٰ ۱۲ (۳) کمخواب۔ بافتح چشم باریک کہ آنرا بہندی رونوا گویند ۱۲ (۴) استار۔ جمع ستر پردہ ۱۲۔ (۵) ملاحت و ملوحہ بغیر تشدید نمکین و خوب روی شدن و بتشدید نمکدانی۔ نمکسان ۱۲۔ ابوالفتح محمد نصر اللہ نصرہ اللہ تعالیٰ و نصرہ تعالیٰ۔

الٰہی منتظر ہوں وہ خرام (۱) ناز فرمائیں
بچھا رکھا ہے فرش آنکھوں نے کمخواب بصارت کا

نہ ہو آقا کو سجدہ آدم و یوسف کو سجدہ ہو
مگر سدِ ذرائع داب ہے اپنی شریعت کا

رضائے خستہ (۲) جوشِ بحرِ عصیاں سے نہ گھبرانا
کبھی تو ہاتھ آجائے گا دامن انکی رحمت کا

(صفحہ ۱۲-۱۳ حصہ اول حدائق بخشش)

اور فرمایا!

جہاں کی خاکروبی نے چمن آرا کیا تجھ کو
صبا ہم نے بھی ان گلیوں کی کچھ دن خاک چھانی ہے

شہا کیا ذات تیری حق نما ہے فردِ امکاں میں
کہ تجھ سے کوئی اول ہے نہ تیرا کوئی ثانی ہے

اسی سرکار سے دنیا و دیں ملتے ہیں سائل کو
یہی دربارِ عالی کنزِ آمال و امانی ہے

درودیں صورتِ ہالہ محیطِ ماہِ طیبہ ہیں
برستا امتِ عاصی پہ اب رحمت کا پانی ہے

تعالی اللہ استغنا ترے در کے گداؤں کا
کہ ان کو عار فر و شوکتِ صاحب قرانی (۳) ہے

وہ سرگرمِ شفاعت ہیں عرق افشاں ہے پیشانی
کرم کر عطرِ صندل (۴) کی زمینِ رحمت کی کھانی (۵) ہے

---

(۱) خرام - بکسر اول رفتار نرم باناز ۱۲ـ (۲) خستہ - رنجیدہ، زخمی (۳) صاحب قرآن - لقب امیر تیمور است کہ بادشاہ شش اقلیم بودہ است۔ وکسیکہ وقت ولادت او زہرہ و مشتری را قرآن باشد آنرا نیز صاحب قران گویند ۱۲ـ (۴) صندل - چندن، ایک قسم خوشبو ۱۲ـ (۵) کھانی - تلوں یا سرسوں کی وہ مقدار جو ایک بار کولھو میں پیلنے کے لئے ڈالی جائے۔ کھانی کر - کولھو چلانا - تیل نکالنا۔ ۱۲ـ رضی نصرہ اللہ و نضرہ

یہ سر ہو اور وہ خاکِ در وہ خاکِ در ہو اور یہ سر
رضا وہ بھی اگر چاہیں تو اب دل میں یہ ٹھانی (۱) ہے
(صفحہ ۸۲ حصہ اول حدائق بخشش)

اور فرمایا!

انہیں کی بو مایۂ سمن (۲) ہے انہیں کا جلوہ چمن چمن ہے
انہیں سے گلشن مہک رہے ہیں انہیں کی رنگت گلاب میں ہے

تری جلو میں ہے ماہِ طیبہ ہلالِ ہر مرگ و زندگی کا
حیاتِ جاں کا رکاب میں ہے مماتِ اعداء کا ڈاب (۳) میں ہے

سیاہ لباسانِ دارِ دنیا و سبز پوشانِ عرشِ اعلیٰ
ہر ایک ہے ان کے کرم کا پیاسا یہ فیض ان کی جناب میں ہے

وہ گل ہیں لبہائے نازک ان کے ہزاروں جھڑتے ہیں پھول جن سے
گلاب گلشن میں دیکھے بلبل یہ دیکھ گلشن گلاب میں ہے

جلی ہے سوزِ جگر سے جاں تک ہے طالبِ جلوۂ مبارک
دکھا دو وہ لب کہ آبِ حیواں کا لطف جن کے خطاب میں ہے

کھڑے ہیں منکر نکیر سر پر نہ کوئی حامی نہ کوئی یاور
بتا دو آکر مرے پیمبر کہ سخت مشکل جواب میں ہے

خدائے قہار ہے غضب پر کھلے ہیں بدکاریوں کے دفتر
بچا لو آکر شفیعِ محشر تمہارا بندہ عذاب میں ہے

کریم ایسا ملا کہ جس کے کھلے ہیں ہاتھ اور بھرے خزانے
بتاؤ اے مفلسو کہ پھر کیوں تمہارا دل اضطراب میں ہے

گنہ کی تاریکیاں یہ چھائیں امنڈ (۴) کے کالی گھٹائیں (۵) آئیں
خدا کے خورشید مہر فرما کہ ذرہ بس اضطراب میں ہے

---

(۱) ٹھانی - پختہ ارادہ مصمم ارادہ ۱۲ - (۲) سمن گلیست سفید و خوشبو ۱۲ (۳) ڈاب - دوال - شمشیر پرتلا ۱۲ - (۴) امنڈنا - جوش پر آنا - (۵) گھٹائیں - ابر محیط و گرد و اگھٹائیں میگویند ۱۲ - منہ نصرہ اللہ

کریم اپنے کرم کا صدقہ لئیم بے قدر کو نہ شرما
تو اور رضا سے حساب لینا رضا بھی کوئی حساب میں ہے

اور فرمایا! (صفحہ ۸۰-۸۱ حصہ اول حدائق بخشش)

وہی جلوہ شہر بشہر ہے وہی اصل عالم و دہر ہے
وہی بحر ہے وہی لہر (۱) ہے وہی پاٹ (۲) ہے وہی دھار (۳) ہے
یہ سمن (۴) یہ سوسن (۵) و یاسمن (۶) یہ بنفشہ (۷) سنبل و نسترن (۸)
گل و سرو لالہ بھرا چمن وہی ایک جلوہ ہزار ہے
یہ صبا سنک (۹) وہ کلی چٹک یہ زبان چہک (۱۰) لب جو چھلک
یہ مہک (۱۱) جھلک یہ چمک دمک (۱۲) سب اسی کے دم کی بہار ہے
وہ نہ تھا تو باغ میں کچھ نہ تھا وہ نہ ہو تو باغ ہو سب فنا
وہی جان ہے جان سے ہے بقا وہی بن (۱۳) ہے بن سے ہی بار ہے
وہ انھیں چمک کی تجلیاں کہ مٹا دیں سب کی تعلیاں
دل و جان کو بخشیں تسلیاں ترا نور بارد و حار ہے
ترے دین پاک کی وہ ضیاء (۱۴) کہ چمک اٹھی رہ اصطفا
جو نہ مانے آپ سقر گیا کہیں نور ہے کہیں نار ہے
کوئی جان بس کے مہک رہی کسی دل میں اس سے کھٹک رہی
نہیں اس کے جلوے میں یک رہی کہیں پھول ہے کہیں خار ہے

---

(۱) لہر- موج دریا- جزر و مد- جوار بھاٹا ۱۲- (۲) پاٹ- چوڑائی، چکی کا پتھر ۱۲- (۳) دھار- پانی کا بہاؤ ۱۲- (۴) سمن- گلیست سفید و خوشبو ۱۲- (۵) سوسن- گل آسمان گون و سفید- سفید را آزاد و کبود را ابرسا گویند ۱۲- (۶) یاسمن- یاسمن و یاسمین و یاسمون و یاسم گلے است- خوشبو دو قسم اند سفید و زرد و کبود آزا چنبیلی گویند ۱۲- (۷) بنفشہ- چنبیلی (۸) نسترن- گلیست خوشبو دار نسرین و سیوتی نیز نام دارد (۹) سنک- (ع) راہہائے روشن و بالفتح سنک جنون ۱۲- (۱۰) چہک- خوش الحانی ۱۲- (۱۱) مہک- خوشبو ۱۲- (۱۲) دمک- درخشندگی- (۱۳) بن- بیخ درخت و پایان ہر چیز- (۱۴) ضیاء- بالکسر روشنی آفتاب، ضیاء از نور قوی است و نور از سنا قوی تر است ۱۲- منہ نصرہ اللہ تعالیٰ

وہی نذرِ شہ میں زرِ نکو، جو ہو اُن کے عشق میں زرد رو
گلِ خلد اُس سے ہو رنگ جو، یہ خزاں وہ تازہ بہار ہے

وہی آنکھ اُن کا جو منہ تکے، وہی لب کہ محو ہوں نعت کے
وہی سر جو اُن کے لیے جھکے، وہی دل جو اُن پہ نثار ہے

نظر اِک چمن سے دوچار ہے، نہ چمن چمن بھی نثار ہے
عجب اُس کے گل کی بہار ہے، کہ بہار بلبلِ زار ہے

یہ ادب جھکالو سر وِلا، کہ میں نام لوں گل و باغ کا
گلِ تر محمدِ مصطفیٰ، چمن اُن کا پاک دیار ہے

یہ ادب کہ بلبلِ بے نوا، کبھی کھل کے کر نہ سکے نوا
نہ صبا کو تیز روش روا، نہ چھلکتی (۱) نہروں کی دھار ہے

نہ دلِ بشر ہی فگار ہے، کہ ملک بھی اُس کا شکار ہے
یہ جہاں کہ ہژدہ ہزار ہے، جسے دیکھو اُس کا ہزار (۲) ہے

نہیں سر کہ سجدہ کناں نہ ہو، نہ زباں کہ زمزمہ خواں نہ ہو
نہ وہ دل کہ اُس پہ تپاں نہ ہو، نہ وہ سینہ جس کو قرار ہے

یہ کسی کا حسن ہے جلوہ گر، کہ تپاں ہیں خوبوں کے دل جگر
نہیں چاک جیبِ گل و سحر، کہ قمر بھی سینہ فگار ہے

---

(۱) چھلکنا۔ نیچے گرنا ۱۲۔

(۲) ہزار۔ بمعنی عاشق، بلبل، عندلیب۔ ۱۲ منہ نصرہ اللہ و نصرہ۔

وہ ہے بھینی بھینی وہاں مہک کہ بسا ہے عرش سے فرش تک
وہ ہے پیاری پیاری وہاں چمک کہ وہاں کی شب بھی نہار ہے

کوئی اور پھول کہاں کھلے، نہ جگہ ہے جوششِ حسن سے
نہ بہار اور پہ رخ کرے کہ جھپک (۱) پلک کی تو خار (۲) ہے

جسے تیرے صفِ نعال سے، ملے دو نوالے نوال سے
وہ بنا کہ اس کے اگال سے، بھری سلطنت کا ادھار (۳) ہے

رسل و ملک پہ درود ہو، وہی جانے ان کے شمار کو
مگر ایک ایسا دکھا تو دو، جو شفیع روزِ شمار ہے

نہ حجاب چرخ و مسیح پر، نہ کلیم و طورِ نہاں مگر
جو گیا ہے عرش سے بھی ادھر وہ عرب کا ناقہ سوار ہے

وہ تری تجلی کو دل نشیں، کہ جھلک رہے ہیں فلک زمیں
ترے صدقے میرے مہِ مبیں، مری رات کیوں ابھی تار ہے

مری ظلمتیں ہیں ستم مگر، ترا مہ نہ مہر کہ مہر گر
اگر ایک چھینٹ پڑے ادھر شبِ داج (۴) ابھی تو نہار ہے

گنہِ رضا کا حساب کیا، وہ اگرچہ لاکھوں سے ہیں سوا
مگر اے عفو تیرے عفو کا تو حساب ہے نہ شمار ہے

(صفحہ ۵۵ تا ۵۷ حصہ دوم حدائقِ بخشش)

---

(۱) جھپک - (مونث) حیا پلکوں کا۔ کھلنا اور بند ہونا ۱۲۔

(۲) خار ہونا، ناگوار گزرنا (۳) ادھار (مذکر) خوراک ۱۲ منہ نصرہ اللہ۔ (۴) داج - لفظ فارسی است بمعنی تاریک و تاریکی است و بسیار تاریک را نیز می گویند یقال لیل دجوجی یعنی شب بسیار تاریک و بعیر دجوجی و ناقہ دجوجیۃ سخت سیاہ ۱۲ منہ نصرہ اللہ تعالیٰ و نصرہ۔

اور فرمایا!

ہے انہیں کے نور سے سب عیاں، ہے انہیں کے جلوہ میں سب نہاں
بنے صبح تابشِ مہر سے رہے پیشِ مہر یہ جاں (۱) نہیں

وہی نورِ حق وہی ظلِ رب، ہے انہیں سے سب، ہے انہیں کا سب
نہیں اُن کی مِلک میں آسماں کہ زمیں نہیں کہ زماں نہیں

وہ کمالِ حسنِ حضور ہے کہ گمانِ نقص جہاں نہیں
یہی پھول خار سے دور ہے یہی شمع ہے کہ دھواں نہیں

دو جہاں کی بہتریاں نہیں کہ امانیِ (۲) دل و جاں نہیں
کہو کیا ہے وہ جو یہاں نہیں مگر اک "نہیں" کہ "وہ" ہاں نہیں

بخدا خدا کا یہی ہے در نہیں اور کوئی مفر مقر
جو وہاں سے ہو یہیں آکے ہو جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں

وہی لامکاں کے مکیں ہوئے سرِ عرش تخت نشیں ہوئے
وہ نبی ہے جس کے ہیں یہ مکاں وہ خدا ہے جس کا مکاں نہیں

سرِ عرش پر ہے تیری گزر دلِ فرش پر ہے تیری نظر
ملکوت و ملک میں کوئی شئ نہیں وہ جو تجھ پہ عیاں نہیں

وہ شرف کہ قطع ہیں نسبتیں وہ کرم کہ سب سے قریب ہیں
کوئی کہدو یاس و امید سے، وہ کہیں نہیں وہ کہاں نہیں

میں نثار تیرے کلام پر ملی یوں تو کس کو زباں نہیں
وہ سخن (۳) ہے جس میں سخن نہ ہو وہ بیاں ہے جس کا بیاں نہیں

---

(۱) جاں (ہ) پہچان۔ واقفیت۔ آگہی ۱۲

(۲) امانی۔ جمع اُمنیّہ بالضم وشد الیاء آرزو۔ قولہ تعالیٰ اِلّا اَمانیّ۔ البقرہ ۷۸ تمنی آرزو بر آوردن ۱۲۔

(۳) سخن بفتحتین و بضم اول و فتح ثانی و بفتح اول و ضم ثانی بہر سہ وجہ درست است و سخون بفتح اول و ضم ثانی نیز بمعنی سخن و کلام آمدہ ۱۲۔ منہ نصرہ اللہ تعالیٰ و نضرہ

تیرے آگے یوں ہیں دبے لچے (۱) فصحا عرب کے بڑے بڑے
کوئی جانے منہ میں زباں نہیں، نہیں بلکہ جسم میں جاں نہیں

یہ نہیں کہ خلد نہ ہو نکو وہ نکوئی کی بھی ہے آبرو
مگر اے مدینہ کی آرزو جسے چاہے تو وہ سماں (۲) نہیں

ترا قد تو نادر دہر ہے کوئی مثل ہو تو مثال دے
نہیں گل کے پودوں میں ڈالیاں کہ چمن میں سرو چماں (۳) نہیں

نہیں جس کے رنگ کا دوسرا نہ تو ہو کوئی نہ کبھی ہوا
کہو اس کو گل کہے کیا کوئی کہ گلوں کا ڈھیر کہاں نہیں

کرے مصطفی کی اہانتیں کھلے بندوں اس پہ یہ جرأتیں
کہ میں کیا نہیں ہوں محمدی ارے ہاں نہیں ارے ہاں نہیں

کروں مدح اہل دول رضا پڑے اس بلا میں مری بلا
میں گدا ہوں اپنے کریم کا مرا دین پارۂ ناں نہیں

(صفحہ ۴۷-۴۸ حصہ اول حدائق بخشش)

اور فرمایا!

جس کے جلوے سے احد ہے تاباں، معدن نور ہے اس کا داماں
ہم بھی اس چاند پہ ہو کر قرباں دل سنگیں کی جلاء کرتے ہیں

کیوں نہ زیبا ہو تجھے تاجوری تیرے ہی دم کی ہے سب جلوہ گری
ملک و جن و بشر حور و پری جان سب تجھ پہ فدا کرتے ہیں

تو ہے وہ بادشاہ کون و مکاں کہ ملک ہفت فلک کے ہر آن
تیرے مولی سے شہ عرش ایواں تیری دولت کی دعا کرتے ہیں

رفعت ذکر ہے تیرا حصہ دونوں عالم میں ہے تیرا چرچا (۴)
مرغ فردوس پس از حمد خدا تیری ہی مدح و ثنا کرتے ہیں

---

(۱) لچے - جھکے ۱۲ (۲) سماں - مزا، کیفیت ۱۲ (۳) چماں - بفتح بناز خراماں و برفتار از سبب ناز بہر سو میل کنندہ ۱۲ (۴) چرچا - (۵) تذکرہ ۱۲ - ابوالفتح وابو منصور محمد نصر اللہ خان الشرزوضوی نصرہ اللہ القوی ۱۲

تو ہے خورشید (۱) رسالت پیارے چھپ گئے تیری ضیاء میں تارے
انبیاء اور ہیں سب مہ پارے تجھ سے ہی نور لیا کرتے ہیں

ماہ شق گشتہ کی صورت دیکھو کانپ کر مہر کی رجعت دیکھو
مصطفیٰ پیارے کی قدرت دیکھو کیسے اعجاز ہوا کرتے ہیں

وصف رخ ان کا کیا کرتے ہیں شرح والشمس والضحیٰ کرتے ہیں
ان کی ہم مدح و ثنا کرتے ہیں جن کو محمود کہا کرتے ہیں

اپنے مولیٰ کی ہے بس شان عظیم، جانور بھی کریں جن کی تعظیم
سنگ کرتے ہیں ادب سے تسلیم پیڑ سجدے میں گرا کرتے ہیں

اے بلا بےخردیِ کفار، رکھتے ہیں ایسے کے حق میں انکار
کہ گواہی ہو گر اس کو درکار بے زباں بول اٹھا کرتے ہیں

ہاں یہیں کرتی ہیں چڑیاں فریاد ہاں یہیں چاہتی ہے ہرنی داد
اسی در پہ شتران ناشاد گلۂ رنج و عنا کرتے ہیں

انگلیاں پائیں وہ پیاری پیاری جن سے دریائے کرم ہے جاری
جوش پر آتی ہے جب غمخواری تشنے سیراب ہوا کرتے ہیں

آستین رحمت عالم الٹے کمر پاک پہ دامن باندھے
گرنے والوں کو چہ دوزخ سے صاف الگ کھینچ لیا کرتے ہیں

ٹوٹ پڑتی ہیں بلائیں جن پر جن کو ملتا نہیں کوئی یاور
ہر طرف سے وہ پر ارماں پھر کر ان کے دامن میں چھپا کرتے ہیں

جب صبا آتی ہے طیبہ سے ادھر کھلکھلا پڑتی ہیں کلیاں یکسر
پھول جامہ سے نکل کر باہر رخ رنگیں کی ثنا کرتے ہیں

---

(۱) خورشید۔ بکسر شین ویای معروف فصیح است ۱۲۔ منہ نصرہ اللہ تعالیٰ ونضرہ

لب پہ آجاتا ہے جب نام جناب، منہ میں گھل جاتا ہے شہد نایاب
وجد میں ہو کے ہم اے جان بے تاب اپنے لب چوم لیا کرتے ہیں

لب پہ کس منہ سے غم الفت لائیں کیا بلا دل ہے الم جس کا سنائیں
ہم تو ان کے کف پا پر مٹ جائیں، ان کے در پر جو مٹا کرتے ہیں

اپنے دل کا ہے انہیں سے آرام سونپے ہیں اپنے انہیں کو سب کام
لو (۱) لگی ہے کہ اب اس در کے غلام چارۂ درد رضا کرتے ہیں

(صفحہ ۴۹-۵۱ حصہ اول حدائق بخشش)

اور فرمایا!

ملک خاص کبریا ہو — مالک ہر ما سوا ہو
کوئی کیا جانے کہ کیا ہو — عقل عالم سے ورا ہو
کنز مکتوم ازل میں — در مکنون خدا ہو
سب سے اول سب سے آخر — ابتدا ہو انتہا ہو
تھے وسیلے سب نبی • تم — اصل مقصود ہدیٰ (۲) ہو
پاک کرنے کو وضو تھے — تم نماز جانفزا ہو
سب بشارت (۳) کی اذان تھے — تم اذان کا مدعا ہو
سب تمہاری ہی خبر تھے — تم مؤخر مبتدا ہو
قرب حق کی منزلیں تھے — تم سفر کا منتہا ہو
قبل ذکر اضمار کیا • جب — رتبہ سابق آپ کا ہو
طور موسیٰ چرخ عیسیٰ — کیا مساوی دنیٰ ہو
سب جہت کے دائرے میں — شش جہت سے تم ورا (۴) ہو

---

(۱) لو۔ شوق۔ تصور بندھا ہے یا امید بندھی ہے۔ ۱۲ (۲) ھدیٰ۔ بضم الہاء وفتح الدال ۱۲۔ (۳) بشارۃ۔ مثلثہ مژدہ ولا تکون مطلقۃ الا بالخیر وانما تکون بالشر اذا کانت مقیدۃ بہ ۱۲۔ بشارۃ بالضم۔ تراشۂ پوست و بالکسر والضم مزدگانی و بالفتح خوب روی وجمال و کلکانہ از اعلام است ۱۲۔ (۴) ورء۔ وراء۔ کسماء مثلثۃ الآخر مبنیۃ۔ پس و پیش از اضداد است و مونث آید۔ منہ نصرہ اللہ تعالیٰ۔

سب مکاں لامکاں میں — تن بے جاں تم جانِ صفا ہو
سب تمہارے در کے رستے — ایک تم راہِ خدا ہو
سب تمہارے آگے شافع — تم حضورِ کبریا ہو
سب کی ہے تم تک رسائی — بارگہ تک تم رسا ہو
وہ کلس (۱) روضے کا چمکا — سر جھکاؤ کج کُلاہو
وہ درِ دولت پہ آئے — جھولیاں پھیلاؤ شاہو
مصطفیٰ خیر الوریٰ ہو — سرور ہر دو سرا ہو
اپنے اچھوں کا تصدق — ہم بدوں کو بھی نباہو (۲)
کس کے پھر ہو کر رہیں ہم — گر تمہیں ہم کو نہ چاہو
بد ہنسیں، تم ان کی خاطر — رات بھر رُوؤ کراہو
بد کریں ہر دم برائی — تم کہو ان کا بھلا ہو
ہم وہی ناشستہ رو ہیں — تم وہی بحرِ عطا ہو
ہم وہی شایانِ رد ہیں — تم وہی شانِ سخا ہو
ہم وہی بے شرم بد ہیں — تم وہی کانِ حیا ہو
ہم وہی ننگِ جفا ہیں — تم وہی جانِ وفا ہو
ہم وہی قابل سزا کے — تم وہی رحمِ خدا ہو
چرخ بدلے دہر بدلے — تم بدلنے سے وراء ہو
اب ہمیں ہوں سہو حاشا — ایسی بھولوں سے جدا ہو
حق درودیں تم پہ بھیجے — تم مدام اس کو سراہو
وہ عطا دے تم عطا گو — وہ وہی چاہے جو چاہو
بر تو او باشند تو بر ما — تا ابد یہ سلسلہ ہو
کیوں رضا مشکل سے ڈریے — جب نبی مشکل کشا ہو

(صفحہ ۴۷-۵۰ حصہ دوم حدائق بخشش)

---

(۱) بالکسرِ آہک و آہک آمیختہ بکاستر و آنرا صاروج نیز گویند ۱۲ (۲) نباہو۔ کامل کردو ۱۲۔

اور فرمایا

راہِ عرفان سے جو ہم، نادیدہ رو محرم نہیں
مصطفیٰ ہے مسندِ ارشاد پر کچھ غم نہیں

ہوں مسلماں گرچہ ناقص، ہی سہی اے کاملو
ماہیت پانی کی آخر یم سے نم میں کم نہیں

غنچے مَا اَوحیٰ کے جو، چٹکے دنیٰ کے باغ میں
بلبلِ سدرہ تک ان کے بُو سے بھی محرم نہیں

اس میں زم زم ہے کہ تھم تھم، اس میں جم جم ہے کہ بیش
کثرتِ کوثر میں زم زم کی طرح کم کم نہیں

پنجۂ مہرِ عرب ہے، جس سے دریا بہہ گئے
چشمۂ خورشید میں تو نام کو بھی نم نہیں

ایسا امی کس لئے، منت کش استاذ ہو
کیا کفایت اس کو اِقْرَاْ رَبُّکَ الْاَکْرَم نہیں ؟

اوس مہرِ حشر پر، پڑجائے پیاسو تو سہی
اس گلِ خنداں کا رونا گریۂ شبنم نہیں

ہے انہیں کے دم قدم سے، باغِ عالم کی بہار
وہ نہ تھے عالم نہ تھا گر وہ نہوں عالم نہیں

سایۂ دیوار خاکِ، در ہو یارب اور رضا
خواہشِ دیہیم (۱) قیصر شوقِ تختِ جم نہیں

(صفحہ ۲۶-۲۷ حصہ اول حدائق بخشش)

---

(۱) دیہیم - بالفتح و یای دوم معروف بمعنی تاج۔ ۱۲ منہ نصرہ اللہ القوی

اور فرمایا:

رخ دن ہے یا مہرِ سما، یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں
شب زلف یا مشکِ ختا (۱) یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

ممکن میں یہ قدرت کہاں، واجب میں عبدیت کہاں
حیراں ہوں یہ بھی ہے خطا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

حق یہ کہ ہیں عبدِ الٰہ، اور عالمِ امکاں کے شاہ
برزخ ہیں وہ سرِ خدا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

بلبل نے گل ان کو کہا، قمری نے سروِ جانفزا
حیرت نے جھنجھلا کر کہا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

خورشید تھا کس زور پر، کیا بڑھ کے چمکا تھا قمر
بے پردہ جب وہ رخ ہوا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

شیخ الحدیث حضرت مولانا علامہ نصر اللہ خان افغانی مدظلہ العالی کا بنیادی مقدمہ عید میلاد النبی ﷺ نظر سے گزرا اور باعث بہجت قلب و سرور جان ہوا، یہ تحریر پر تنویر ذات پاک مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کے فضائل و کمالات اور انوار و لمعات پر ایک صحیفہ زرّیں بہا ہے جس سے ایک طرف تو مصنف کے عشق رسول ﷺ کا پتہ چلتا ہے دوسری طرف تبحر علمی و دقت نظری کا بھی بخوبی اندازہ ہوتا ہے کیوں نہ ہو کہ مصنف علام، زخر من امام احمد رضا قدس سرہ کے خوشہ چین ہیں اور اعاظم علمائے اہلسنت مثلاً شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا سردار احمد و صدر العلماء حضرت علامہ سید غلام جیلانی میرٹھی و مجاہد ملت حضرت علامہ شاہ محمد حبیب الرحمن قادری اڑیسوی اور شمس العلماء حضرت علامہ مولانا محمد نظام الدین الہ آبادی علیہم الرحمۃ والرضوان کے ارشد تلامذہ سے ہیں۔ پوری کتاب دلائل و براہین سے مزین ہے جو قاری کو اپنی طرف متوجہ کیے بغیر نہیں رہتی۔ کتاب کے آخر میں مصنف علام کی سوانح حیات بھی شامل ہے جو مصنف کے مختصر تعارف پر مشتمل ہے کتاب کمپوزر کی دیدہ زیب طباعت کا ایک حسین نمونہ ہے کاغذ نہایت عمدہ اور پوری کتاب دو کلر میں چھپی ہے، گویا کہ یہ بنیادی مقدمہ عید میلاد النبی ﷺ ظاہری و باطنی ہر طرح کی خوبیوں کا جامع ہے، اس کی زیادہ سے زیادہ اشاعت ہونی چاہیے تاکہ دعوت حق کو عام سے عام تر کیا جا سکے،

محمد عبد المبین نعمانی قادری

محمد عبد المبین نعمانی قادری خادم رضا
اسلامک مشن مدنپورہ، بنارس انڈیا

۲۸ ربیع الآخر ۱۴۱۹ھ

21 - 8 - 98

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بنیادی مقدمہ اور عالم و عامل، کامل و فاضل مناظر بے بدل ولی و تقی جناب محمد حسن علی قادری رضوی بریلوی و سرپرست و بانیٔ بزم انوار رضاء اہل السنۃ و خطیب جامع مسجد فریدی بلدیہ۔ چوک غوثیہ رضویہ مدینہ ٹاؤن شہر میلسی ڈویژن پنجاب کے دو تقاریظ

تقریظ اول!

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی حبیبہ الکریم

گرامی منزلت فیضد رجت شیخ الحدیث مدظلہٗ

محقق ذیشان حضرت علامہ مولانا مفتی محمد نصر اللہ خان صاحب

ہدیۂ سلام مسنون۔ آرزوئے خلوص مشحون۔ آپ سے ڈیڑھ سال قبل سیدی آقائے نعمت امام اہلسنت حضور محدث اعظم پاکستان قدس سرہٗ کے عرس مبارک میں فیصل آباد میں ملاقات کا شرف حاصل ہوا تھا۔ یہ فقیر اور حضرت الحاج شوکت حسن خان صاحب مدظلہٗ العالی دونوں آئے تھے۔ پھر جناب نے فقیر کا پتہ لیا۔ اور میلسی فقیر کے نام "عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بنیادی مقدمہ" کی چند کاپیاں ارسال فرمادیں۔ فقیر اس وقت مدینہ طیبہ سرکار اعظم صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر تھا شکریہ کا خط لکھ نہ سکا نہ کتب کی وصولی کی اطلاع تحریر کر سکا۔ بہر کیف آپکی ارسال فرمودہ کتب موصول ہو گئیں تھی اور اکثر پیش نظر رہتی ہیں۔ مولیٰ عزوجل آپکو بہتر سے بہتر جزا و اجر عظیم عطا فرمائے آمین۔ ماشاء اللہ آپکی یہ ایمان افروز روح پر کیف اور کتاب شیدایان رسول اہلسنت والجماعت کے عوام و خواص کیلئے ایک انمول یادگار تحفۂ نعمت کبری ہے اکثر پڑھتا رہتا ہوں دعا کرتا ہوں۔ پچھلے دنوں حضرت علامہ سید شاہ تراب الحق صاحب قادری رضوی زید مجدہٗ نے بذریعہ مکتوب یہ اطلاع دی تھی کہ مولوی زبیر حیدر آبادی کی "مغفرت ذنب" کا جواب بھی آپ تحریر فرما رہے ہیں ضرور اور جلد مطلع فرمادیں۔

والسلام الفقیر محمد حسن علی الرضوی

۲۲ ذوالحجہ

تَقرِیظِ دُوَم !

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی حَبِیْبِہِ الْکَرِیْمِ

اَمَّا بعد فاضلِ ذیشان فاضلِ محقق حضرتِ شیخ الحدیث، شیخ التحقیق علامہ مولانا محمد نصیر اللہ صاحب افغانی مدظلہ العالی تلمیذِ ارشدِ سیدی سندی امام اہلسنت حضورِ محدثِ اعظم پاکستان علیہ الرحمۃ والرضوان کی کیف و سرور اور مثالی تحقیق و تدقیق، دلائل و شواہد سے بھرپور کتابِ لاجواب "عیدِ میلاد النبی ﷺ کا جیّدی مقدمہ" کی زیارت و مطالعہ کا شرف حاصل کیا بار بار پڑھنے پر ہر بار ایک نیا ذوق اور کیف و سرورِ روحانی حاصل ہوا بلاشبہ و بلا مبالغہ جلیل القدر عظیم المرتبت مصنف پر امام اہلسنت سیدنا اعلحضرت فاضلِ بریلوی اور آقائے نعمت حضور محدثِ اعظم پاکستان قدس سرہما کا روحانی تصرف سایہ افگن ہے یہ عظیم شاہکار کتاب مدتوں یادگار و ناقابلِ فراموش رہے گی اور جمہورِ اہلسنت کیلئے مشعلِ راہ و مینارۂ نور ثابت ہوگی مولیٰ عزوجل اپنے حبیب و محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وسیلۂ جلیلہ سے اور حضورِ پُرنور سرکارِ غوثیت و سیدنا مجددِ اعظم سرکارِ اعلحضرت اور سیدنا محدثِ اعظم قبلہ سیدی شیخ الحدیث قدست اسرارہم کے صدقہ اس عظیم تصنیفِ لطیف کو مقبولِ خاص و عام فرمائے آمین اور مصنفِ جلیل کو بہتر سے بہتر جزا عطا فرمائے آمین۔

الفقیر محمد حسن علی الرضوی غفرلہ میلسی

الفقیر محمد حسن علی الرضوی غفرلہ میلسی ملتان

نحمدہ ونصلی علی حبیبہ الکریم

محکمۂ شرعیۂ عالیۂ سُنیۂ حنفیۂ

رغیدِ میلادُالنبی ﷺ کا جیادی مقدمہ نور اس پر

پیرِ طریقت سید شاہ حسن محمد شمس الحق قادری حقانی مفتیٔ اعظم کرناٹکا

سجادہ نشین خانقاہ عالیہ قادریہ چشتیہ صابریہ حقانیہ حضرت لکڑ شاہ ولی مہتمم

الجامعۃ الحقانیہ عربک کالج ۔ کاٹن پیٹ مین روڈ ۔ بنگلور سِٹی ۔ الہند کی تقریظ و تبصرہ

حوالہ نمبر　　فون نمبر ۶۰۰۷۶۷　　تاریخ　　ماہ　　۱۴۲۰ھ

Islamic Research & Spritual Centre　　Phone 600767

Mufti Haji Peer Qazi Syed Shah Muhammad Hasan Shamsul Haq qadri Chisthi

Sajjada Nasheen,Nazim-E-Aala Madrasa-E-Haqqania Arabia

KHANQAH-E-ARABIA QADIRIAH HAQQANIA

HAZRATH LAKKAD SHAH MASJID

No 140,COTTONPET MAIN ROAD

BANGLORE 560 053

Ref.No.　　Dated. 15 / 5 / 1999

28/3 ۱۴۲۰ھ

اَغِثنی یا دستگیر　　بسم اللہ الرحمن الرحیم　　اَغِثنی یا غریب نواز

محترم القلم فضیلۃ الشیخ علامہ علیم معقولات و منقولات ۔ شیخ الحدیث الشاہ محمد نصر اللہ خانصاحب زاد اقبالہ ۔ بیشمار سلام و رحمت ۔ مزاج کیسا ہوں ؟ الحمد للہ آپکی تصنیف کردہ رغیدِ میلادُالنبی علیہ السلام جیادی مقدمہ کا مطالعہ کیا ۔ ماشاء اللہ خوب سے خوب تر ہے ۔ جسکے لیے آپنے قرآن و حدیث کی روشنی میں مدلل ثبوت کے ساتھ پیش کیا ماشاء اللہ آپ قابلِ مبارکباد ہیں ، آئندہ بھی زندگی کے مخصوص لمحات میں اپنی دینی ، علمی روحانی کاوشوں کو بروئے کار لاکر قوم و ملت کو مشکور فرمائیں ۔

جو کام بنیادی مقدمہ کا آپ نے کیا۔ وہ تاریخی خدماتِ ملتِ اسلامیہ کیلئے سنگِ میل کا کام دیگی۔ دعاگو کے پاس صوفی باصفاء عبدالعزیز صاحب چشتی، صابری کراچی سے انڈیا کے مختلف شہروں کے مزارات کی حاضری دیکر بنگلور پہنچے۔ ملاقات سے خوشی ہوئی۔ دعاگو نے اپنے بزرگوں کی قدیم مسجد کا ۹، مئی ۱۹۹۹ء کو مسجد الحسن کا سنگِ بنیاد رکھوایا۔ جسمیں ملک وملت کے سجادگان وسیدزادگان، دانشوران، عمائدینِ شہر تشریف لائے۔ تقاریری پروگرام ہوا۔ آپکی مصروفیت سے فارغ ہوا۔ دعاگو بھی چشتر سوات کا رہنے والا ہے فرنٹیر نارتھ ویسٹ کا ہے ہمارے بزرگانِ دین بنگلور تشریف لاکر ملک وملت کی تعلیمی روحانی خدمات انجام دیتے رہے۔ مدرسہ حقانیہ عربیہ سو سال سے خدمات انجام دے رہا ہے۔

دعا ہے کہ ربِ قدیر بطفیلِ سیدالمرسلین علیہ السلام کے آپکی اس دینی خدماتِ جلیلہ کو قبول فرماکر شرفِ عامّہ تامّہ عطا فرمائے۔ وہابیت، نجدیت، بدمذہبوں کو راہِ راست پر لائے۔ آمین۔ ثم آمین۔

آئندہ بھی جو تصانیف فرمائے، قادریہ اکیڈمی کو ارسال فرماکر مشکور فرمائیے۔

والسلام مخلص دعاگو و دعاجو

الفقیر قادری شریعت پناہ السید شاہ حسن محمد شمس الحق قادری حقانی

سجادہ نشین خانقاہ عالیہ قادریہ میر صادقیہ حقانیہ

مکان حضرت لکڑ شاہ اولیاء۔

140 کاٹن پیٹ مین روڈ بنگلور 53

بندہ نے بھی بنیادی مقدمہ کا مطالعہ کیا۔ جس پر قلبی مبارکباد قبول فرمائیں

والسلام مخلص

پیرزادہ قاری سید شاہ محمد حبیب الرحمن قادری

چیف قاضی کمیٹی نمبر 8

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّیْ عَلٰی حَبِیْبِہِ الرَّؤُفِ الرَّحِیْمِ

اِسْ فَقِیْر کے اَسَاتِذَہ، اُنْ کَا اِفَاضَہ اور اُنْ سے اِسْ فَقِیْر کَا اِسْتِفَاضَہ وَاِسْتِفَادَہ

اُنْ کَا اِجْمَالِی بَیَان وَتَذْکِرَہ

سمجھ دار وہ ہے جس نے کلامِ متکلّم یعنی کہنے والے کے کہے کے مرادی معانی جان لیے نہ وہ کہ جس نے صرف کلام کے معانی بطورِ حصر و قصر سمجھ لیے ہوں۔ لِاَنَّ فَهْمَ كَلَامِ الشَّخْصِ الْمُتَكَلِّمِ مَا هُوَ بِاَنْ تَعْلَمَ وُجُوْهَ مَا تَتَضَمَّنُهٗ تِلْكَ الْكَلِمَةُ بِطَرِيْقِ الْحَصْرِ مِمَّا تَحْوِيْ عَلَيْهِ مِمَّا تَوَاطَأَ عَلَيْهِ اَهْلُ هٰذَا اللِّسَانِ وَاِنَّمَا الْفَهْمُ اَنْ تَفْهَمَ مَا قَصَدَهُ الْمُتَكَلِّمُ بِذٰلِكَ الْكَلَامِ هَلْ قَصَدَ جَمِيْعَ الْوُجُوْهِ الَّتِيْ تَتَضَمَّنُهَا ذٰلِكَ الْكَلَامُ اَوْ بَعْضَهَا فَيَنْبَغِيْ اَنْ نُفَرِّقَ بَيْنَ الْفَهْمِ لِلْكَلَامِ وَالْفَهْمِ عَنِ الْكَلَامِ وَهُوَ الْمَطْلُوْبُ (باب ۳۳۳، ص ۱۲۷، الفتوحات المکیۃ الشریفۃ)

یعنی کلامِ متکلّم کا سمجھنے والا وہ نہیں جو اس کلام کے وہ تمام معانی بطریقِ حصر و قصر جان لے جن پر اہلِ زبان کا اتفاق ہے بلکہ سمجھ دار و سمجھنے والا کلام کا وہی ہے جو کلامِ متکلّم کے مرادی معانی سمجھ لے پس چاہیے کہ تو فرق کرلے درمیان کلامِ متکلّم کے معانی سمجھنے میں اور متکلّم کے اپنے اس کلام سے مرادی معانی سمجھنے میں اور یہی مطلوب ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد و اعلان ہے وَاتَّقُوا اللّٰہَ وَیُعَلِّمُکُمُ اللّٰہُ (آیت ۲۸۲۔ البقرہ ۲) اور اللہ سے ڈرو اور اللہ تمہیں سکھاتا ہے۔

نیز اللہ تعالیٰ نے ارشاد و اعلان فرمایا وَیَزِیْدُ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اهْتَدَوْا هُدًی ؕ وَالْبٰقِیٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَیْرٌ عِنْدَ رَبِّکَ ثَوَابًا وَّخَیْرٌ مَّرَدًّا (الآیۃ ۷۶۔ مریم ۱۹)

اور جنہوں نے ہدایت پائی اللہ انہیں اور ہدایت بڑھائے گا اور باقی رہنے والی نیک باتوں کا تیرے رب کے یہاں سب سے بہتر ثواب اور سب سے بہتر بھلا انجام۔

سیدِ دوسرا علیہ التحیۃ والثنا کا ارشاد و اعلام ہے وَمَنْ عَمِلَ بِمَا عَلِمَ اَوْرَثَہُ اللّٰہُ عِلْمَ مَا لَمْ یَعْلَمْ اور جس نے عمل کیا اپنے علم پر اللہ نے اسی کو وارث بنایا ان اشیاء کے علم کا جن کا علم اسے نہ تھا۔ اور سیدنا علی شیرِ خدا کا ارشادِ گرامی ہے اَلْعِلْمُ مَقْرُوْنٌ بِالْعَمَلِ وَالْعِلْمُ یَهْتِفُ بِالْعَمَلِ فَاِنْ اَجَابَہٗ وَاِلَّا ارْتَحَلَ یعنی علم عمل کے ساتھ پیوست ہے اور علم عمل کو آواز دیتا ہے (کہ ساتھ رہ) تو اگر اس نے قبول کیا فبہا ورنہ علم کوچ کر روانہ ہو جاتا ہے۔[عـه]

فصلِ اوّل

میرے اساتذۂ کرام تقوٰی کے زیور سے شدید تھے اور علم و عمل کے پیراستہ لباس میں ملبوس و آراستہ۔ اس فقیر نے سیدنا و مولانا

عـه قال العلم عندنا یقتضی العمل ولا بد والا فلیس بعلم وان ظهر بصورة علم۔ قاله سیدنا الشیخ الاکبر رضی الله عنه فی الفتوحات المکیة ج ۴ صفحہ ۳۲۴ بیروت لبنان

صدر المدرسین جناب سید غلام جیلانی قدس سرہ السامی سے استفادہ اس وقت کرلیا جبکہ الہ آباد یوپی میں درس و تعلم کے ساتھ ساتھ مختلف و متعدد علوم و فنون کی سات سالہ تدریس و تعلیم بھی مکمل ہوئی تھی درس نظامیہ کی تکمیل کے ساتھ ساتھ درس عالیہ ۔ مولوی، عالم، فاضل دینیات کے امتحانات بھی پایہ تکمیل تک پہونچ چکے تھے اس سے پہلے بھی بہت سے علوم و فنون حاصل ہو چکے تھے بچپن کا حال یہ تھا کہ زرادی پڑھ لی تو زنجانی کے ساتھ اس کی منطق شرح شمسیہ بھی پڑھتا اور سمجھتا رہا پھر تو تعلیم و تدریس کا ایسا سلسلہ جاری ہوا کہ مشہور و معروف ترین مدرسین کرام سے جو کتاب پڑھتا تھا تو اس سے قبل والی پڑھی ہوئی کتاب کی تدریس بھی جاری رہتی اور طلبہ کا حال یہ تھا کہ وہ نہایت شوق، ذوق اور بڑی رغبت اور محبت سے مجھ سے پڑھتے رہے۔ اس پاکیزہ عمل نے اس فقیر کی تحصیل علم، تعلیم و تدریس کے جذبہ صادقہ کو مزید جلا بخش دی اور افغانستان کے علماء و فضلاء کی السنہ و زبانوں پر یہ کلمہ جاری ہوا کہ "نصر اللہ فضلی ہے"۔ اس اصطلاح کا مطلب وہاں یہ رہا ہے کہ اللہ و رسول جل مجدہ و صلی اللہ علیہ و آلہ و صحبہ وسلم کی جناب سے اس کو متوجہ علوم ملے ہیں۔ سب اصول و منقول، معقول و فرائض مروجہ جاریہ اور ریاضی میں کتب اللباب کی روشنی میں خلاصۃ الحساب، مدقق و محقق شمس العلماء محمد نظام الدین قدس سرہ السامی سے اس طرح پڑھ لیے ہیں کہ شرعی اداب کے لحاظ میں بغرض استفادہ و بغرض استنباط مسائل فقہیہ تین تین گھنٹے بحث و مباحثہ جاری رہتا تھا اور خلاصۃ الحساب بچپن میں بھی پڑھی تھی ریاضی کا کچھ حصہ میں نے جناب قبلہ منظور عالم صاحب سے پڑھ لیا ہے جو اسلامیہ کالج الہ آباد میں ریاضی کے بڑے معتبر مدرس اور حساب کی کتابوں کے مصنف رہے سنا یہ تھا کہ آپ کی لکھی ہوئی کتابیں علی گڑھ یونیورسٹی میں بھی پڑھائی جاتی ہیں۔

آپ قدس سرہ الہ آباد میں جمنا کے کنارے رسول پور مشہور و معروف بستی کے رہنے والے ہیں۔ اور علم الکلام کے مشکل اور باریک مسائل میں نے میرے استاذ اکرم ذہین و بار یک بین ھی و ذکی جناب شبیر احمد غوری قدس سرہ السامی سے بھی پڑھ لیے ہیں آپ قدس سرہ السامی یوپی کے درس عالیہ کے رجسٹرار رہے تھے اور شاہ گنج الہ آباد میں ہماری قیام گاہ کے بہت قریب قیام پذیر رہے تھے۔ عربی علم ادب میں نے الہ آباد یونیورسٹی کے جینیئس بلکہ اجینیئس پروفیسر جناب سید رفیق احمد سلمہ اللہ الاحد سے پڑھ کر ازبر کرلیا تھا پورے یوپی میں مشہور و معروف ہے مجھے یاد ہے ایک روز میں عبارت بہتر لہجے کے ساتھ سنا رہا تھا اور آپ قدس سرہ خوش تھے مسکرا رہے تھے میں نے جب آپ کی طرف دیکھا تو فرمایا آپ عربی کے مشہور شہسوار ہو گئے ہیں۔ اور جناب پروفیسر رفیق احمد سلمہ اللہ الاحد کے دولت کدہ میں یونیورسٹی کے طلبہ بھی پڑھنے آتے تھے عربی لسان کی فصاحت و بلاغت و وسعت پیش نظر تھی اور عربی کے مقابل میں دیگر السنہ و زبانوں کی تنگی اور لکنت کی بھی مجھے خبر تھی ایک روز یونیورسٹی کے طلبہ سے آپ کے دولت کدہ میں مکالمہ ہوا اثنائے گفتگو میں نے طلبہ سے کہا کہ جو انگریزی آپ لوگ دس سال میں پڑھتے ہیں ہم اس کی تیاری صرف چھ مہینے میں کرسکتے ہیں ان میں سے ایک لڑکے نے کہا" کرکے دکھائیے" میں نے کہا آج کی تاریخ نوٹ کرلیجے میں نے انگریزی میٹرک کی کتابیں The Immortal Dead اور Patterns of English Prose اور گرامر کی کتاب Wren اور ایک پوئٹری کی کتاب جو اس وقت میٹرک کے کورس میں پڑھائی جاتی تھی لے لیں اور جناب پروفیسر رفیق احمد صاحب سے عربی میں پڑھنا شروع کرلیا ان کے لکھے ہوئے عبارات اور ترجمے میرے پاس اب تک موجود ہیں ۔ اور گرامر کی کتاب Wren اسلامیہ کالج الہ آباد میں پڑھتا تھا۔ انگلش میں تحلیل (Analysis)(۱) اور ترکیب (Synthesis)(۲) میں کافیہ کے طرز پر پڑھنا چاہتا تھا جس میں بڑی توضیح و تشریح، افادہ و استفادہ ہوتا ہے اس طرز کی تحلیل و ترکیب سے سننے اور پڑھنے والے محظوظ و ملذوذ ہوتے ہیں اس قسم کی

تحلیل سے ایک جملہ پوری کتاب بن جاتا ہے اور ترکیب سے پوری کتاب مختصر ہو کر ایک جملہ بنتی ہے اس کا نام نحوی ترکیب ہے
وہ انگریزی پڑھنے پڑھانے والوں کو میسّر نہیں نہ ہی ان کے نصیب میں ہے کیونکہ انگریزی بہت مختصر ہے افادہ و استفادہ کے خصوصیات سے
محروم ہے جو افادہ و استفادہ فصیح میں موجود ہے وہ انگریزی میں مفقود ہے اس لیے کہ یہ زبان مبہم ہے اور جو زبان مبہم ہو وہ قابلِ افادہ نہیں ہے
دونوں مقدمات صحیح ہیں تو نتیجہ بدیہی ہے کہ جو زبان قابلِ افادہ نہیں اس سے استفادہ نہیں۔ بہرحال پڑھتا لکھتا جاری رکھا اللہ تعالیٰ اور رسولِ
پاک صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّم کا کرم تھا کہ چو مہینوں میں مکمل کر لیا اور تیاری ہوگئی چاہیے تو یہ تھا کہ اس کی تکمیل چو مہینوں سے پہلے ہوگئی ہوتی
اس لیے کہ انگریزی زبان کے کلام سے مذکر، مؤنث، مفرد، تثنیہ و جمع نیز غائب، مخاطب و متکلم کی تمیز و پہچان نہیں ہوتی کلام کے صیغوں
"Moods" میں پہچان کی کوئی علامت نہیں ہوتی کلام فعل ماضی کا ہو یا حال خواہ استقبال صرف بعض صیغوں میں کبھی مفرد کے لیے "S" کا
الحاق کرتے ہیں تاہم اس سے تانیث و تذکیر کی تمیز نہیں ہوتی ایک جملۂ فعلیہ خبریہ "Assertive verbal Sentence" کے لیے
کتابت سے فصیح میں ماضی مطلق "Pret erite Past Tense" کے تیرہ صیغے ہیں۔

(प्रेट-इर-इट)

(۱) (۲) (۳)
Singular - Dual - Plural

(۱)

	جمع	تثنیہ (Dual)	مفرد	
3rd Person 2nd Person 1st Person / Masculine Gender Feminine Gender — انگریزی میں ان تیرہ صیغوں کے لیے صرف اور صرف ایک ہی صیغہ "Wrote" لکھا استعمال کرتے ہیں۔	کَتَبُوْا	کَتَبَا	کَتَبَ	غائب مذکر
	کَتَبْنَ	کَتَبَتَا	کَتَبَتْ	غائب مؤنث
	کَتَبْتُمْ	کَتَبْتُمَا	کَتَبْتَ	مخاطب مذکر
	کَتَبْتُنَّ		کَتَبْتِ	مخاطب مؤنث
	کَتَبْنَا		کَتَبْتُ	متکلم مذکر و مؤنث

(۲) ماضی قریب The "Present Perfect Tense" میں بھی صرف ایک ہی صیغہ لکھتے ہیں "Have Written"۔
(۳) ماضی بعید The "Plu Perfect Tense" کے لیے بھی صرف ایک صیغہ "Had Written" لکھتے ہیں۔
(۴) ماضی مشکوک The "Future Perfect Tense" کے لیے بھی ان کے ہاں صرف ایک ہی صیغہ ہے مثلاً "Shall Have Written" لکھ دیا ہوگا یا لکھ لیا ہوگا۔
(۵) ماضی تمنائی The "Past Potential Tense" کے لیے بھی ایک ہی صیغہ "Might Write" لکھ دیا ہوتا، لکھ لیا ہوتا کہتے ہیں۔
(۶) ماضی استمراری "The Continuous Preterite Tense" کے لیے "Was Writting" یا "Were

"Writting" لکھتے بولتے ہیں یہاں پر صرف مفرد کے لیے "Was" کا الحاق کرتے ہیں تاہم اس میں مذکر و مونث کا امتیاز مفقود۔

(۷) زمانہ حال "Present Tense" کے لیے "Write" اور "Writes" لکھتے ہیں۔

(۸) اور مستقبل "Future Tense" کے لیے "Will Write" استعمال کرتے ہیں۔

ظاہر ہے کہ عربی اور فصیح عربی کا عالم انگریزی والوں کی اس مبہم زبان کا تیرہ سالہ کورس اللہ تعالیٰ اور رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کے فضل و کرم سے ایک سال میں ہاں صرف ایک سال میں مکمل کر سکنے پر قدرت رکھتے ہیں۔

مسلمانان عالم پر واضح رہے کہ جس زبان میں تمیز وافادہ نہ ہو اس کے پڑھنے اور یاد کرنے سے عقل کی روشنی ختم ہو جاتی ہے اور یہ اس پر پردہ پڑ جاتا ہے ہم ہمیشہ اپنے لیے اور تمامی مسلمانوں کے لیے اللہ تعالیٰ اور رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم سے علم و فن اور عقل و دانش کے خواستگار رہے ہیں۔

اور علم فرائض جناب ایڈووکیٹ السید محمد عاقل قدس سرہ سے بھی حاصل کر لیا ہے یہ جناب پروفیسر رفیق احمد صاحب مدظلہ العالی کے بڑے بھائی اور یو پی کے باوقار مبارک خاندان کے چشم و چراغ ہیں اور باوقار وکیل ہیں اور بہتر باہمی زندگی کے مالک رہے تھے۔

الہ آباد آنے سے پہلے مثنوی شریف کو میں نے جناب علامہ قاضی عباس علی خان رحمۃ اللہ علیہ سے پڑھ لیا تھا جو بندیل کھنڈ کے مشہور و معروف علمی خاندان کی نسل سے رہے تھے ان کے آباء و اجداد سب متقین گذرے ہیں مجھے خوب یاد ہے میں مثنوی شریف پڑھتا ان کو سناتا رہتا تھا اور وہ غور سے سنتے تھے پندرہ دن میں مجھے سند و شہادت نامہ عطا فرما دیا اس سے پہلے بادنی سنیٹ کدورا ضلع جالون میں ۱۹۴۲ء میں میں نے ہندی صرف ایک ہفتے میں پڑھ کر از بر کر لی جو آج تک میں لکھ پڑھ سکتا ہوں۔

اور الہ آباد میں جب میں جناب محقق و مدقق شمس العلماء سے پڑھتا تھا تو بغرض استفادہ و بغرض استنباط مسائل فقہیہ مسلسل تین تین گھنٹے شرقی اداب کے میدان میں بحث و مباحثہ جاری رہتا تھا اور آپ قدس سرہ السامی بڑے مہر و کرم سے پڑھاتے سکھاتے اور شافی و وافی جوابات دیتے رہے۔ ملاحظہ ہو آپ کے مقدس ارشادات اور قدسیہ کلمات جو آپ قدس سرہ السامی نے اپنے اس شاگرد کے حق میں القاء کر دیئے ہیں۔

عزیز از جان سلمہ المنان۔ دعوات وافرہ اٹھتیس سال کے بعد تین خطوط آپ کے یکے بعد دیگرے ملے۔ ایک بہرام اور دو الہ آباد کے پتہ پر۔

عزیزم امرسل کا نام دیکھتے ہی مسرت کی بے پناہ لہروں نے دست و پا، رگ و ریشے میں وہ کیفیت پیدا کر دی جس نے "از جا رفتم" سے کہیں بلند و بالا منزل پر پہونچا دیا۔ قد و قامت، رفتار و گفتار، عادات و اطوار، لب و لہجہ، انداز بیان، اسباق کی گہرائیوں میں غوطہ زنی یہ سب یک لخت مجسم بن کر کھڑے ہو گئے اور میں یہ محسوس کرنے لگا کہ مولانا نصر اللہ خان سلمہ حسب عادت قدیم میرے روبرو دست بستہ کھڑے ہیں۔ اس وقت مجھے یہ احساس نہیں تھا کہ یہ ۵۲ء ہے یا ۸۹ء آپ کے خط میں خلوص کا وہ مرقع ہے جس سے کچھ اہل علم تو آبدیدہ اور کچھ محو حیرت ہو گئے۔ الخ۔ آپ کا یہ تاریخی نامہ اور انیقہ تحریر اسی مقدس کتاب کے صفحہ ۹۶۔ ۹۷۔ ۹۸ پر ثبت ہے۔ پورا ملاحظہ ہو۔

یہ کرم نوازیاں بوجہ کثرت کی ہیں ان میں سے اکثر کا ذکر اجمالا اسی مقدس کتاب کے ص ۹۲۔ الی ص ۱۰۱ زیر عنوان "سوانح شیخ الحدیث"

(بقیہ صفحۂ سابقہ) یتلقاہ الطبع السلیم بالقبول ویکون بین الاناجیل اذ الکبری فیہ دالۃ علی

میں مندرج ہو چکا ہے اور مجاہد ملت سیدنا و مولانا جناب حبیب الرحمٰن قدس سرہ السامی صاحب نے دیگر کثیر و بیشتر علم و کرم کے ساتھ ساتھ اس فقیر کو تمام مجاز سلاسل طریقت کے اجازات کا مجاز بنا کر بھی نواز دیا ہے آپ کی حب و کرم کی پیہم و موسلادھار بارش بھی اس غلام کے تن بدن و ذہن کو تدریجاً پر ہمیشہ سیراب کرتی رہی جناب نظام الملۃ والدین قدس سرہ کو تاکید کرتے رہے نصر اللہ خان کا خیال رکھیں ہمیشہ پوچھتے رہتے تھے نصر اللہ خان کا کیا حال ہے۔

قرآن و حدیث اجماع و قیاس اور ان سے استنباط مسائل کا شوق و ذوق رگ و پے میں پیوست ہو چکا تھا اور اس شوق و ذوق کے باعث جناب نظام الملۃ والدین اور مجاہد ملت قدس سرہما کے ارشادات اور گفتگو سے استفادہ اور حسان الہند جناب مولانا غلام علی بلگرامی قدس سرہ السامی کی تصنیف لطیف "مآثر الکرام" کا بار بار گہرا مطالعہ تھا۔ حسان الہند نے اپنی اس مشہور و معروف تصنیف لطیف میں ان اسی (۸۰) مشاہیر صوفیاء کرام نیز ان تہتر (۷۳) علماء عظام کے احوال درج کر دیے ہیں جو ابتداء فتح ہندوستان سے لے کر ۱۲۰۰ھ بارہویں صدی تک گذرے ہیں اور جنہوں نے دیار ہند میں علم اشتہار و افتخار کو لہرا دیا ہے جناب حسان الہند مولانا غلام علی بلگرامی قدس سرہ السامی نے "مآثر الکرام" مطبوعہ ۱۹۱۰ء مطابق ۱۳۲۸ھ کے صفحہ ۲۰۰ و ۲۰۱ پر جناب شیخ عبدالحق محدث دہلوی رضی اللہ عنہ وارضاہ عنا کے احوال یوں قلمبند کر دیے ہیں!

اشتہارش گوش جہانیان را نواختہ و خامۂ مورخان بہ تحریر مناقب ہمایون اجمالا و تفصیلا پرداختہ۔ سطرے چند بر لوح سنگی نقش کردہ در قبۂ مزار فائض الانوار تعبیہ کردہ اند۔ درین جریدہ بر عبارت لوح اکتفا نمودہ آن این است۔ گفتنے از احوال کرامت منوال این مقتدای وقت صاحب المفاخر ابوالمجد عبدالحق رحمۃ اللہ رحمۃ واسعۃ آنکہ از مبادی شعور بہ طاعت حق و طلب علم کمر بستہ نزدیک تا دوان بلوغ کہ علوم دین تحصیل کردہ و در بست و دو سالگی از ہمہ آن فارغ شدہ و کلام مجید از بر گرفتہ بر مسند افادہ نشست و ہم در عنفوان جوانی جاذبۂ الٰہی در رسیدہ بہ یک بار دل از یار و دیار برکندہ متوجہ حرمین محترمین گشت مدتے مدید بہ آن مقامات شریفہ اقامت ورزیدہ با اقطاب زمان و اولیاء کبار صحبت ہا داشتہ بہ ودائع از جنند و رخصت ارشاد طالبان و اختصاص یافت و علاوہ (این) تکمیل فن حدیث نمودہ بہ برکات فراوان بہ موطن مالوف مراجعت فرمود و مدت پنجاہ و دو سال بہ جمعیت ظاہر و باطن تمکن یافتہ تکمیل فرزندان و طالبان بجا آوردہ بہ نشر علوم مشتمل علم شریف حدیث پرداختہ بہ نحوی کہ در دیار عجم احدی را از علماء متقدمین و متاخرین دست ندادہ است ممتاز و مستثنی گردیدہ و در شروح متون علیۂ خاصۂ فن حدیث کتب معتبرہ تصنیف کرد چنانکہ علماء زمان انقیاد آن ورزیدہ دستور العمل خود دارند و اہل دانش از خواص و عوام بہ جان خریداری می نمایند۔ تصانیف این فائض والا از صغیر و کبیر بہ صد مجلد و بہ حسب شمار ابیات بانصد ہزار رسیدہ است در محرم ۹۵۸ این نور اتم پرتو ظہور بہ عالم عنصری داد و در ۱۰۵۲ھ بہ تمام آگہی و گشادہ پیشانی بہ عالم قدس خرامید تاریخ ولادت شیخ اولیاء (۹۵۸) و تاریخ رحلت فخر العالم است (۱۰۵۲) انتہی کلامہ الشریف۔

یعنی آپ قدس سرہ السامی کی شہرت نے جہان والوں کے کانوں کو نوازا، خوش کر دیا جس کان میں آپ کی شہرت کی آواز گونج اٹھی اور آپ کے محامد مبارکہ کی تحریر نے اجمالا ہو، وہ خواہ تفصیلا مورخین کے اقلام کو آراستہ کر دیا میں اپنے اس جریدہ میں چند سطور پر جو ایک پتھر کی تختی پر نقش کیے اور مزار فائض الانوار کے گنبد میں تعبیہ کیے ہیں اکتفا کرتا ہوں اجمالی طور پر اس مقتدای وقت صاحب المفاخر ابوالمجد عبدالحق رحمۃ اللہ رحمۃ واسعۃ کے احوال کرامت منوال یوں ہیں کہ جب آپ کو شعور ہوا اس وقت سے آپ قدس سرہ السامی حق جل مجدہ کی طاعت اور

طلبِ علم کے لیے کمربستہ ہو کر اوانِ بلوغ کے قرب تک (اس قلیل مدت میں) آپ نے، کثیر و بیشتر علوم حاصل کر لیے اور بائیس سال کی عمر میں ان تمام علوم سے فارغ ہوئے اور کلام مجید کو ازبر یاد کر لیا تو اِفادہ کی مسند پر نشست فرما کر جلوہ افروز ہوئے نیز آغاز و ابتدائے جوانی میں آپ کو الٰہی جاذبہ پہنچا ایک بارگی بارگاہِ ربّ نیاز سے دل برداشتہ ہو کر حرمین محترمین کی جانب متوجہ ہوئے اور عرصہ دراز تک ان مقامات مقدسہ میں اقامت اختیار کر لی اور وہاں پر آپ کو اقطابِ زمانہ اور اولیائے کبار رضی اللہ عنہم کی بہت صحبت میسّر ہوئی انہوں نے آپ کو بہت قیمتی اور گرانمایہ گرامی قدر امانتوں اور ارشادِ مریدان کی اجازتوں سے نوازا یعنی سلاسلِ مجاز کا مجاز بنا دیا ان کے علاوہ فن حدیث کی تکمیل کر لی تو بہت زیادہ برکات کے ساتھ اپنے وطن مالوف لوٹ آئے اور ظاہر و باطن کی جمعیت خاطر کے ساتھ باون (۵۲) سال قرار و ثبات و قابو پا کر فرزندانِ طریقت اور طالبانِ دین کی تکمیل کا فریضہ بجالایا اور نشرِ علوم، خاص کر علمِ شریف حدیث کی نشر و اشاعت کو آپ نے اس نہج و طریقے پر آراستہ کیا کہ دیارِ عرب و عجم میں متقدمین و متاخرین علماء کو وہ میسر نہ آسکا تو اس نہج پر آپ قدس سرہ ممتاز ہوا اور دیگر علماء سے مستثنیٰ ہوئے اور فنون علیہ علی الخصوص فن حدیث میں اتنی اور ایسی معتبر کتابیں تصنیف فرمائیں کہ زمانے کے تمام علماء نے ان پر غور شروع کر لیا تو آپ کی تصانیف کو دستور العمل پا کر دستور العمل بنا لیا اور آپ کی تصانیف کو عوام و خواص اپنی جانوں سے خریدتے ہیں فی الحال ولا کے چھوٹے بڑے تصانیف سو مجلّات تک موجود ہیں اور گنتی کے لحاظ سے آپ کے پانچ لاکھ ابیات ہیں محرم شریف میں ۹۵۸ اس نورِ اتم نے عالمِ عنصری پر تجلی کا ظہور فرمایا اور ۱۰۵۲ میں پوری آگہی اور دانش کے ساتھ خندہ پیشانی سے لذّت و ناز کے ساتھ عالم قدس کا راستہ اختیار کیا۔

میرے لیے یہ مزبورہ مذکورہ اسباب بواعث بنے اور یہ بواعث دامن گیر ہوئے تو جناب شیخ عبدالحق محدث دہلوی کے مزارِ اقدس پر حاضری دینے کا قصد کیا، دہلی روانہ ہوا فساد کا زمانہ تھا بہت خطرہ تھا میرے ساتھ دوسرا شخص بھی تھا مزارِ اقدس پہنچے دیکھا دروازہ مزار چن لیا گیا ہے دروازے کا اوپری حصہ کھلا تھا اس سے اندر گیا دیکھا وہی سنگ و تختی جس کا ذکر علامہ بلگرامی قدس السرہ نے "مآثر الکرام" میں کیا تھا دیوارِ مزار پر کنندہ تھا پڑھا یقین ہوا سلام کیا تین گھنٹوں میں پوری دلائل الخیرات شریف (میرا خیال ہے زور سے) بصوتِ جہیر ادب کے لہجے میں پڑھ لی دعا کی اور حبِ نبوی کی خوشبو میں معطر اور نہکت دمشک زعم و عمل مانگ لیا واپس الہ آباد آ گیا۔

کچھ عرصے کے بعد مجاہد ملت الہ آباد آئے حسب شفقتِ سابقہ مشفقانہ کلام سے نوازا میں نے عرض کیا کہ آپ دورۂ حدیث پڑھانا شروع کر دیجیے یہ مجلس جناب نظام الملۃ والدین کے دولت مدار دولت کدہ میں تھی آپ کا دولت کدہ الہ آباد میں ہے معتبر اور صاحب رائی حضرات حاضر تھے کچھ سوال و جواب کے بعد بغیبۃ میں دورۂ حدیث پڑھانے پر آپ قدس سرہ راضی ہوئے مدرسے کے لیے اچھے مدرسین کا تقرر بھی ہوا ان کے مشاہروں کا تقرر و تعیین بھی ہوا صرف میں ہی تھا جس کے لیے تنخواہ کا نام نہیں لیا علماء کرام و حاضرین نے باری باری بار بار جب میرا نام لیا اور تنخواہ کا استفسار کیا تو مجاہد ملت نے میری طرف ابوی نظرِ کرم سے رخ کیا میں نے عرض کیا "میں اہل جی کے مدرسے میں تدریس، تنخواہ پر نہیں کرتا" میرے اس کہنے پر آپ قدس سرہ اتنا خوش ہوئے کہ آپ نے مجھے اپنے پہلو سے لگا لیا فرمایا مجھے یہی امید تھی کہ آپ یہی کہیں گے۔ دورۂ حدیث کے آغاز و افتتاح سے پہلے اسی سال آپ رضی اللہ عنہ دارضاہ عنا سلطان پور میں گرفتار کر لیے گئے پرسانِ حال و دیدار کے لیے علماء و فضلاء سلطان پور جاتے رہے پر مجھ کو پیغام بھیجا کہ تم میری جگہ بیٹھ کر دورۂ حدیث پڑھاؤ تعمیل حکم و ارشاد کرتے ہوئے دورۂ حدیث پڑھانا شروع کر دیا آپ کی روحانی قوت و توجہ رہی اس سال کا دورۂ حدیث بڑا کامیاب رہا دورۂ حدیث کے ہمارے اپنے طلب بہت

خوش تھے۔ مخالفین طلبہ بھی آتے تھے پر اعتراض کی غرض سے سکھائے گئے سوالات کرتے تھے میں اُن کے سوال پر ایسا سوال وارد کرتا تھا کہ ان کے سوال بے کار و بے بس، بے کام و بے حس ہو جاتے تھے جب تسلیم کر لیتے تھے کہ ان کے سوال غلط ہیں تو اس پر میں کہہ دیا کرتا تھا کہ جب تک سائل اپنے سوال کی تصحیح نہیں کرتا اس کے سوال کا جواب دینا نادانی و حماقت ہے نتیجہ یہ ہوا کہ سال کے آخر میں دستار بندی کی تقریب ہوئی بلائے گئے علماء و فضلاء تشریف فرما و جلوہ گر ہوئے تقریب بہت کامیاب رہی۔

عرصہ دراز سے میرے دل میں فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت از بر طور پر پڑھنے یاد کرنے کا ارمان باقی رہا شوق موجزن تھا چاہتا یہ تھا کہ اسے کما حقہ پڑھ لوں اس کے لیے جناب سیدی مولانا شمس العلماء محمد نظام الدین قدس سرہ نے علامہ فہامہ ہندوستان کے اشہر متبحر، عدیم مفتی، شاہ ملک العلماء مولانا ظفر الدین صاحب الافغانی افضل ذالبہاری وصلا قدس سرہ السامی کو خط لکھا جس میں جامع کمالات الدکتہ علی استعدادی الکامل درج تھے جواباً خط بھیجا مضمون یہ تھا میں جسمانی طور پر کمزور ہوں اس طالب علم کو میں اس وقت نہیں پڑھا سکتا دعا کرتا ہوں اللہ تعالیٰ اس کے لیے اسباب پیدا فرمائے اس کے بعد میں کانپور گیا مشہور عالم رئیس المناظرین حضرت مولانا رفاقت حسین قدس سرہ السامی سے ملاقات ہوئی آپ مدرسہ حبیبیہ کے جلسہ دستار بندی میں بھی تشریف فرما ہوئے تھے آپ سے اس بارے میں میں نے ذکر کیا آپ نے مجھ سے فرمایا اس وقت آپ کو فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت پڑھانے والے صرف دو عالم موجود ہیں ایک ہیں ہند میں اور وہ ہیں مولانا سید غلام جیلانی صاحب جو میرٹھ میں ہیں اور دوسرا مولانا سردار احمد جو پاکستان میں ہیں میں نے پاکستان جانے سے انکار کیا تو فرمایا میں مولانا سید غلام جیلانی صاحب کو خط لکھتا ہوں پر آپ یہ یاد رکھیے کہ جس طرح وہ نسب کے لحاظ سے بادشاہ ہیں اسی طرح ان کا مزاج بھی ہے خط لکھ جس کا مضمون یہ تھا! یہ جناب مولانا محمد نظام الدین کے شاگرد رشید ہیں آپ سے فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت پڑھنا چاہتے ہیں۔ آپ چاہیں تو یہ مدرسہ کے طلبہ کو بھی پڑھا سکتے ہیں آپ جو وقت دینا چاہیں اس میں ان کو فواتح الرحموت پڑھا دیا کریں خط لے کر میں میرٹھ گیا میرے ساتھ بلاسپور کا شاہزادہ سید محمد نعیم جان آغا بھی تھے خط دیا دیکھ کر خوش ہوئے فرمایا فواتح الرحموت پڑھنا چاہتے ہو عرض کیا "جی" فرمایا اس شرط پر پڑھاؤں گا کہ آپ مدرسہ کے طلبہ کو پڑھائیں اور وقت بھی آدھا گھنٹہ دوں گا وہ بھی رات میں، میں نے عرض کیا بہت اچھا، طلبہ مجھ سے پڑھنا چاہیں تو، آپ نے کسی شاگرد کو آواز دی فواتح الرحموت مکتبہ میں عرصے سے رکھی گئی ہے وہ نکال کر لے آؤ پرانے زمانے کا طالب علم آیا ہے۔

میں نے پڑھانا شروع کر دیا طلبہ ایک ایک کر کے آئے بڑا ہال تھا دور فاصلے پر آپ قدس سرہ السامی پڑھا رہے تھے، مجھے پڑھاتے دیکھا بہت خوش ہوئے، فرمانے لگے، ہاں! نظام الدین کے شاگرد ہو! یہ فرمایا اس لیے کہ یوپی میں مولانا شمس العلماء محمد نظام الدین قدس سرہ السامی عقلی روشنی کے لحاظ سے بھی مشہور مشار الیہ بالبنان تھے علماء فرمایا کرتے تھے کہ مولانا نظام الدین کو تیس گز زیر زمین پانی نظر آتا ہے۔ آپ قدس سرہ السامی مجھے رات میں فواتح الرحموت پڑھاتے رہے اور فواتح الرحموت کی عظمت کے ہی خیال میں پڑھاتے رہے۔ فواتح الرحموت، مولانا بحر العلوم کی تصنیف ہے۔ یہ وہ جامع العلوم مقدس کتاب ہے جس میں سابق درس نظامی کے نصاب میں شامل تمام علوم و فنون و اصول کا ذکر و بیان اجمالاً شامل ہے اور کشف سے ثابت انواع العلوم پر بھی مشتمل ہے ہمارے ممالک کے تمام تجربہ کار علمائے کرام جانتے سمجھتے ہیں کہ ہمارے اسلاف نے جس فن میں جو کتاب لکھی ہے اس میں ہر فن کے اصول و مسائل درج کر دیے ہیں ہر فن کی ہر کتاب ہر فن کے اصول و مسائل پر مشتمل ہے میرے اور حضرت قدس سرہ کے زیر مطالعہ دونوں نسخے نولکشور کے چھاپے تھے ہر ہر صفحہ پر کتابت کی بہت سی غلطیاں تھیں آپ نے

مجھ سے فرمایا کہ ان غلطیوں کی تصحیح کیا کرو جس کلمے میں کاتب نے غلطی کی ہو اس پر صاد لکھ کر اس کا صحیح کلمہ حاشیہ پر لکھو میں دیکھ لیا کروں گا کوئی غلطی ہو تو اس کی تصحیح میں کروں گا اس کے لیے مجھے گہرا مطالعہ کرنا پڑتا تھا پر آپ کی نظرِ کرم اور آپ کی تعلیم و پڑھائی اور آپ کی بہتر تربیت کا یہ نتیجہ تھا کہ جتنے تصحیحات میں نے کر لیے ان سب کو آپ نے صحیح قرار دے دیا بڑے مہر و کرم کی نظر سے اور بڑی شفقت سے اپنے خداداد فصیح لہجے میں پڑھاتے تھے اور اس وقت میں محسوس کرتا تھا کہ جناب صدر المدرسین خود اصول و بدیع، بیان و علم معانی کا مجسمہ ہیں۔

علم معانی و بیان کی بدیع کتاب مطوّل جس کے سات سو اٹھاون (۷۵۸) صفحات ہیں مدرسے میں پڑھاتے رہے میں اس میں بھی شریک رہتا تھا اور میری شرکت سے قدس سرہ السامی بہت خوش رہتے تھے میں نے آپ قدس سرہ السامی کی تدریس و سلیقہ کو دیکھ لیا اور جان لیا کہ جس کو آپ نے جو پڑھا دیا جس نے آپ رضی اللہ عنہ سے جو پڑھا یا پڑھ لیا اُس نے یہ سمجھا کہ آپ اپنی فن میں امام ہیں پر میں نے آپ قدس سرہ السامی سے وہ پڑھ لیا ہے جو تمام علوم و فنون پر حاوی و مشتمل ہے اس لئے میں نے جان لیا اور میرا یہ جاننا مشاہدہ کی حقیقت پر مبنی ہے کہ میرے استادِ گرامی علوم و فنون میں یکتا اور امام ہیں۔

فواتح الرحموت اور فتوحاتِ مکیہ اور شرح مولانا بحر العلوم لمثنوی مولانا روم علم و عمل اور عقائدِ صحیحہ کی محک و کسوٹی ہیں فواتح الرحموت مولانا و سیدنا عبد العلی بحر العلوم الانصاری الہروی ثم اللکھنوی المدراسی کی مشہور تصنیفِ لطیف ہے۔

بحر العلوم قدس سرہ السامی نے بے شمار کتابیں ہر فن میں لکھی ہیں اور فتوحاتِ مکیہ کے سب سے بڑے عارف و عالم ہیں آپ نے مولانا روم کی مثنوی کے چھ دفتروں کی، فتوحات مکیہ کی روشنی میں تشریح فرمائی ہے جو شخص ان مقدس و بلند پایہ کتابوں کو جانتا، پڑھاتا یا پڑھا سکتا ہے وہ خود بھی علوم و فنون کا امام ہے اور امام کی پہچان کے لیے اُس کی رای بھی بہتر کسوٹی ہے اور اُس پر نص و دلیل بھی ہے کہ وہ رای حقیقت و مشاہدہ پر مبنی ہے اور اگر نہیں جانتا تو نہ تو وہ خود امام ہے نہ ہی امام کی پہچان کے لیے اُس کی رای نص و دلیل بن سکتی ہے وہ اگر کسی امام کو امام بھی کہہ دے اور اس کی جانب امامت کی نسبت بھی کر دے تب بھی اُس کی اُس نسبت کا اعتبار اور اس پر اعتماد نہیں ہو سکتا کہ اس کی اس نسبت کا مبنی اس کی ذاتی رای یا شنید ہے اور وہ نہ صرف یہ کہ ممکن الزوال ہے بلکہ قابل الزوال بھی ہے کہ شنیدہ کے بود مانند دیدہ اور وہ شخص جس کو حقیقت کا مشاہدہ ہو وہ اگر مخالف بھی ہو تب بھی وہ اُس نسبت و حقیقت کا انکار نہیں کرتا۔ ہر ذی عقل جانتا و مانتا ہے کہ سورج کی گرمی سے کوئی اگر جلتا بھی ہو تب بھی وہ سورج کی روشنی و گرمی سے انکار نہیں کرتا۔ میرے رہبر و مشفق استادِ اکرم صدر المدرسین جناب مولانا سید غلام جیلانی قدس سرہ السامی کا مخالف بھی اقرار کرتا تھا کہ آپ کا علمی و عملی مقام بہت بلند و بالا ہے گو وہ جلتا بھی تھا۔ یہ ان کا مقام رہا۔

رہے میرے شیخ و آقا، مجدد ملت، ہاں ہاں وہ مجاہد ملت جو ہمیشہ اور ہمیشہ آپ فتوحاتِ مکیہ کے مصاحب رہے تھے آپ کے بارے میں جناب صدر المدرسین قدس سرہ السامی کے قول کو نقل کرتا ہوں کہ ولی ولی را می شناسد امام کو امام جانتے ہیں۔ سیدنا الشیخ الاکبر رضی اللہ عنہ ارضاہ عنا فرماتے ہیں. لَا يَعْرِفُ اللّٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ لَا النَّبِيَّ اِلَّا النَّبِيُّ وَ لَا الْوَلِيَّ اِلَّا الْوَلِيُّ وَ اللّٰهِ مَا عَرَفَ اللّٰهَ اِلَّا اللّٰهُ (فتوحاتِ مکیہ، باب ۳۶۰، ص ۴۲، باب ۳۳۰، ص ۱۱۲) (اللہ کو اللہ ہی جانتا ہے نبی کو نبی ہی جانتے ہیں اور ولی کو ولی ہی جانتے ہیں اللہ تعالیٰ کی قسم اللہ کو نہیں پہچانا مگر اللہ نے)

فرمایا مجاہد ملت حضرت مولانا الحاج قدس سرہ السامی جن کا فقیر ممنونِ احسان بھی ہے کہ زمانہ تحصیل میں خیر آبادی نایاب حواشی

عاریۃً برائے مطالعہ عنایت فرمائے تھے۔ اور محقق دوانی کے غیر مطبوعہ حواشی برائے تحصیل۔ آپ درس نظامی کے پختہ کار استاد ہیں، آپ نے چند سال مدرسہ سبحانیہ الہ آباد میں لوجہ اللہ خدمات صدارت انجام دیں۔ قدرت نے نبوی صفت (عزیز علیہ ما عنتم) کا آپ کو مظہر اتم بنایا ہے۔

خنجر چلے کسی پہ تڑپتے ہیں ہم امیرؔ
سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے

فقہائے توحّب کا شیوع دیکھ کر تدریس کو خیر باد کہتے ہوئے مجاہدہ تبلیغ اختیار فرمالیا۔ دور اندیش احباب نے آل انڈیا تبلیغ سیرت الہ آباد کی عنان صدارت آپ کے مبارک ہاتھوں میں دے دی ہے۔

آپ کے مسند درس پر رونق افروز نہ ہونے سے بڑی کمی محسوس ہو رہی ہے۔ ص ۱۰، ص ۱۱، بشیر القاری،

صدر المدرسین اس فقیر کی تعلیم و تربیت میں خصوصی دلچسپی رکھتے تھے، مجھے بڑے شوق و بڑے کرم سے پڑھاتے تھے مجھے محسوس تو ہوتا تھا پر بیان میں کما حقہٗ نہیں آتا، مجھے یاد ہے میں ایک ضروری ذاتی کام سے دہلی گیا وہاں جناب حضرت زید ابو الحسن آغا کے یہاں شاہ ابو الخیر قدس سرہ السامی کی خانقاہ شریف میں ٹھہرا چند دن گذرے دیکھا میرٹھ سے ایک طالب علم آیا مجھے غالب گمان ہے کہ اس کا نام عبد اللطیف ہے بڑا خوش نویس ہے اور جناب صدر المدرسین قدس سرہ السامی کی خدمت اقدس میں ہمیشہ کمربستہ رہتا تھا میں نے آنے کا سبب پوچھا تو کہا کہ سب طلبہ سلام کہتے تھے آپ جلدی آیئے آپ ہوتے ہیں تو صدر صاحب خوب پڑھاتے ہیں، خیال رکھتے ہیں اور آپ نہیں ہوتے ہیں تو صدر صاحب پڑھاتے ہیں مگر جلال میں ہوتے ہیں لڑکے سوال نہیں کر سکتے۔ مجھے یہ بھی یاد ہے کہ دہلی میں مجھے کسی وزیر سے ملنا تھا اس کام کے لیے آپ خود بہ نفس نفیس مجھے لے کر لال کرتی کی چھوٹی سرکار نواب زادہ جناب محمد اسحاق صاحب کے ہاں تشریف لے گئے اطلاع پاتے ہی ننگے پاؤں آپ کے استقبال کے لیے نکلے اور پوچھا جب حال معلوم ہوا تو عرض کی حضرت! آپ حکم دیتے اس کام کے لیے خود تکلیف کیوں فرمائی آپ قدس سرہ السامی نے فرمایا یہ بہت اچھا طالب علم ہے پرانے زمانے کا طالب علم ہے میں نے چاہا کہ اس کے کام کے لیے خود آؤں۔

مجھے یہ بھی یاد ہے کہ آپ مجھے اعلیٰ حضرت عظیم البرکۃ کے عرس پر بریلی شریف لے گئے اسٹیشن پہنچے مجھے بہت خوب، جاں افروز دلنواز خوشبو آئی میں نے یوں سمجھا کہ چونکہ اعلیٰ حضرت عظیم البرکۃ کا عرس مبارک ہے۔ اس لیے لوگوں نے شہر پر خوشبو کا چھڑکاؤ کیا ہے جس سے شہر مہک گیا ہے اور اس کو حسب معمول سمجھا اس لیے سبب نہیں پوچھا اور یہی خیال بریلی شریف سے واپسی کے بعد بھی مدت تک دل میں قائم و باقی رہا بعد میں خیال آیا کہ شہر کی ذمک دمہک تو اعلیٰ حضرت عظیم البرکت کی درگاہ شریف کے سرچشمہ فیض کی تاثیر کا اثر رہا تھا جس سے پورا شہر مہک رہا تھا ورنہ کس کے بس میں ہے کہ اتنی خوشبو چھڑکا دے جس سے پورا شہر مہک جائے۔

شہر میں لاکھوں حاضرین و زائرین تھے بہر حال درگاہ و دربار پہنچے مفتی اعظم قبلہ نے صدر صاحب کے لیے اپنے دولت کدہ میں کمرا خالی کرایا تھا ہم داخل ہوئے اس میں سامان رکھ دیا اور قبلہ مفتی اعظم کی حضور میں حاضر ہوئے دربار میں آعاظم علماء و اشراف اس طرح خاموش بیٹھے تھے گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہیں اور وہ نہیں چاہتے کہ وہ اڑیں۔ مفتی اعظم قبلہ جلال میں تھے صدر صاحب نے مجھے آپ کے بالکل سامنے بٹھا دیا اور کہا یہ افغانستان کا ہے یہ میرا بہت اچھا شاگرد ہے پرانے زمانے کا طالب علم ہے، بہت قابل ہے (میرے حق میں بہت اچھے اور دینی محبت سے بھرے پیارے کلمات کہے) اس پر مفتی اعظم قبلہ کی نگاہ کرم سے مجھ پر شفقت ظاہر ہوئی مجھے اور قریب کرلیا اور اپنا

دستِ کرم میرے سر یا کاندھے پر رکھا اور بہت دیر تک اپنے حُسنِ آراحُسنِ بیان کلمات سے نوازا۔ اعلیٰ حضرت عظیم البرکت کے حسنات و علوم، استقامت و تقی و اتقی بیان فرماتے رہے اور مجھے دینِ متین مذہب مہذب اہلِ السنۃ والجماعۃ کی بہتر سے بہتر خدمت کرنے کی تلقین و وصیت فرمادی پھر ہم مزارِ اقدس پر حاضر ہوئے اس وقت دولت کدہ اور مزار اقدس کے درمیان کچھ میدانی فاصلہ تھا اس کے بعد حال یہ ہوا کہ جب اور جس گلی سے میں گزرتا تھا بڑے بڑے عظیم المرتبت، مشاہیر علمائے کرام مجھ سے ملتے تھے اور میرے ہاتھوں کو چومتے شرف بخشتے تھے آپس میں کہتے تھے یہ مولانا سیّد غلام جیلانی کا خاص شاگرد ہے اس وقت بھی میں جانتا تھا کہ ۔

گلے خوشبوئے در حمام روزے رسید از دست محبوبے بدستم
بدو گفتم کہ مشکی یا عبیری کہ از بوئے دلاویز تو مستم
بگفتا من گلے ناچیز بودم و لیکن مدتے با گل نشستم
جمالِ ہمنشیں در من اثر کرد وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم

کہ میں گارے کی دیوار ہوں پر مجھ پر میرے اساتذۂ کرام کا نور منور و جلوہ افگن رہا ہے تو لوگ مجھے نور سمجھنے لگے ہیں۔ اور اب تک میں یہی بات بڑے بڑے جلسوں میں کہتا رہا ہوں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ھَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ

تو تم دونوں اپنے رَبّ کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے

وَلَا بِشَیْءٍ مِّنْ اٰلَآءِ رَبِّنَا نُکَذِّبُ

ہم اپنے رب کی کسی بھی نعمت کو نہیں جھٹلاتے نہ جھٹلائیں گے

سبحان اللہ و بحمدہٖ ہمارے معظم، بے مثل و یکتائے زمان اساتذۂ کرام نے مجھے کثیر نعمتوں سے نوازا ہے ان کی نوازش کو اجمالاً میں نے اس نظم میں پرو دیا ہے اور اس اجمالی نظم کو ہمیشہ سے گاتا رہا ہوں وہ یہ ہے۔

بسیار کرم بے شمار رحمن کردہ پئے من کردہ پئے من
بسیار کرم باکثار کرم دادہ پئے من کردہ پئے من
ہر آن دم بدم ہر وقت و ہر دم صورت و سیرت و ثروت بیادم
دیدہ ام کرم خوردہ ام رحم ناری من نہ ام ناری نہ ہستم
نظام و رحمت ہم دین و سنت ختم ہمہ تن جیلانی کرم
آن دین و یقین نظام متین عقیدہ دارم نظام است و دین
آیات زمان ہر وقت و ہر آن یادت داد بمن و راحت داد بمن

نصیرم کردی بصیرم کردی	نصر اللہ عرشم ناری من نہ ام
نعیم ؛ یمن کبیرم دادی	کرم شاکرم کارزم من نہ کم ام
از ذات امن ممتاز زمن	امید کرم بخشا دارم
کلام مغنی سلام ولی	یا احمد کرم بشفع بے آرم
صفا و وفا سلام و تقی	دادی آموختی ای ذات مغنی
معقول ؛ منقول اصول و وصول	ناموختی آقا من عرشم نصیبی

فصلِ دوم

اِعْلَمْ اَیَّدَنَا اللّٰہُ وَ اِیَّاکَ آپ کو معلوم ہوا کہ کمل اَساتِذہِ کِرام نے مجھ کو نظرِ رحمت سے بالا شفقت سے پڑھایا علوم و فنون سکھایا، تہذیب و تمدن کی تربیت سے آراستہ کیا، درس و تدریس کی مشق و تجربہ سے شایستہ کردیا، رذیل صفاتِ الٰہی یہ جھوٹ، بہتان لگانے، ناجائز خواہش، حرص و لالچ، بخل، حسد و کینے، انتقامی جذبے، نفرت، کرسی کی محبت اور تکبر سے دور رکھا، اسی آراستہ و پیراستہ لباس میں جب میں پاکستان آیا اور شیخ الحدیث بہشت کشور جناب مولانا سردار احمد قدس سرہ السامی کے دیدار کے لیے لائل پور گیا وہاں اپنے ایک عزیز کے ہوٹل میں ٹھہرا جمعہ کا دن تھا جامعہ رضویہ گیا رقعہ لکھا نام کے ساتھ "فاضل الٰہ آباد" لکھا آپ قدس سرہ السامی کے شاگرد رشید سید زاہد شاہ کے ہاتھ حضرت تک بھجوایا۔ شاہ صاحب محترم نے کہا کہ پرچی دے کر واپس زینوں پر اتر رہا تھا کہ آپ نے آواز دی شاہ جی، شاہ جی یہ الٰہ آباد والے نہیں ہیں یہ میرٹھ والے ہیں اِن کو دفتر میں بٹھالو، ناشتہ کھلادو اور کہہ دو کہ اس وقت میں نے پسینہ لیا ہے میں ان سے ملوں گا، بٹھایا، ناشتہ کھلایا باتوں باتوں میں جمعہ کا وقت ہوگیا مسجد گیا، مسجد کا اندر و باہر بھرا تھا، نماز کے بعد نمازیوں کے اژدحام میں میں نے بھی مصافحہ کیا اور واپس ہوٹل گیا جہاں ٹھہرا تھا تین دن تک مجھے تلاشتے رہے ہوٹل کا پتہ چلا تو وہی شاہ صاحب آئے کہ حضرت صاحب ہم پر بہت ناراض ہوئے فرمارہے تھے ہمارے مہمان آتے ہیں تم ان کا خیال نہیں رکھتے پتا نہیں پوچھتے۔ ہم بہت پریشان تھے اب پتہ ملا تو آیا چلیے آپ کو حضرت صاحب نے بلایا ہے۔ حاضر ہوا چھت پر لے گئے میرا ہاتھ اپنے دستِ اقدس میں لیا پوچھا آپ میرے پاس رہو گے؟ میں نے کہا نہیں فرمایا اگر وہ لکھ دیں تو میں نے کہا رہوں گا فرمایا انہوں نے لکھ دیا اِن اِشارات کا مفہوم میں نے صاف طور پر سمجھ لیا کہ "وہ" اور "انہوں نے" سے اشارہ جناب صدرُ المدرسین کی جانب تھا حالانکہ لائل پور آنے یا ٹھہرنے کا میں نے جناب صدر صاحب سے کوئی تذکرہ نہیں کیا تھا نہ ہی انہوں نے اس قسم کا کوئی حکم دیا تھا بعد میں جناب صاحبزادہ صاحب، فضلِ رسول حیدر رضوی اللہ القوی تعالیٰ مجھ سے ملے تو فرمایا کہ ابا جی کے پاس جناب صدر صاحب کا خط آیا اس میں ابا جی کو لکھا کہ نصر اللہ خان اگر آپ کے پاس آیا تو ان کو اپنے پاس ایک سال کے لیے رکھ لیں دورۂ حدیث پڑھا دیں ان کے ساتھ جو سلوکِ کرم ہوگا تو میں سمجھوں گا کہ رشتانی کے ساتھ ہو رہا ہے (رشتانی صدر صاحب کے بڑے شہزادے کا نام نامی ہے) جب دورۂ حدیث کا آغاز ہوا تو عاشقِ صادقِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وصحبہٖ وسلم نے مجھ کو ہال میں اپنی مسندِ اقدس پر اپنی جانب راست بٹھالیا۔ دورۂ حدیث میں باقاعدہ رجسٹرڈ اکتالیس طلبہ تھے باہر سے سننے والے بہت آتے تھے۔ دورۂ حدیث میں آیاتِ بینات و احادیث شریف کے جو تقاریر و

وبیانات آپ قدس سرہ السامی کے ہوتے رہے اُن سب کو میں فصیح و بلیغ عربی میں قلمبند کرتا رہا صبح آٹھ بجے سے لے کر نمازوں کے وقتوں کے سوا۔ رات دس بجے تک پڑھاتے رہتے تھے رات کو راقم احادیث شریفہ کی کتب پر حواشی لکھا کرتا تھا۔

ایک دن ایسا ہوا کہ حسب معمول آپ کی مسند اقدس پر آپ کے قلب رو پہلو کے پاس بیٹھا تھا اور حسب دستور آپ کے تقاریر کو عربی میں قلمبند کرتا رہا نیند کا غلبہ ہوا بیٹھے بیٹھے سو گیا آنکھیں تو بند تھیں پر آپ قدس سرہ السامی کے بیانات کو فصیح و بلیغ عربی میں لکھتا رہا طلبہ سب مجھے تعجب سے دیکھ رہے تھے کہ سوتے میں یہ کیسا لکھ رہا ہے ان کو دیکھ کر جناب محدث ہفت کشور قدس سرہ السامی نے میری طرف رخ کیا دیکھ تو خوش ہوئے تو حسب عادت سابقہ فرمایا مولانا عجیب ہے مولانا عجیب ہے اس پر میں خواب سے بیدار ہوا دیکھا تو پورا صفحہ اس نیند کی حالت میں لکھ چکا تھا درس سے فارغ ہونے پر طلبہ آئے کاپی دیکھ کر متحیر و متعجب ہوئے رنگ یہ تھا کہ اس صفحہ کے لکھے ہوئے سطور نے محدث ہفت کشور قدس سرہ السامی کے اس روز کے بیانات کو عربی اور فصیح عربی کے بہت بہتر و خوبصورت لباس سے مزین کر رکھا تھا وہ صفحہ بڑا ہی آراستہ تھا۔

جناب محدث پاکستان کو جناب صدر المدرسین سے بڑی محبت تھی جب آپ قدس سرہ السامی کا ذکر کرتے تو فرماتے "ان کے "استاذ بھی فرماتے "آپ" کے استاذ "ان کے" اور "آپ کے" کا اشارہ میری طرف ہی ہوتا تھا کبھی کبھی فرمایا کرتے تھے فواتح الرحموت میں نے پڑھی ہے اور ان کے استاذ نے پڑھی ہے۔

دورہ حدیث کے اس سال یہ فقیر مسلسل پندرہ دن بیمار رہا اور اسباق میں شریک نہ ہو سکا دورہ حدیث کے طلبہ آئے بڑی محبت و لجاجت سے کہا کہ آپ کی تکلیف تو ہم دیکھ رہے ہیں پر دورہ حدیث کے طلبہ کی خواہش ہے کہ آپ دورہ حدیث ہال میں آ جایا کریں حضرت صاحب قبلہ درس تو دیتے ہیں لیکن دوران درس آپ کی بیٹھک کی طرف دیکھتے ہیں تو پریشان ہو جاتے ہیں اور اس ذوق و شوق سے نہیں پڑھاتے کہ جس وقت آپ کے ہوتے ہوئے پڑھاتے ہیں۔ دستار فضیلت کے وقت تمام طلبہ جو فارغ التحصیل ہوئے تھے ان کے لیے پانچ گز دستار فضیلت کا تعین ہمیشہ دستور رہا تھا صرف میرے لیے حضرت قدس سرہ السامی نے فرما دیا کہ مولانا نصر اللہ خان کی پگڑی (دستار فضیلت) سات گز کی ہوگی آپ قدس سرہ السامی کی مجلس اقدس میں یہ فقیر بھی بیٹھا تھا کہ مولانا معین صاحب شافعی مرحوم (ناظم یا نائب ناظم تھے) نے آپ قدس سرہ السامی سے خصوصی طور پر پوچھا کیا مولانا نصر اللہ خان کی پگڑی سات گز کی ہوگی؟ جواب فرمایا "ہاں" جب دوبارہ پوچھا تو آپ قدس سرہ السامی نے فرمایا ہاں ہاں مولانا کی پگڑی سات گز کی ہوگی شملہ بقدر علم تب اس پر عمل درآمد ہوا اور محدث اعظم ہفت کشور نے پاکستان کے عظماء، علماء، فضلاء و مشائخ سے اس عظیم مجلس اور مبارک تقریب میں سب سے اول میری تاج پوشی کرائی تو میں نے تاج رکھ دیا چونکہ اس مبارک تقریب میں قبلہ محدث ہفت کشور نے خاص الخاص اہتمام فرمایا تھا سات گز پگڑی کی خصوصیت تھی سند میں بھی حاصل شدہ ارقام درج کر دیے گئے تھے اور خاص الخاص سند امتیاز آپ قدس سرہ کا اس فقیر کے حق میں "شملہ بقدر علم" کا مبارک مقولہ تمام پاکستان میں مغربی ہو یا مشرقی طرہ امتیاز رہا تھا۔ ان سب وجوہات کی بناء پر راقم نے صدر المدرسین قدس سرہ السامی کی تشریف آوری کی خواہش کی آپ کو فصیح زبان میں خط لکھا اس خط میں دیگر شائستہ پیراستہ کلمات کے علاوہ ذیل کے یہ کلمات بھی لکھے۔

"یا سیدی یا سندی رزقنی اللہ رضاک" اس کے جواب میں آپ نے اپنے اس شاگرد کو ایک پوسٹ کارڈ لکھا جس میں لکھا تھا!

يا قرة عيني و فرحة قلبي رزقني الله تعالى لقاءك و من كل غبي و غوي حماك : عب التسليمات المقرونة بالدعوات المسنونة لا يحجب عليك أن الكتاب قد وصل : و السرور قد حصل : و ازداد بخبر التعميم فإنه من أنحاء التكريم : لا سيما في حضرة رأس الأتقياء : فإنه من أعظم النعم بلا امتراء : أما حضورنا في هذا الاجتماع فهو و إن كان حضور العيد بالإجماع : لكنه بدون الدعوة كالطير بلا جناح : بل كالصلوة بغير تكبيرة الافتتاح : فعدم الحضور على هذا العذر محمول : و العذر عند كرام الناس مقبول : قل لشيخ الحديث مر ناظم المكتبة الرضوية أن يعجل إرسال القرآن الكريم و الكتب المرضية فإنا بنار الانتظار محترقون : و أنتم هناك بنار الشتاء تصطلون : و اقرأ عليه مني التحية و السلام و سائر الأساتذة الكرام و السلام خير الختام فقط

ترجمہ: یعنی اے میری آنکھوں کی ٹھنڈک اور میرے دل کی خوشی اللہ تعالیٰ تیرا دیدار کرا دے اور تم کو ہر غبی و غوی کے شر سے محفوظ رکھے تسلیمات مسنونہ و مقرونہ دعوات وافرہ کے بعد آنکہ ایہ تم پر پوشیدہ نہ ہے کہ آپ کا مکتوب آپہنچا ہے اور خوشی حاصل ہو چکی ہے اور آپ کی دستار بندی کی اطلاع سے میری خوشی میں مزید اضافہ ہوا ہے کہ یہ تکریم و عزت افزائی کے اقسام میں سے بہت بڑی قسم ہے خصوصاً راس الاتقیاء (شیخ الحدیث) کے حضور میں بلا شک و شبہ کے بڑی نعمتوں میں سے ایک ہے رہی اس اجتماع میں میری حاضری وہ تو بالاجماع میرے لیے اگرچہ عید کی حاضری ہے پر بغیر دعوت دیے جانے کے ایسی ہے جیسے پرندہ بغیر پروبازو کے، بلکہ اس نماز جیسی ہے جس کے آغاز میں تکبیر افتتاح نہ کہی گئی ہو پس میرا نہ آنا اسی عذر پر محمول ہے اور شرفاء کے نزدیک عذر مقبول ہے اور شیخ الحدیث سے عرض کر دیں کہ کتب خانہ کے ناظم کو حکم دے دیں کہ قرآن کریم اور کتب مرضیہ جلد سے جلد بھیج دیں ہم تو یہاں پر انتظار کے آگ سے جل رہے ہیں اور آپ موسم سرما کی سردی میں آگ سے تپتے اور گرم ہوتے ہیں اور میری جانب سے آپ کو اور اساتذہ کرام کو سلام کہہ دو اور سلام بہتر اختتام ہے۔

(دستخط سید غلام جیلانی)

صدر المدرسین مدرسہ اسلامی عربی اندرکوٹ،

میرٹھ ۲۰ جنوری ۱۹۶۱ء

پتہ: مولانا احمد رضا خان

کوٹھی: B-77 بلاک-8،

گلشن اقبال، کراچی۔

فون: 4976783

Shaikh-ul-Hadeeth

Abul Fath-e-Muhammed Nasrullah Khan

The Chief Jurist of

Supreme Court of Afghanistan

سابق رئیس دار الافتاء
SUPREME COURT
Shaikh-ul-Hadeeth
Abul Fath-e- Muhammed Nasrullah Khan
The Chief Jurist
of
Supreme Court of Afghanistan